www.iqbalkalmati.blogspot.com

# یاقہارُ کے کرشمات

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ
پی ایچ ڈی (امریکہ)

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# فہرست



| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | حال دل | 11 |
| 2 | جنات نے گھر میں پتھر مارنا بند کردیئے | 13 |
| 3 | جادو کرنیوالے لڑکے کی رگ پھٹ گئی | 13 |
| 4 | 30 سال کے جناتی مسائل سے چھٹکارا | 13 |
| 5 | شریر چیزوں نے رونا چیخنا شروع کردیا | 14 |
| 6 | شدید بخار ایک دن میں اتر گیا | 14 |
| 7 | صرف ایک لفظ سے جادو ختم | 14 |
| 8 | شیطانی چیزوں نے گھر چھوڑ دیا | 15 |
| 9 | گھریلو لڑائی جھگڑوں سے نجات | 15 |
| 10 | سب خود حیران کہ جادو بندش 3 دن میں ختم | 15 |
| 11 | خراب طبیعت میں آپریشن کے بغیر بیٹا پیدا ہوا | 16 |
| 12 | بدنظری اور ایمان کی کمزوری کا ڈر ختم | 16 |
| 13 | دہشتگردی اور بیشمار دفعات کے مقدمے سے خلاصی | 16 |
| 14 | عمل کی برکت سے جناتی جادوئی اثر ختم | 17 |
| 15 | یاقہارُ کے ورد سے جادو ختم | 18 |
| 16 | ایک ہفتے میں نوے فیصد بیماری ختم | 19 |
| 17 | یاقہارُ سے پرسکون نیند | 20 |
| 18 | کالے جادوگر سے پریشان ایک مائی | 20 |
| 19 | کالے جادوگر کی توبہ۔۔۔! | 21 |
| 20 | یاقہارُ کے ذاتی مشاہدات | 21 |
| 21 | یاقہارُ اور شیطان کی ناامیدی | 22 |

www.iqbalkalmati.blogspot.com




| | | |
|---|---|---|
| 22 | یاقہارُ اور ازدواجی تعلقات | 22 |
| 23 | یاقہارُ کا کمال اور اولاد نرینہ | 22 |
| 24 | خبیث جنات سے چھٹکارا | 23 |
| 25 | بڑے پیٹ کا بدشکل ''جن'' | 23 |
| 26 | جنات کی شادی کی تقریب خراب ہوگئی۔۔! | 23 |
| 27 | خبیث جنات گھر چھوڑ کر جانے لگے!!! | 24 |
| 28 | یاقہارُ نہ پڑھ میں تمہیں مالا مال کردوں گی | 25 |
| 29 | جنات خواب میں اور حقیقت میں نظر آنے لگے! | 25 |
| 30 | شادی میں رکاوٹ ڈالنے والا جن | 26 |
| 31 | جو کام بڑے عامل کامل نہ کرسکے!!! | 26 |
| 32 | یاقہارُ کا فیض اور ملازمت کی بحالی | 27 |
| 33 | یاقہارُ کی مبارک روحانی کیفیات | 27 |
| 34 | اور میں خوفزدہ ہوگئی!!! | 27 |
| 35 | یاقہارُ کا ذکر اور جنات عورتوں کا بین کرنا | 27 |
| 36 | یاقہارُ کا حیرت انگیز کرشمہ | 28 |
| 37 | شدید درد میں بھی سکون | 28 |
| 38 | دوشیزاؤں کا شریر جنات سے چھٹکارا | 29 |
| 39 | دفن کیا ہوا جادو ٹوٹ گیا | 30 |
| 40 | مخالفین کی طرف سے خطرناک جادو زدہ اشیاء برآمد | 30 |
| 41 | یاقہارُ اور بیٹیوں کی شادی کا مسئلہ | 30 |
| 42 | بگڑی بن گئی، بندشیں ٹوٹ گئیں!! | 31 |
| 43 | مجھے عامل کامل مل گیا۔۔۔! | 31 |
| 44 | گھر کے برے، ابتر، بدتر حالات | 31 |

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| | | |
|---|---|---|
| 45 | شیطانی چیزیں گھر چھوڑ رہی ہیں | 32 |
| 46 | غیبی تعویذ غیبی انداز میں ملے! | 32 |
| 47 | یاقہارُ کے فضائل ہی فضائل | 33 |
| 48 | جیسے میرے دماغ پر کیل ٹھونک دی ہو! | 33 |
| 49 | دشمنوں اور جنوں پر ایسا قہر نازل ہوا کہ.....! | 33 |
| 50 | لڑکی پر آیا جن اور یاقہارُ کا ورد | 34 |
| 51 | بدن سے کوئی چیز نکل رہی ہو | 34 |
| 52 | اعمال کی طاقت کے سبھی معترف | 35 |
| 53 | غیر مسلم جنات اور یاقہارُ کا عمل | 35 |
| 54 | جناتی عورتوں کا امن معاہدہ کی درخواست | 35 |
| 55 | میرا ضدی بخار اور یاقہارُ کا عمل | 36 |
| 56 | اپنڈکس کا آپریشن اور یاقہارُ | 36 |
| 57 | پریشانیاں حل ہوگئیں۔۔۔! | 37 |
| 58 | اللہ نے غیبی اسباب بنادیے!!! | 37 |
| 59 | سسرال میں بڑی عزتیں ملی۔۔۔! | 37 |
| 60 | یاقہارُ کا ورد اور رونے کی آوازیں | 37 |
| 61 | یاقہارُ کی برکت | 38 |
| 62 | ڈر اور خوف ختم | 38 |
| 63 | اس عمل کی کیا بات ہے! | 39 |
| 64 | پورا خاندان بلاؤں کے گھیرے میں!! | 39 |
| 65 | نیک جنات کی وجہ سے حاجت پوری | 40 |
| 66 | کالے جادو سے 5 روز میں نجات | 40 |
| 67 | ناامیدی/پریشانیوں سے چھٹکارا | 40 |

www.iqbalkalmati.blogspot.com




| | | |
|---|---|---|
| 41 | یاقہارُ اور ناکام جادوگر | 68 |
| 41 | تڑپتی بھینس اور یاقہارُ | 69 |
| 42 | میں چلنے کے قابل ہوگئی | 70 |
| 42 | یاقہارُ سے شوہر کا قہر کم کریں | 71 |
| 42 | بے جان جسم میں جان آگئی | 72 |
| 43 | ساری بیماریاں ختم | 73 |
| 43 | یاقہارُ نہ پڑھ میں تمہیں مالا مال کردونگی | 74 |
| 45 | بچیوں کو شریر جنات سے چھٹکارا مل گیا | 75 |
| 45 | یاقہارُ کا خاص الخاص عمل اور عامل | 76 |
| 46 | یاقہارُ کا ورد اور رونے کی آوازیں | 77 |
| 47 | ناامیدی' پریشانیوں سے چھٹکارا | 78 |
| 47 | میں چلنے کے قابل ہوگئی | 79 |
| 48 | ایک ہی دن میں مالک دکان بن گیا | 80 |
| 48 | اکیس سال پرانا جادو ختم | 81 |
| 49 | شریر جنات سے جان چھوٹ گئی | 82 |
| 49 | معذور کردینے کی دھمکی | 83 |
| 50 | یاقہارُ کے ورد سے بہتری ہی بہتری | 84 |
| 51 | یاقہارُ کے کمالات | 85 |
| 54 | یاقہارُ سے گھر میں سکون | 86 |
| 54 | یاقہارُ کی برکت سے معذور بھائی ٹھیک | 87 |
| 55 | یاقہارُ نے اسی فیصد مسائل حل کردیئے | 88 |
| 58 | یاقہارُ کے عمل سے کمر درد ٹھیک | 89 |
| 58 | یاقہارُ اور بوڑھی چڑیل | 90 |

www.iqbalkalmati.blogspot.com




| | | |
|---|---|---|
| 91 | یاقہار نے ناامیدی کو امید میں بدل دیا | 59 |
| 92 | جنات کے رونے کی آوازیں | 60 |
| 93 | یاقہار اور جن سے لڑائی | 61 |
| 94 | ہفتہ میں کئی سال کا بیمار صحت یاب | 61 |
| 95 | موتی مسجد اور یاقہار کی خوشبو | 62 |
| 96 | یاقہار اور خوفناک چڑیل | 62 |
| 97 | یاقہار سے بدبو کا خاتمہ | 63 |
| 98 | پیدائشی دوست سے مشکلات آسان | 64 |
| 99 | صحابی بابا نے ہمت بندھائی | 64 |
| 100 | بے سکونی سکون میں بدل گئی | 65 |
| 101 | یاقہار سے روزگار ملا | 65 |
| 102 | یاقہار کا فیض | 66 |
| 103 | یاقہار پڑھیں جلد شادی کروائیں | 66 |
| 104 | بیماری سے شفاء | 66 |
| 105 | کالے جادو سے نجات | 67 |
| 106 | مشکلات کا حل | 67 |
| 107 | یاقہار سے سب ٹھیک | 68 |
| 108 | یاقہار سے سکون | 68 |
| 109 | یاقہار نے مشکلات سے نکالا | 69 |
| 110 | سب ہی مسئلے حل ہوگئے | 69 |
| 111 | یاقہار نے سب ٹھیک کردیا | 70 |
| 112 | یاقہار کے خاص الخاص عمل کا طریقہ | 71 |
| 113 | بال بال جنات کے جادو سے اٹا ہوا | 72 |

www.iqbalkalmati.blogspot.com




| | | |
|---|---|---|
| 114 | جنی بولی یہ مجھے اچھا لگتا ہے | 74 |
| 115 | یاقہار پڑھا اور کالا جادو اُلٹا پڑ گیا | 74 |
| 116 | جن نے یاقہار پڑھنے پر طلاق دیدی | 75 |
| 117 | یاقہار سے برسوں کا جادو ختم | 76 |
| 118 | بدترین جادو کا کامیاب توڑ | 77 |
| 119 | تعویذ نبویؐ سے بھانجی پر آیا جن جل گیا | 77 |
| 120 | مسلسل سر درد اور ڈراؤنے خوابوں سے نجات | 78 |
| 121 | یاقہار کا ورد اور پوری دنیا کی سیر | 79 |
| 122 | تقریب ختم القرآن کا خاص تحفہ | 80 |
| 123 | اسم یاقہار کے کمالات و کرشمات اور ہندو جن کی فریاد | 80 |
| 124 | محمد شاہ رنگیلا کے دربار میں صاحب کمال کا مقام | 81 |
| 125 | ہندو پنڈت کا اسلامی ننگی تلوار کا تحفہ | 81 |
| 126 | رنگیلا کے دور میں جنات پر ٹوٹا اسم یاقہار کا قہر | 82 |
| 127 | اسم یاقہار کے کمالات پر سوا تین گھنٹے کا مفصل بیان | 82 |
| 128 | اسم یاقہار خاص الخاص عمل | 83 |
| 129 | اسم یاقہار اور پڑھے لکھے عالم جن کے مشاہدات | 84 |
| 130 | اسم یاقہار اور علامہ لاہوتی پر اسراری کا ذاتی مشاہدہ | 84 |
| 131 | فیکٹری پر جنات کا قبضہ | 85 |
| 132 | پر اسرار میت پر پر اسرار لوگوں کا بین کرنا | 85 |
| 131 | ہندو جنات تکالیف دیتے رہے | 86 |
| 132 | اک دھماکہ ہوا، مٹی اڑی، اور چیخ و پکار شروع ہوگئی | 86 |
| 133 | بری عادات، اور غلط عادات کے عادی متوجہ ہوں | 87 |
| 134 | خوفناک چیخ سے پہاڑ اور پورا ویرانہ دہل اٹھا | 87 |


مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com




| | | |
|---|---|---|
| 135 | حرام مال، فتنوں کا باعث ہوتا ہے | 88 |
| 136 | پرانے کھنڈرات میں شریر جنات کا وجود | 88 |
| 137 | جوان لڑکے، لڑکیوں میں ظاہری عیوب کی اصل وجہ | 89 |
| 138 | خوبصورت سی مخلوق میرے جسم، آنکھوں کو چومتی ہے | 89 |
| 139 | ہارون آباد کا زمیندار، جنات کا داماد | 89 |
| 140 | مالدار جننی کی زمیندار سے زبردستی شادی | 90 |
| 141 | کوہِ قاف کی پری سے نئی شادی کی امنگ | 90 |
| 142 | دولت، مال، چیزیں اور انعامات بارش کی طرح برسے | 90 |
| 143 | اب جناتی اولاد کی فکر ہو رہی ہے۔۔۔۔!!! | 92 |
| 144 | جنات سے شادیوں کے کیس | 91 |
| 145 | مسلمان، جن بیوہ جننی کا خواہش نکاح | 93 |
| 146 | مسلمان، جن بیوہ جننی کا منتیں کرنا۔۔۔۔! | 93 |
| 147 | نہایت حسین و جمیل فقیرنی | 94 |
| 148 | وہ فقیرنی نہیں، جننی تھی | 94 |
| 149 | اُس کی شادی ہوگئی | 96 |
| 150 | شادی کی داستان، آپ بھی پڑھیں | 96 |
| 151 | بیس بائیس سال عمر والی عورتوں کا اغوا | 97 |
| 152 | افریقہ کے گھنے جنگلات کا لاہوتی سفر | 97 |
| 153 | افریقہ کے ایک نہایت عبادت گزار جن سردار کی تعزیت | 97 |
| 154 | عبادت گزار جن سردار کی اپنے بیٹے کو نصیحت و وصیت | 98 |
| 155 | یاقہارُ کے وظیفے کا اذنِ عام | 99 |
| 156 | جنات کے سردار کی آمد | 99 |
| 157 | کبوتر کے ذریعے جادو | 99 |

www.iqbalkalmati.blogspot.com




| | | |
|---|---|---|
| 158 | یاقہارُ اور جادوگر جن کی چیخیں | 101 |
| 159 | افریقی ہیبت ناک جن کی آمد | 102 |
| 160 | ہیبت ناک جن کے انسانی عورتوں سے عشق و معاشقے | 103 |
| 161 | بزرگ کی نظر سے دنیا بدل گئی | 104 |
| 162 | بابا جن کا بتایا آزمودہ عمل | 105 |
| 163 | لاہور کا شاہی قلعہ اور بونے جنات کی شادی | 106 |
| 164 | شاہی قلعے کے تہہ خانے میں تین درویشوں کی تربت | 107 |
| 165 | بونے جنات کا شاہی قلعے میں ہمارا استقبال | 107 |
| 166 | شاہی قلعے کے جنات کے داروغہ کی بیٹی کی شادی | 108 |
| 167 | بونے جنات کا دسترخوان | 109 |
| 168 | شاہی قلعے کے اندر طلسماتی محل کی سیر | 109 |
| 169 | وہ پتھر کوئی انوکھی سی چابی تھی | 110 |
| 170 | طلسماتی محل کے اندر عجیب چہل پہل | 110 |
| 171 | سفید پتھر کا سفید محل......! | 111 |
| 172 | سفید پتھر کی تختیاں اور تحریریں | 111 |
| 173 | یاقہارُ سے شریر دنیا بہت زیادہ پریشان | 113 |
| 174 | میرے قریب آکر وہ شعلہ پھٹا | 113 |
| 175 | شریر جنات کی فریاد..............! | 114 |
| 176 | عبقری کے اس سلسلے کو بند کیوں نہیں کرتے....؟ | 114 |
| 177 | بائبل کی امن، رواداری، درگزر کی تعلیمات | 115 |
| 178 | خیر اسی میں ہے کہ تم مسلمان ہوجاؤ | 116 |
| 179 | جنات کا پیدائشی دوست | 117 |
| 180 | اسم یاقہارُ ...اور خبیث جنات کا شکوہ | 119 |

www.iqbalkalmati.blogspot.com




| | | |
|---|---|---|
| 181 | یاقہارُ پڑھا اور جنی چیختی ہوئی بھاگ گئی | 120 |
| 182 | یاقہارُ کا دیوانہ | 121 |
| 183 | یاقہارُ نے خبیث جنات سے نجات دلادی | 121 |
| 184 | یاقہارُ کا فیض۔۔۔!!! | 122 |
| 185 | یاقہارُ سے گھریلو الجھنیں مسائل ختم | 123 |
| 186 | یاقہارُ نے جادو ختم کردیا | 123 |
| 187 | تنگدستی ومشکلات ختم | 124 |
| 188 | شیطانی' جناتی' طاغوتی' کالی دنیا کو توڑنے کی تلوار | 124 |
| 189 | ملک شام میں ختم القرآن کی تقریب | 124 |
| 190 | یاقہارُ کا اجتماعی ذکر | 125 |
| 191 | یاقہارُ کی تاثیر نے پہاڑ ہلا دیئے | 125 |
| 192 | عرب عالم انسان سے جنات میں ملاقات | 125 |
| 193 | یاقہارُ کا اجتماعی ذکر ہرگز نہ کریں | 126 |
| 194 | بچپن سال سے یاقہارُ کا ذکر | 126 |
| 195 | یاقہارُ کے فائدے شامی عالم کی زبانی | 126 |
| 196 | گناہ کی راہوں سے نجات | 127 |
| 197 | شراب وشباب کی محفلوں سے چھٹکارا | 127 |
| 198 | گناہوں سے بچنا ہے تو یاقہارُ پڑھو | 128 |
| 199 | نسلوں کو سنوارنے کا عمل | 128 |
| 200 | بدمعاش اور شریر جن کی توبہ کی المناک کہانی | 129 |
| 201 | جنات کی من پسند عورتیں | 129 |
| 202 | گناہ کرنے کیلئے قریب جاتا تو اندھا ہوجاتا | 129 |
| 203 | سچ بتا تیرے پاس کونسا طلسم ہے | 130 |

www.iqbalkalmati.blogspot.com





| | | |
|---|---|---|
| 204 | بس میرے دل کی کایا پلٹی اور۔۔۔! | 130 |
| 205 | اگر اپنی نئی نسل کو بچانا ہے تو۔۔۔ | 131 |
| 206 | یاقہّارُ کی انوکھی تاثیر اور سچائی | 131 |
| 207 | نوجوان کی کہانی | 132 |
| 208 | توبہ وندامت کے آثار | 133 |
| 209 | کوئی طاقت تھی جو گناہ سے روکتی تھی | 133 |
| 210 | امام محمد باقر رحمۃ اللہ علیہ کا ملفوظ | 134 |
| 211 | نیکی کی طرف لانے کا وظیفہ | 135 |



مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

یاقہّارُ کے خاص الخاص عمل کا طریقہ صفحہ نمبر 136 پر دیا گیا ہے

## (اہم بات)

حتی الامکان کوشش کی گئی ہے کہ الفاظ' آیات میں کوئی غلطی نہ ہو' لیکن پھر بھی ہم ہر پل اپنے آپ کو قابل اصلاح سمجھتے ہیں۔ آپ کی تحقیقی نظر کہیں بھی کوئی غلطی یا قابل اصلاح پہلو کی طرف جائے اطلاع کیجئے' شکرگزار رہیں گے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# حال دل

قارئین! جب سے انسان راہ حق سے بھٹکا اسے بہت سی آزمائشوں، دکھوں اور تکلیفوں کا سامنا کرنا پڑا۔ لوگوں کی ان مشکلات کو دیکھتے ہوئے نام نہاد جادوگروں نے اپنے اڈے سجا لیے اور اپنی باتوں سے سادہ لوح لوگوں کو لوٹنا شروع کر دیا۔ ابھی پچھلے دنوں ایک خط پڑھا جس میں یہ واقعہ لکھا تھا کہ ایک جعلی عامل نے گرم سلاخوں سے داغ کر ایک خاتون کو مار ڈالا، خاتون کا شوہر جن اتروانے کیلئے نام نہاد عامل کے پاس لایا جس نے اپنے جن اتارنے کے عمل کے دوران خاتون کے جسم کو گرم سلاخوں سے داغا اور ڈنڈے بھی مارے جس سے خاتون موقع پر ہی ہلاک ہوگئی۔

جادو کی تاریخ انسانی تاریخ کی مانند بہت قدیم ہے جادو ایک علم ہے جس کے ذریعے لوگوں کے دلوں میں وسوسے پیدا کر کے انہیں سیدھے راستے سے بھٹکایا جاتا ہے اور یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ جادو کا بانی ابلیس تھا جس نے انسانوں کے دلوں میں وسوسے ڈالے اور انہیں گمراہ کرنے کا چیلنج کیا تھا اور خدا نے اس کے وسوسوں سے بچنے کی تاکید کی تھی۔ وقت کے ساتھ ساتھ جیسے حق کی قوتیں کام کرتی رہیں ویسے ہی بدی کی طاقتیں بھی اپنا اثر ورسوخ بڑھاتی رہیں اور بدی کا ساتھ دینے والے شیطانی علوم سے عوام الناس کو مختلف مصائب میں مبتلا کرتے رہتے ہیں۔

معاشی، سماجی اور گھریلو حالات سے پریشان ہو کر لوگ ان کے پاس چلے جاتے ہیں اور ان کی چکنی چپڑی باتوں میں آ کر اپنا سب کچھ حتی کہ دین اور ایمان بھی گنوا بیٹھتے ہیں جبکہ عورتیں گھریلو جھگڑوں جیسے شوہر بیوی کی ناچاقی، ساس بہو کا مسئلہ، نندوں کے طعنوں سے تنگ آ کر ان کے پاس جاتی ہیں جن میں سے اکثر اپنی عزت بھی گنوا دیتی ہیں۔ یہ کالے جادوگر لوگوں کو اپنی طرف راغب کرنے کیلئے بلند و بانگ دعوے کرتے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہیں اور خود کو روحانی سکالر، روحانی ڈاکٹر، عاملوں کا سردار، جنات کا بادشاہ، موکلوں کا مالک اور پیر کامل اور جنات والے ظاہر کرتے ہیں اور اپنا تعلق بنگال، کیرالا، کالی گھاٹ، تبت، نیپال، وار سندر کے ہندو پجاریوں سے ملاتے ہیں اور لوگوں کو دھوکہ دیکر ان سے ہزاروں روپے بٹور لیتے ہیں ان لوگوں کی وجہ سے آج ہر دسواں گھر نت نئے مسائل میں مبتلا ہو چکا ہے اور معاشرے میں کفر اور شرک پھیلانے کا سبب بھی بن رہے ہیں۔ ایک طرف جعلی عاملین نے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے تھے تو ایسے میں ماہنامہ عبقری میں حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم نے ان جعلی عاملین کے خلاف اعلان جنگ کرتے ہوئے ''جنات کا پیدائشی دوست'' کے نام سے اپنا کالم شائع کرنا شروع کر دیا۔ آپ دامت برکاتہم نے امت کی دکھتی نبضوں پر ہاتھ رکھا اور مسائل اور جادو جنات سے چھٹکارا کیلئے اپنے سالہا سال کے مشاہدات اور تجربات کے جواہرات کی تجوری کھولی اور اس میں سے انمول موتی' انمول خزانے' انمول ہیرے اور انمول تجربات و مشاہدات مخلوق خدا کو بانٹے۔ انہی خزانوں میں سے ایک خزانہ ''یاقہار'' بھی ہے۔ جب سے یہ خزانہ انہوں نے مخلوق خدا کو ہدیہ کیا ہے۔ اس سے نفع پانے والوں کی ڈھیروں ڈاک' ٹیلی فون کالز' انٹرنیٹ' فیس بک' ٹیوٹر پر پیغامات موصول ہو رہے ہیں۔ بہت سے لوگوں کے گھروں کے حالات ٹھیک ہوئے' جادو جنات' سفلی علم' کالا علم' تعویذی اثرات اور نہ حل ہونے والے مسائل حل ہوئے۔ اس عمل سے ان کے ناممکن کام ممکن ہو گئے اور یہ کتاب دراصل یاقہار کے ان فضائل و مشاہدات پر مشتمل ہے۔ جو لوگوں نے خود آزمائے اور جاگتی آنکھوں سے اپنے مسائل حل ہوتے دیکھے۔ آپ بھی پڑھیں اور جو نفع ہو ضرور لکھیں۔

**خواستگار اخلاص و عمل**

**حکیم محمد طارق محمود چغتائی مجذوبی عفی اللہ عنہ**

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## جنات نے گھر میں پتھر مارنا بند کردیئے

السلام علیکم! ہمارے گھر میں قبلہ رخ کی سمت میں سے تھوڑا سا ہٹ کر مٹی کے پتھر آتے تھے یہاں تک کہ شام سے آہستہ آہستہ ان تعداد زیادہ ہونا شروع ہوگئی اور حتیٰ کہ دن کے کئی اوقات میں آنا شروع ہوگئے گھر والے بہت پریشان ہوگئے۔ انہوں نے کہا فلاں کو جلاؤ فلاں کو بلاؤ میں نے کہا بس سب لوگ یاقہارُ پڑھو۔ جب سب نے پڑھنا شروع کیا تو پہلے ہی دن معاملہ ختم ہونا شروع ہوگیا اور دو تین دن پڑھنے کی برکت سے الحمدللہ معاملہ بالکل ختم ہوگیا۔

اسی طرح ہمارے پیچھے والے گھر میں بھی یہی معاملہ تھا ان کے گھر میں مٹی کے پتھر آکر ٹکراتے تھے جب دیکھتے تو غائب ہوجاتے اور وہاں پر کچھ نہیں ہوتا تھا۔ میں نے انہیں بھی یاقہارُ پڑھنے کیلئے دیا۔ انہوں نے پڑھنا شروع کیا تو ان کا مسئلہ بھی حل ہوگیا۔ (ت۔ص، لاہور)

## جادو کرنیوالے لڑکے کی رگ پھٹ گئی

میں ایبٹ آباد گیا تو وہاں پر ایک مریضہ مجھے ملیں جو 5 سال سے بیمار تھیں ان کی طبیعت بہت خراب تھی اور کافی عرصہ آئی سی یو وارڈ میں بیہوش بھی رہیں انہوں نے بہت جگہ سے علاج کروایا لیکن شفایاب نہیں ہوئیں۔ میں نے انہیں یاقہارُ کا وظیفہ دیا اور کہا کہ آپ اسے پڑھیں ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ انہوں نے جب پڑھنا شروع کیا تو ان کے گھر کے ساتھ ہی ایک گھر تھا جو ان پر جادو وغیرہ کروارہے تھے وہ لڑکا جو ان پر جادو کرنے میں شامل تھا اس کے دماغ کی رگ پھٹ گئی جب وہ ہسپتال سے ٹانکے لگوا کر گھر آیا تو اس کے ٹانکے ٹوٹ گئے۔ میں نے انہیں کہا کہ آپ یہ وظیفہ چھوڑ دیں اور انہیں دوسرا وظیفہ دیا اور وہ صحت یاب ہوگئیں (ح۔ق)

## 30 سال کے جناتی مسائل سے چھٹکارا

ہماری گلی میں ایک خاتون نے آکر کہا کہ ہمیں کچھ جناتی چیزیں ڈراتی ہیں میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



نے ان جناتی چیزوں کو دیکھا ہے۔ میں نے انہیں عبقری میں چھپا ہوا ایک عمل چراغ میں 7 مرتبہ لفظ یاقہار لکھ کر چراغ جلا کر اسے دیکھ کر پڑھتے رہنا ہے اور ساتھ میں "یاقہار" کا وظیفہ پڑھنے کیلئے دیا۔ انہوں نے 41 دن یہ عمل جاری رکھا جس سے 30 سال سے ختم نہ ہونے والے جناتی مسائل اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے ختم کر دیئے۔ (محمد علی صاحب)

## شریر چیزوں نے رونا چیخنا شروع کر دیا

السلام علیکم! پہلے بھی ہم کلمہ طیبہ پڑھتے تھے اور ہمارے گھر میں بہت زیادہ چیزیں تھیں اور میں ایک مرتبہ یہاں تسبیح خانے آیا تھا اور کیپٹن صاحب نے مجھے بتایا تھا کہ آپ "یاقہار" پڑھیں وہ میں نے 11 تسبیحات پڑھ لیں ہیں جس سے وہ چیزیں آئیں اور کہتی تھیں کہ نہ پڑھو لیکن میں پڑھتا رہا اب یہ حال ہو گیا ہے کہ وہ روتی ہیں چیختیں ہیں اور کچھ مر بھی گئیں ہیں لیکن ابھی وہ جانے کا نام نہیں لے رہیں۔ وہ چیزیں چیخیں اتنی زور سے مارتی ہیں کہ نیچے والی منزل پر آوازیں جاتی ہیں۔

(وقاص صاب)

## شدید بخار ایک دن میں اتر گیا

میرے ایک دوست کو بہت شدید بخار ہو گیا جو اترنے کا نام نہیں لے رہا تھا میں نے اسے یاقہار پڑھنے کیلئے کہا تو اس نے 100 مرتبہ پڑھا تو اس کا بخار ایک ہی دن میں اتر گیا۔ (مجیب اللہ صاحب

## صرف ایک لفظ سے جادو ختم

السلام علیکم! میرا نام عاصم حمید اور میں گوجرانوالہ سے آیا ہوں میں نجی اخبار کا بیورو چیف ہوں ہمارا شعبہ بہت شکی مزاج کا ہے کچھ عرصے سے آپ کا عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں جس میں یاقہار کا عمل پڑھا تھا وہ ہم دونوں میاں بیوی نے پڑھنا شروع کر دیا اس سے اتنے تعویذ گنڈے، جادو جنات کے اثرات ختم ہوئے ہیں کہ ہم

www.iqbalkalmati.blogspot.com


سوچ بھی نہیں سکتے۔ حالانکہ پہلے ہم اپنے حالات کی بہتری جس کے پاس بھی جاتے تھے سب یہی کہتے تھے کہ آپ پر کسی نے بہت جادو وغیرہ کیا ہوا ہے۔ صرف ''یاقہّارُ'' پڑھنے کی برکت سے وہ سب کے سب ختم ہو گئے ہیں۔

(عاصم حمید صاحب، گوجرانوالہ)

## شیطانی چیزوں نے گھر چھوڑ دیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم! میرا نام عبدالرحمن ہے اور لاہور ہی کا رہائشی ہوں۔ میں آپ کو یاقہّارُ کے عمل کے فوائد بتانا چاہتا ہوں۔ گھر میں سخت پریشانی تھی جو پتہ نہیں کہاں سے بد اثرات پیدا ہو گئے تھے۔ میں نے یاقہّارُ کا عمل کرنا شروع کر دیا تو الحمدللہ اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ دو تین بدروحیں گھر سے نکل رہی ہیں۔ پھر کچھ دنوں بعد دیکھا کہ ایک شیر ہڈی چبا رہا ہے اور کچھ دنوں بعد ایک دیکھا کہ ایک شخص پانی چھڑک رہا اور کہہ رہا ہے کہ یہ رحمت کا پانی ہے اب سب ٹھیک ہو جائے گا۔

(عبدالرحمٰن صاحب، لاہور)

## گھریلو لڑائی جھگڑوں سے نجات

ایک صاحب کہنے لگے کہ میں آپ دامت برکاتہم کا رسالہ بڑے شوق سے پڑھتا ہوں۔ آج سے چند ماہ پہلے تک میرے گھریلو حالات بڑے خراب تھے ہر وقت کسی نہ کسی مسئلے میں الجھن کی وجہ سے ہمارے گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا تھا۔ ایک دفعہ میں نے رسالے میں یاقہّارُ کا وظیفہ پڑھا تو اس کا معمول بنا لیا۔ روزانہ بکثرت یہ لفظ پڑھتا رہتا ہوں تو الحمدللہ اس کی بہت تاثیر ملی اب لڑائی جھگڑا بھی نہیں ہوتا اور گھر میں امن سکون ہو گیا ہے۔ (س۔ر، کراچی)

## سب خود حیران کہ جادو بندش 3 دن میں ختم

ہم پر جادو اور بندش کا عمل کروایا گیا تھا جس کا اثر ہم نے خود محسوس کیا لیکن پھر اس نیت سے یاقہّارُ کا ورد شروع کر دیا اور صرف 4,3 دن میں ہی 2 لاکھ مرتبہ کا ورد کیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com


الحمدللہ اس سے نہ صرف جادو ختم ہوگیا بلکہ ہم پڑھنے والے خود حیران ہو گئے کہ یہ اتنا طاقتور لفظ ہے۔(محمد یوسف صاحب)

## خراب طبیعت میں آپریشن کے بغیر بیٹا پیدا ہوا

میری بہو کا ڈلیوری کیس ہونا تھا رات کے وقت ہسپتال والوں نے اسے بلایا تو ساری رات گزر گئی صبح جب میں نے اپنی بیگم کو فون کر کے پوچھا تو وہ رو رہی تھی اور پریشانی سے بتانے لگی کہ ڈاکٹر کہتے ہیں آپریشن کرنا پڑے گا اور حالت زیادہ ہی خراب ہے۔ میں نے کہا صرف پانچ منٹ انتظار کرو ابھی اللہ پاک کرم فرمادے گا۔ میں نے کہیں سے پڑھا تھا کہ 100 مرتبہ یاقَہّارُ پڑھنے سے اسی وقت مشکل آسان ہوجاتی ہے۔ میں نے جونہی یہ عمل کیا اور دوبارہ فون کیا تو بیوی خوش ہوکر بتانے لگی کہ اللہ پاک نے بغیر آپریشن کی ہی بیٹا عنایت فرمادیا ہے۔

(گلزار احمد صاحب، کوہاٹ)

## بدنظری اور ایمان کی کمزوری کا ڈر ختم

مجھے بہت زیادہ بدنظری تھی اور اکثر ایمان کا بھی اندیشہ ہوتا تھا کہ پتہ نہیں ایمان بچے گا کہ نہیں اور مرتے وقت کلمہ بھی نصیب ہوگا کہ نہیں۔ اسی کشمکش میں پریشان رہتا تھا جس کا ذکر میں اپنے ایک ساتھی سے کیا تو انہوں نے ''یاقَہّارُ'' پڑھنے کا بتایا۔ میں نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کردیا جس کے پڑھنے سے چند ہی دنوں میں میری بدنظری اور شہوت ختم ہوگئی اور مجھے روحانی طور پر بہت سکون ہوگیا ہے۔

(زاہد ملک صاحب)

## دہشتگردی اور بیشمار دفعات کے مقدمے سے خلاصی

السلام علیکم! میری گاؤں میں کسی کے ساتھ سیاسی مخالفت چل رہی تھی۔ مجھے ایک سیاسی پارٹی کے ایم پی اے نے جھوٹے مقدمے میں جیل کروادی۔ اس دوران میرے بھائی نے مجھے جیل میں عبقری کا رسالہ پڑھنے کیلئے دیا میں نے اس میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سے یَاقَہَّارُ کا عمل پڑھا جس کے بہت ہی فوائد لکھے ہوئے تھے کہ اگر کوئی بھی مسئلہ ہوتو اس کو ذہن میں رکھ کر کثرت سے یَاقَہَّارُ پڑھو تو وہ مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ مجھے جیل میں 5 دن گزر چکے تھے میں نے تب سے ''یَاقَہَّارُ'' کا وظیفہ کثرت کے ساتھ اپنی رہائی کیلئے پڑھنا شروع کر دیا۔ ابھی پڑھتے ہوئے 4 دن ہی گزرے تھے کہ ایک سپاہی نے آکر کہا کہ تمہاری رہائی ہوگئی ہے۔ مجھے یقین نہ آیا لیکن جب اس نے دروازہ کھول کر مجھے باہر نکالا تو میں سمجھا شاید یہ مجھے مار کٹائی کیلئے باہر لے جارہے ہیں کیونکہ مخالفین نے مجھ پر دہشتگردی اور بہت سے دفعات لگوائی ہوئی تھیں ۔ جب میں سپرنٹنڈنٹ جیل کے پاس لایا گیا اور اس نے مجھے رہائی کے کاغذات دیئے تو میں نے فوراً سوچا کہ یہ سب یَاقَہَّارُ پڑھنے کی برکت سے ممکن ہوا ہے حالانکہ ایسا ممکن نہیں تھا۔ (ع۔ق)

## عمل کی برکت سے جناتی جادوئی اثر ختم

عبقری کے پیغام سے عمل کا ذوق اور شوق پیدا ہوا ہے اور ایک چیز جو میرے علم اور مشاہدہ میں آئی ہے کہ عبقری کا پیغام جو عمل کا مشاہدہ لوگوں کو بتانا ہے کیونکہ میرا تعلق پہلے بھی کچھ عملیات سے تھا لیکن حقیقت میں جب عبقری سے تعارف ہوا تو وہ جو کنجوسی ختم ہوگئی ہر وقت جستجو رہتی ہے کہ عمل دوسروں تک پہنچایا جائے۔ یہاں پر ایک مشاہدہ ہے اور ایک عجیب واقعہ سنانے لگا ہوں کہ ایک عورت کو کسی نے چلے کا بتایا کہ آپ یہ چلہ کریں اس سے جنات آپ کے قابو میں ہوں گے۔ پھر پتہ نہیں کیا ہوا وہ چلے سے اٹھ گئیں اس نے کہا کہ پھر جنات نے مجھے ستانا شروع کر دیا کبھی میری چارپائی ہلاتے کبھی ڈراتے اور کبھی بچے کی صورت میں آتے اور ڈراونی شکلیں بنا کر دکھاتے میری حالت ابتر اور میری نیند ختم ہوگئی، میرا سکون برباد ہو گیا ہو کر رہ گیا ہے میں کئی عاملوں کے پاس گئی ہوں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ میں نے عبقری میں چھپا ہوا یَاقَہَّارُ کا عمل 41 مرتبہ کالی سیاہی سے لکھ کر ایک تعویذ دے دیا۔ اس نے جب پہنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



شروع کیا تب بتایا کہ یاقَھَّارُ کی برکت سے اس کی وہ ساری کیفیات ختم ہوگئی ہیں اور وہ بالکل ٹھیک ہوگئی ہوں۔ اللہ کے فضل سے اب اس کی وہ کیفیت ہے کہ اگر اسے کوئی مسئلہ ہو تو وہ حاضر ہوجاتی ہے اور بتاتی ہے کہ یاقَھَّارُ کی برکت سے اس کے سارے مسئلے مسائل حل ہورہے ہیں۔ یہ سب اعمال کی برکت ہے اللہ برکت اور ہمیں ذوق اعمال کا یقین دے۔ جزاک اللہ! (جہانگیر صاحب)

## یاقَھَّارُ کے ورد سے جادو ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ دن پہلے میرے ایک دوست نے فون کیا کہ ایک مریض کو دیکھنا ہے جلدی آؤ، میں نے اپنی مصروفیت کو مختصر کیا اور کچھ دیر بعد دوست کے پاس پہنچ گیا وہاں مریض کی حالت کچھ یوں تھی کہ چہرہ سیاہ' آنکھیں سرخ' طبیعت میں انتہائی بے چینی' جسم اور جوڑوں میں درد' بدہضمی اپنے عروج پر' وقفے وقفے سے ڈکار' ہاتھوں میں کپکپی۔

سلام دعا کے بعد میں نے پوچھا کیا ہوا بھائی؟ کہنے لگے قاری صاحب میرا حساب کرو میں بڑا پریشان ہوں۔ میں نے تشخیص کی تو کالا جادو معلوم ہوا میں نے ان سے کہا کہ آپ پر جادو ہوا ہے۔

کہنے لگے: بڑے بڑے ڈاکٹروں سے دوائیاں لی ہیں کوئی دوائی اثر نہیں کرتی۔ بہت سے عاملوں سے پیروں سے تعویذ لیے ہیں دم کرایا ہے' گھر میں پیروں اور عاملوں کو بلوایا ہے کوئی بکرا لے کر چلا گیا' کوئی ہزاروں بٹور کر نکل گیا' دو چار تعویذ دیئے دم وغیرہ کیا اور چلے گئے' میری حالت بدستور ویسی ہی رہی' گھر میں بیوی بچوں کے ساتھ اکثر لڑائی رہتی ہے۔ معاشی تنگی بہت ہے' وقت سے پہلے تنخواہ ختم ہوجاتی ہے۔ کچھ پتہ نہیں لگتا پیسے کدھر چلے جاتے ہیں۔ غرض یہ کہ اس نے دکھوں کی ایک پٹاری کھول دی۔ مجھ سے کہنے لگے: قاری صاحب مجھ پر ترس کھائیں میرا کچھ کریں' ورنہ کچھ دنوں بعد میں مرجاؤں گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



میں نے اس کو تسلی دی میں نے کہا کہ ایک ہفتہ علاج کریں' اللہ پر بھروسہ کریں اللہ تعالیٰ شفاء دیں گے۔

حکیم صاحب! اصل بات جو میں آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ میں نے اس سے کہا کہ آپ کثرت سے پڑھیں۔ چلتے پھرتے' اٹھتے بیٹھتے مزید یہ بھی کہا کہ اس دوران آپ پر اثر مزید بڑھے گا جس وقت آپ پر اثر بڑھے جسم پر بوجھ محسوس ہو یا کوئی چیز دکھائی دے تو یاقہار بلند آواز سے پڑھنا شروع کردیں۔ اس نے میری ہدایات پر عمل کیا۔

حکیم صاحب......! حیرت انگیز......! انتہائی حیرت انگیز......! ایک ہفتہ بعد اس نے بتایا کہ میں بالکل ٹھیک ہوں اور کہنے لگا کہ تیسرے دن جسم پر بوجھ محسوس ہوا اور کالی کالی چیزیں دکھائی دیں تو میں نے بلند آواز سے یاقہار پڑھنا شروع کیا، وہ اور بھی بڑھتی گئیں اور میں بھی اور بلند آواز سے پڑھتا رہا۔ کچھ دیر بعد وہ چیزیں ختم ہونا شروع ہوگئیں اور بالکل ختم ہوگئیں۔

اس کے بعد طبیعت آہستہ آہستہ ٹھیک ہونا شروع ہوگئی اور اب نوے فیصد ٹھیک ہوں۔ میں نے کہا کہ ایک ہفتہ اور پڑھو اور ساتھ تعویذ بھی دیئے مزید ایک ہفتے کے بعد ملاقات ہوئی، بالکل تندرست تھے، کوئی بیماری باقی نہیں بچی تھی۔ محترم حضرت حکیم صاحب! اس نے اتنی دعائیں دیں' اتنی دعائیں دیں' تقریباً دس منٹ مسلسل دعائیں دیتا رہا۔

## ایک ہفتے میں نوے فیصد بیماری ختم

ادھیڑ عمر عورت کو دیکھنے کا موقع ملا' چلنا پھرنا دشوار' بیماریوں کا مجموعہ' کافی عرصہ سے بیمار' مہنگی مہنگی فیسوں والے ڈاکٹروں سے دوائیاں لے کر استعمال کیں۔ جب تک دوائیاں کھاتی تھیں طبیعت کچھ سنبھل جاتی بعد میں پھر وہی حالت......! کچھ دن پہلے ان کو معدے کا درد شروع ہوا ہر قسم کا علاج بے سود' کوئی دوائی بھی کارگر ثابت نہ ہوئی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ان کے خاوند مجھے ویسے ہی لے گئے کہ اہلیہ تکلیف میں ہیں دم کر دیں۔

محترمہ ہانپتی کانپتی چل کر آئیں' میں نے دم کیا' انہوں نے کہا کہ میرا حساب کریں۔ان کا حساب کیا یعنی تشخیص کی تو پتہ چلا کہ پرانا جادو ہے' میں نے ان سے کہا کہ آپ پر بہت پرانا جادو ہے۔آپ ایک ہفتہ علاج کریں انشاء اللہ بالکل ٹھیک ہوجائیں گے۔میں نے ان کو یاقہّارُ گیارہ تسبیح صبح اور گیارہ تسبیح شام کو پڑھنے کیلئے بتایا۔حکیم صاحب یقین کیجئے ایک ہفتہ میں نوے فیصد بیماری ختم......! دوسرے ہفتے میں بالکل تندرست ہوگئیں۔سالوں سے بیمار تھیں دو ہفتے میں بالکل ٹھیک ہوگئیں۔

## یاقہّارُ سے پرسکون نیند

ایک اور بزرگ ملے ان کو گھر کی پریشانیوں کی وجہ سے نیند نہیں آتی تھی' بے خوابی کی وجہ سے دوسری بیماریاں الرجی' بدہضمی' قبض' گیس' بے چینی' بے جا غصہ اور بات بات پر آسمان سر پر اٹھالینا......!

مجھے کہنے لگے قاری صاحب! کوئی ایسا تعویذ دو مجھے نیند آجائے۔ بہت پریشان ہوں۔میں نے ان سے کہا: کہ رات کو جب سونے لگیں تو بیٹھ کر گیارہ تسبیح یاقہّارُ کی پڑھیں۔تیسرے دن ملے کہنے لگے کہ اللہ آپ کا بھلا کرے سکون آگیا' تیسری تسبیح تک پہنچتا ہوں تو نیند کی وجہ سے تسبیح ہاتھ سے گر جاتی ہے۔اس کے بعد ایسی سکون کی نیند آتی ہے صبح تک کوئی پتہ نہیں ہوتا۔

## کالے جادوگر سے پریشان ایک مائی

ہمارے ایک رشتہ دار جو کہ عامل ہیں اور موصوف کالا علم اور دوسرے غلط علم کی وجہ سے پہچانے جاتے ہیں' میری رشتہ داران سے بہت تنگ تھیں' گھریلو معاملات کی وجہ سے کچھ چپقلش ہوگئی۔اب عامل صاحب ان کے پیچھے پڑ گئے۔

کبھی گھر سے تعویذ نکل رہے ہیں' کبھی سوئیاں نکل رہی ہیں' گھر میں اکثر لڑائی رہتی' گھریلو اخراجات میں تنگی' دوسرے رشتہ دار ہر وقت خفا رہنے لگے۔دوسرے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



عاملوں سے میری رشتہ دار تعویذ لیتی تھیں لیکن کچھ فرق نہ پڑتا۔

میں ایسے ہی ان سے ملنے گیا تو پریشانیوں سے بھری داستان سنائی۔ میں نے ان کو تسلی دی اور کہا کہ آپ ہر وقت چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے' وضو بے وضو یاقہّارُ پڑھیں اور چند دن بعد تماشہ دیکھیں۔ انہوں نے میری ہدایت پر پڑھنا شروع کر دیا۔

## کالے جادوگر کی توبہ۔۔۔!

ایک ہفتے بعد وہ عامل صاحب بیمار ہونا شروع ہوئے' پہلے پہل معمولی بیماری پھر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی ...... ! چالیس دن بعد اس کو اپنی جان کے لالے پڑ گئے ...... کسی کو سمجھ نہ آئے کہ یہ کیا ہے۔؟

ایک دن اس کے ہاتھ پیر سیدھے ہو گئے گویا کہ آخری وقت ہے ...... ! اس وقت اس نے تمام بُرے اعمال سے توبہ کی کہ آئندہ کسی پر ناجائز اور برا عمل نہیں کروں گا۔ خود بخود ہی اس کے دل میں داعیہ پیدا ہوا ...... ! یہ کسی کو پتہ نہ چلا کہ اصل راز کیا ہے یہ سب یاقہّارُ کی برکت تھی۔ اللہ کریم حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم کی حفاظت فرمائیں۔ آمین

## یاقہّارُ کے ذاتی مشاہدات

یہ تقریباً 23 رمضان 2012ء کی رات ڈیڑھ بجے کا وقت ہوگا میں ویران جگہ پر تھا' ایک تو درخت دوسرا اندھیرا ابھی گہرا تھا اور لائٹ بھی نہیں تھی' مجھے ڈر لگا تو عبقری میں یاقہّارُ کا پڑھا تھا میں نے پڑھنا شروع کر دیا۔

مجھے بڑا اطمینان حاصل ہوا آپ نے ایک دفعہ بتا دیا تھا کہ اکثر کتے اور خاص طور پر کالے کتے شریر جنات ہوتے ہیں۔ راستے میں ایک کتا تھا وہ سفید رنگ کا تھا میں نے اسے ڈرایا وہ ڈر گیا' اسی اثناء میں ایک کالا کتا پیچھے سے دوڑتے ہوئے آیا' مجھے آپ کی بات یاد آئی میں نے ایک دم جیسے کوئی بندہ ڈر کر بولتا ہے میں نے اونچی آواز میں یاقہّارُ کہا تو کتا جو دوڑ کر میری طرف آ رہا تھا ویسے ہی الٹے پاؤں بھاگ گیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



میں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور مجھے آپ پر یقین اور بھی زیادہ ہو گیا۔ کیونکہ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کو بہت زیادہ ماننے والا ہوں اور ان کے ہر عمل کو یقین کے ساتھ کرتا ہوں۔

## یاقہارُ اور شیطان کی ناامیدی

حالات انسان کی طبیعت کے موافق نہ ہوں تو انسان دلبرداشتہ اور ناامید ہو جاتا ہے۔ میں نے ایک جگہ پڑھا تھا کہ مومن کبھی بھی اپنے اللہ یا حالات سے پریشان ہو کر ناامید نہیں ہوتا۔ وہ ہمیشہ پر امید رہتا ہے۔ ویسے بھی ناامیدی گناہ ہے۔

ایسے وقت میں جب انسان ناامید ہو جائے تو یاقہارُ کی کثرت کرے اللہ پاک بڑی مہربانی کرے گا کیونکہ میرے خیال سے یہ شیطان ہی ہے جو بندے کو اللہ سے ناامید کرواتا ہے۔ (محمد رفیق صاحب، کوٹ ادو)

## یاقہارُ اور ازدواجی تعلقات

علامہ صاحب نے فرمایا تھا کہ ازدواجی تعلقات سے پہلے گیارہ دفعہ یاقہارُ پڑھ لیا کریں۔ میں اپنے ازدواجی تعلقات سے مطمئن نہیں ہوتا تھا۔ مطلب میں ازدواجی تعلقات کے بعد مطمئن یا میری طلب ختم نہیں ہوتی تھی چاہے میں کئی دفعہ یہ عمل کرلوں۔

یاقہارُ کا عمل کرنے کے بعد میں مطمئن ہوا اور بلاوجہ شہوت اور جنون میں بڑا فرق آیا اور تبدیلی آئی۔ عبقری میں چھپے اس عمل نے میری بڑی مدد کی۔ (م۔ر)

## یاقہارُ کا کمال اور اولاد نرینہ

عرض ہے کہ میرے ساتھ مسئلہ یہ تھا کہ میری اولاد نرینہ نہیں بچتی تھی، میرے بڑے بیٹے کے بعد جب بھی بیٹے کا حمل ہوتا تو میں بیمار ہو جاتی تھی، بڑے بیٹے کے بعد میرے تین بیٹے فوت ہوئے ہیں۔ دو حمل اولاد نرینہ کے ضائع ہوئے ہیں، اب پھر اللہ نے آس لگائی تو میں نے ہر وقت ہر پل یاقہارُ پڑھنا شروع کر دیا اور پورے نوماہ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یاقہّارُ کا ورد کیا۔ میں نے خواب میں بھینسوں کو مرتے ہوئے دیکھا' گھر میں یاقہّارُ کے تعویذ لگائے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بائیس سال بعد بیٹے کی خوشی سے نوازا ہے جو کہ میرے بڑے بیٹے سے بائیس سال چھوٹا ہے۔ یہ یاقہّارُ کا ہی کمال ہے کہ اللہ نے مجھے بیٹے جیسی نعمت سے نوازا۔ (اہلیہ فضل الرحمٰن)

## خبیث جنات سے چھٹکارا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں صوبہ بلوچستان کے شہر ڈیرہ اللہ یار کے چھوٹے سے گاؤں میں رہتی ہوں۔ یہ واقعہ عید الفطر کے دوسرے دن 21 اگست کو میری بیٹی کے ساتھ ہوا۔ میری بیٹی روزانہ قرآن پاک کی تلاوت کر کے سوتی تھی۔ اس رات بھی قرآن پاک کی تلاوت کر کے سوئی تھی۔ ہم سب بھی سو رہے تھے۔

## بڑے پیٹ کا بدشکل ''جن''

میری بیٹی نے رات کے ساڑھے بارہ بجے ایک زوردار چیخ ماری' چیخ سن کر ہم سب اس کی چارپائی کی طرف آ گئے تو میری بیٹی کی آنکھیں کھلی ہوئی تھیں اور لمبے لمبے سانس لے رہی تھی۔ پانچ منٹ تک میں نے اور میرے بڑے بیٹے نے آیۃ الکرسی پڑھی پھر میری بیٹی نے بات کی اور کہا کہ ایک بدشکل آدمی بڑے پیٹ والا تھا وہ میری چارپائی کے قریب آیا اور اپنا ہاتھ مجھے لگا رہا تھا' اس لیے میں نے چیخ ماری تھی۔

## جنات کی شادی کی تقریب خراب ہو گئی۔۔۔!

پھر میرے بڑے بیٹے نے علامہ لاہوتی پراسراری کا بتایا ہوا یاقہّارُ کا ورد قبلہ کی طرف منہ کر کے اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ کر زور زور سے کرنے لگا اس کے ساتھ ہی ہم سب نے یاقہّارُ کا ورد شروع کیا۔ یاقہّارُ کا ورد کرتے ہی ہمارے جسم کے بال کھڑے ہو گئے اور ہمیں سردی لگنے لگی۔ تھوڑی دیر بعد میں نے اپنی بیٹی سے کہا کہ اب ٹھیک ہو ہم سب سو جائیں.....؟؟؟

(وضاحت: قارئین اور ناقدین توجہ فرمائیں۔ قبلہ کی طرف منہ کر کے کانوں

www.iqbalkalmati.blogspot.com


میں انگلیاں ڈال کر یاقھّارُ کا ورد بچے کا اپنا ذاتی فعل تھا، علامہ صاحب مدظلہ نے اس کی تعلیم نہیں فرمائی: از مرتب)

میری بیٹی نے کہا ہاں! اب میں ٹھیک ہوں' آپ سو جائیں ہم ابھی لیٹے ہی تھے تو دس منٹ بعد میری بیٹی پھر سے لمبے لمبے سانس لینے لگی۔ ہم سب پھر اس کی چارپائی پر گئے تو دیکھا تو میری بیٹی رو رہی تھی' ہم نے کہا شاید پاگل ہو گئی ہے' ہم نے پھر سے یاقھّارُ کا ورد شروع کر دیا۔ میں نے اپنی بیٹی کا سر اپنی گود میں رکھ کر آیۃ الکرسی پڑھی۔ میں پوچھتی رہی بہت دیر بعد جب میں نے غصہ میں کہا کہ تم بتاتی کیوں نہیں۔ کیوں رو رہی ہو؟ پھر اس نے کہا کہ میرے پاس کچھ لوگ آئے جو مجھ سے کہہ رہے تھے کہ ہماری شادی تھی تم نے ہماری شادی ضائع کر دی ہے۔ یہ دیکھو تم نے ہماری مہندی گرا دی ہے۔

## خبیث جنات گھر چھوڑ کر جانے لگے!!!

اس کے بعد ہم نے یاقھّارُ کا ورد اور زیادہ شروع کر دیا۔ میری بیٹی اور زیادہ رونے لگی ہم نے کہا اب کیوں رو رہی ہو؟ اس نے کہا کہ وہ سب کہہ رہے ہیں کہ یاقھّارُ نہ پڑھو' آیۃ الکرسی نہ پڑھو' ہم یاقھّارُ کا ورد اور زیادہ کرنے لگے' میری بیٹی پہلے رو رہی تھی۔ اب ہاتھ پر ہاتھ مار کر ہنس رہی تھی ہم نے کہا اب کیا ہوا؟ اس بار کہنے لگی کہ اب وہ بھاگ رہے ہیں۔ ہمارے گھر سے اپنا سارا سامان اٹھا کر جا رہے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے قد کے بونے ہیں۔ ان کے ساتھ بہت زیادہ سامان ہے سب ہمارے گھر سے دور ایک درخت کے نیچے جا کر بیٹھ گئے ہیں۔

ان میں سے ایک چھوٹے قد کا جوان پیچھے ہمارے گھر کی طرف دیکھ کر کہنے لگا: ''ہم واپس آئیں گے۔'' پھر میری بیٹی نے اپنے بھائی سے کہا کہ صبح اس درخت کے پاس جا کر یاقھّارُ کا ورد کرنا۔

تو میں نے اپنے بیٹے سے کہا کہ ان کو وہاں سے بھی بھگاؤ' اسی دوران میرا چھوٹا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بیٹا میرے بڑے بیٹے سے کہنے لگا کہ بھیا گائے اور بچھڑے کو دیکھو جب میرے بیٹے نے دیکھا تو وہ گائے اور بچھڑا چارہ نہیں کھا رہے تھے اسی درخت کی طرف مسلسل دیکھے جارہے ہیں جہاں وہ بونے جنات بیٹھے تھے۔ پھر ہم نے آیۃ الکرسی پڑھ کر اسی درخت کی طرف پھونک ماری جہاں جنات بیٹھے تھے۔ پھر میری بیٹی کہنے لگے: اب وہاں سے بھی بھاگ رہے ہیں ہمارے گھر کے قریب ایک سڑک تھی وہاں چلے گئے ہیں۔ اس کے بعد گائے اور بچھڑا بھی چارہ کھانے میں مصروف ہو گئے اور میری بیٹی بھی ٹھیک ہوگئی۔ میرے شوہر نے بھی کہا کہ یہ بڑے پیٹ والا کالا شخص میری چارپائی کے قریب سے گزرا تھا اگر میری بیٹی چیخ نہ مارتی تو میری چیخ نکل جاتی۔ میرے بڑے بیٹے نے بھی کہا کہ میں نے بھی چیخ ماری تھی۔ (بندی خدا، بلوچستان)

## یاقہّارُ نہ پڑھ میں تمہیں مالا مال کر دونگی

میرے بڑے بیٹے نے جب عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری کا یاقہّارُ کا وظیفہ پڑھا (صبح وشام گیارہ گیارہ تسبیح) تو اس نے ہمیں بتایا اور میں نے اپنے شوہر کو بھی کہا کہ سارا دن یاقہّارُ کا ورد کریں' اس دن سے لے کر آج تک ہمیں سکون ہے۔ اس کے بعد میرے شوہر کے پاس وہ جنات نہیں آئے۔ چند دن پہلے میرے شوہر مغرب کے وقت گھر سے باہر نکلے تو گھبرا کر آ کر کہنے لگے کہ ایک عورت اچانک میرے سامنے آگئی اور کہنے لگی کہ:

یاقہّارُ نہ پڑھو میں تمہیں مالا مال کر دوں گی۔ مگر میرے شوہر نے اس سے کہا کہ: میں کسی بھی حال میں یاقہّارُ پڑھنا نہیں چھوڑوں گا۔ (فرزانہ یوسف)

## جنات خواب میں اور حقیقت میں نظر آنے لگے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالے کو بہت شوق سے پڑھتی ہوں اور اس رسالے میں جن وظائف کی اجازت ہے وہ پڑھتی رہتی ہوں۔ ہر وقت مجھے عجیب وغریب خیالات آتے رہتے ہیں کوئی کام کرنے کو دل نہیں چاہتا' غصہ بھی بہت آتا

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہے۔اب تو میں پہلے سے موٹی بھی ہوگئی ہوں اور چہرے پر دانے بھی نکلتے رہتے ہیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب! گزشتہ ایک ماہ سے میں نے یَاقَہَّارُ والا وظیفہ (صبح و شام گیارہ گیارہ سو مرتبہ) پڑھنا شروع کیا ہے آپ یقین کریں کہ میں نے ''جنات'' وغیرہ کو پہلے کبھی خواب میں یا کبھی حقیقت میں نہیں دیکھا تھا مگر اب مجھے جنات خواب میں اور حقیقت میں بھی نظر آنا شروع ہو گئے ہیں۔

## شادی میں رکاوٹ ڈالنے والا جن

اس وظیفے کے پڑھنے کے دو دن بعد ہی خواب میں مجھے ایک ''جن'' نظر آیا جس کا چہرہ بہت خوبصورت اور جسم بہت ہی بدصورت تھا' وہ مجھے دیکھ کر مسکرا رہا تھا پھر جیسے مجھے خواب میں ہی بتایا جا رہا ہے کہ یہ ہی تمہاری شادی کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے' ڈر تو مجھے بہت لگا لیکن میں نے ابھی بھی یہ وظیفہ جاری رکھا ہوا ہے بلکہ اب تو اس کا نقش بنا کر اپنے کمرے میں بھی لگایا ہوا ہے اور اس کے نقش بنا کر پانی بھی پیتی ہوں۔

## جو کام بڑے عامل کامل نہ کر سکے!!!

یہ سب چیزیں مجھے رات کو سوتے وقت نظر آتی ہیں اور مجھے یَاقَہَّارُ پڑھنے سے منع کرتی ہیں۔ حکیم صاحب! اسی سال جون میں مجھ پر کبھی خون کے چھینٹے گرتے' کبھی کپڑوں میں کٹ لگے ہوتے تھے اور کبھی میرے آس پاس کیل وغیرہ گرتے تھے۔

میری والدہ نے یہاں کسی بزرگ کو دکھایا تو انہوں نے کہا کہ کوئی حاسد دشمن آپ کی بیٹی کی شادی کی راہ میں رکاوٹ ڈال رہا ہے اور اس پر کسی چیز کا اثر بھی ہے۔اس کا دشمن اس کو مارنے سے بھی گریز نہیں کر رہا۔لہٰذا آپ کسی بڑے عامل کو دکھائیں۔ جو میری دسترس میں ہے میں اس حد تک اس کا علاج کر سکتا ہوں پھر انہوں نے 21 دن پڑھائی کی اور 21 دن چھوٹے گوشت کا صدقہ بھی دیا۔ان کے علاج سے فرق تو پڑا لیکن جو فرق مجھے یَاقَہَّارُ کے پڑھنے سے پڑا ویسا نہیں تھا اور یَاقَہَّارُ پڑھنے کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بعد مجھے جنات بھی جلتے اور بھاگتے نظر آنے شروع ہو گئے۔ (ج۔چ، اوکاڑہ)

## یاقہّارُ کا فیض اور ملازمت کی بحالی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض ہے کہ میں بہت سی مالی مشکلات میں مبتلا تھا، مجھے نوکری سے سازش کر کے نکلوا دیا گیا تھا۔ میں نے عبقری کے سلسلہ وار مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' سے یاقہّارُ والا عمل (صبح و شام گیارہ گیارہ تسبیح) کیا تو میرے مسائل آہستہ آہستہ حل ہونا شروع ہو گئے اور اب الحمدللہ میری ملازمت کی بحالی کے بھی روشن امکانات ہو گئے ہیں۔ (ا۔س، لاہور)

## یاقہّارُ کی مبارک روحانی کیفیات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض ہے کہ میں آپ کے رسالے کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' سے یاقہّارُ کا عمل روزانہ پڑھتی تھی۔ ایک مرتبہ میں نے عشاء کی نماز کے بعد یاقہّارُ گیارہ سو مرتبہ پڑھا اور ذہن میں رکھا ''جو اللہ چاہ رہا ہے وہ میں چاہ رہی ہوں اور جو میں چاہ رہی ہوں وہی ہو رہا ہے'' رات کو خواب میں میں نے بہت سارے چراغوں میں تیل ڈالا، مٹی کے دیئے تھے ان کو میں نے تیل سے بھرا اور کچھ کو روشن کیا۔

## اور میں خوفزدہ ہو گئی!!!

اگلے دن جب میں نے پھر رات کو یاقہّارُ کی بہت سی تسبیحات پڑھیں۔ رات کو سب سو گئے تھے امی اور میں جاگ رہے تھے تقریباً سوا ایک بجے کا وقت تھا، بجلی گئی ہوئی تھی، اچانک کتوں کے بھونکنے کی آوازیں آنا شروع ہوئیں پھر کتوں کے رونے کی آواز آئی، اس کے بعد تو ایسی آوازیں آئیں کہ میں بہت زیادہ خوفزدہ ہو گئی۔

## یاقہّارُ کا ذکر اور جنات عورتوں کا بین کرنا

بہت زیادہ عورتوں کے رونے کی آوازیں آنے لگیں۔ بالکل صاف آوازیں تھیں جیسے بہت ہی زیادہ عورتیں کسی فوتگی پر رو رہی ہوں۔ پہلے میں سمجھی کہ بلی رو رہی ہو گی لیکن

www.iqbalkalmati.blogspot.com



وہ تو بالکل صاف عورتوں کے رونے کی آوازیں تھیں۔ میں نے امی سے بھی پوچھا کہ یہ کون رو رہا ہے؟ امی نے کہا بلیاں ہوں گی......! لیکن وہ آوازیں اور زیادہ ہو گئیں۔ میں اتنی مجبور ہو گئی کہ میں نے امی سے کہا کہ باہر جا کر دیکھیں پڑوس میں کوئی فوتگی تو نہیں ہو گئی لیکن امی نے کہا: چپ کر کے لیٹی رہو مجھے بہت ہی زیادہ ڈر لگ رہا تھا میں نے آج تک کبھی ایسی آوازیں نہیں سنی تھیں۔ پھر میں نے یاقہّارُ پڑھنا شروع کر دیا۔ اس دن کے بعد سے ہمارے گھر میں جیسے سکون سا ہو گیا اور مجھے پہلے کبھی کبھی ڈر لگتا تھا اب وہ نہیں لگتا۔ (م۔ا، میانوالی)

## یاقہّارُ کا حیرت انگیز کرشمہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پیشے کے لحاظ سے ایک فزیوتھراپسٹ ہوں، میرے پاس ایک مریض آیا تھا جس کا پاؤں خراب تھا۔ اس کو چلنے میں بڑی دشواری ہوتی تھی میں نے اس کا علاج بھی فزیوتھراپی سے شروع کیا اور ساتھ ہی اس کو یاقہّارُ 3300 دفعہ روزانہ پڑھنے کا کہا۔ انتہائی حیرت انگیز طور سے وہ مریض جس نے تین ماہ سے پہلے ٹھیک نہیں ہونا تھا وہ صرف تین ہفتوں میں ٹھیک ہو گیا۔ یہ صرف یاقہّارُ کی بدولت ٹھیک ہوا اس میں فزیوتھراپی کا کوئی کمال نہیں تھا۔

(ڈاکٹر تنویر خان، حسن ابدال)

## شدید درد میں بھی سکون

مجھے ایک نیورو سرجن نے ایک مریض ریفر کیا جو کہ تقریباً ایک ڈیڑھ سال سے بستر پر تھا، اس کو ریڑھ کی ہڈی کی ٹی بی تھی اور اس کی ٹانگیں سوکھ گئی تھیں، نچلا دھڑ کام نہیں کرتا تھا اس مریض کی بہت بری حالت تھی۔ میں نے اس کے گھر والوں کو سورۃ کافرون والا عمل جس میں 1001 مرتبہ سورۃ کافرون اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر تیل، پانی یا شہد پر دم کرنا ہوتا ہے، کرنے کو کہا، جوان لوگوں نے کیا بھی، اور ساتھ ہی میں نے مریض کو یاقہّارُ کھلا پڑھنے کا کہا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یاقہارُ پڑھنے سے اس مریض کو اتنا سکون ملا کہ میں خود حیران رہ گیا حالانکہ اس سے پہلے وہ ہر وقت شدید تکلیف کی وجہ سے شور کرتا تھا اور گھر والوں کو تنگ کرتا رہتا تھا لیکن جب اس نے یاقہارُ پڑھنا شروع کیا تو اسے سکون مل گیا۔ 18 دن بعد اس مریض کی ایک ٹانگ سوج گئی۔ اس کی سوجن ادویات سے نہیں اتر رہی تھی وہ لوگ اس مریض کو ہسپتال لے گئے۔ ہسپتال والوں نے ٹیسٹ کیے تو پتہ چلا کہ کینسر تھا جو کہ باہر نکل آیا ہے۔ اس کو کوئی بیماری تھی۔ وہ مریض کچھ دن مزید زندہ رہا، اس دوران جو شدید درد اور تکلیف تھی، وہ سب ختم ہو گئی تھی۔ اور پھر ان کا انتقال ہو گیا۔ اس کے رشتہ دار کہہ رہے تھے کینسر آپ کی تھراپی سے نکلا ہے میں نے کہا اللہ والو یہ صرف یاقہارُ اور سورۂ کافرون کے عمل کی بدولت ہے اور وہ مرا تو سکون سے۔ اللہ نے اس کا آخری وقت صرف اپنے ذکر کی وجہ سے آسان کر دیا۔ وہ مریض ڈیڑھ سال سے بستر پر تڑپ رہا تھا۔ (ڈاکٹر تنویر خان، حسن ابدال)

## دوشیزاؤں کا شریر جنات سے چھٹکارا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں علامہ لاہوتی صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کا بہت شوق سے مطالعہ کرتا ہوں اور بہت مستفید ہوتا ہوں۔ علامہ صاحب کے بتائے ہوئے وظائف سے بہت ہی زیادہ فائدہ ہوا ہے خاص کر یاقہارُ کا وظیفہ تھال میں پاؤں رکھ کر پڑھنا اس سے بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ میں عرصہ 30 سال سے عملیات کا کام کر رہا ہوں لیکن عبقری میں جنات کے بتائے وظائف کی کیا بات ہے۔ عبقری تقریباً 8 ماہ سے پڑھ رہا ہوں۔ یاقہارُ کے وظیفے سے الحمدللہ لڑکیوں کو غلط جنات سے چھٹکارا مل رہا ہے۔ میرے پاس جب بھی کوئی اس طرح کا کیس آتا ہے تو میں انہیں یاقہارُ کا عمل بتا دیتا ہوں الحمدللہ اس کے بہت زبردست رزلٹ مل رہے ہیں۔

(محمد ابراہیم احمد چشتی، ڈیرہ اسماعیل خان)

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## دفن کیا ہوا جادو ٹوٹ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ بہت زبردست ہے' خاص کر اس کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' نے تو کمال ہی کر دیا ہے۔ مجھ پر کسی نے جادو کروایا ہوا تھا جس کی وجہ سے میرے ہر کام میں رکاوٹ ہو رہی تھی اور میں بہت زیادہ پریشان تھی۔ پھر ایک دن عبقری کا رسالہ میری ہمسائی نے مجھے دیا تو اس میں یاقہّارُ کا وظیفہ پانی میں پاؤں ڈالنے والا کیا (اوپر درج ہے) تو محترم حضرت حکیم صاحب! آپ یقین کریں کہ مجھ کو اپنی امی کے بالوں میں لپٹے ہوئے اپنے بال جس میں تنکے' مٹی' دھاگے' تعویذ اور میرے استعمال کی چیزیں تھیں۔ وہ شاپر مل گیا جس کو میں نے خود جا کر نہر میں پھینکا۔

## مخالفین کی طرف سے خطرناک جادو زدہ اشیاء برآمد

محترم حضرت حکیم صاحب! اس کے بعد میں نے چلتے پھرتے ہر وقت یاقہّارُ کا وظیفہ کیا تو مجھ کو اپنے گھر میں ہندوؤں کے بنے ہوئے کچے کمرے کے سائیڈ پر دو آلے (چراغ دان) بنے ہوئے ہیں ادھر امی اپنے بال رکھتی تھیں اس میں سے کچھ بال ملے۔

اور آپ یقین کریں کہ اس چراغ رکھنے والے آلے میں میری شناختی کارڈ والی تصویر' بڑے بڑے کیل' سفید لٹھے کے کپڑے' میرے بال' میری عینک کا ٹوٹا شیشہ' میرے کوٹ کا بٹن بہت نیچے مٹی میں دبا ہوا مجھ کو یاقہّارُ کے صدقے مل گیا اور میں اب مکمل پرسکون ہوں۔ (س۔خ)

## یاقہّارُ اور بیٹیوں کی شادی کا مسئلہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں دو سال سے عبقری پڑھ رہی ہوں میں آپ کو اتنا اچھا رسالہ نکالنے پر روزانہ بہت دعائیں دیتی ہوں۔ حکیم صاحب! اس میں جتنے بھی وظائف آتے ہیں میں سب کرنے کی کوشش کرتی ہوں اور ساری دوائیں بھی بتا کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com



استعمال کرنے کی کوشش کرتی ہوں۔ میری چار بیٹیاں ہیں مجھے ان کی شادی کے بہت مسائل تھے' محترم حضرت حکیم صاحب! آپ نے مجھے خط کے جواب میں انمول خزانہ پڑھنے کیلئے کہا تھا۔ میں نے انمول خزانہ نمبر دو کے سوا لاکھ چار دفعہ پورے کیے ہیں اور یاقہّارُ کے دس سوا لاکھ پورے کیے ہیں۔

## بگڑی بن گئی، بندشیں ٹوٹ گئیں!!

حکیم صاحب میری بیٹیوں کی شادی میں بہت رکاوٹ تھی یاقہّارُ کی برکت سے میری دو بیٹیوں کی شادی ہو گئی ہے۔ اس سے پہلے ہم لاکھوں روپے جھوٹے عاملوں کو دے چکے تھے لیکن کچھ بھی نہیں بنا۔ ہم بہت پریشان تھے لیکن یاقہّارُ اور دو انمول خزانے نے ایسے بگڑی بنائی کہ ہم سب حیران و پریشان ہو گئے اور بندشیں ٹوٹیں اور میری بیٹیوں کی شادیاں ہو گئیں۔ (مسز ساجدہ اقبال)

## مجھے عامل کامل مل گیا۔۔۔!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ پر اپنی رحمتوں کا سایہ رکھے دُکھی انسانیت کی خدمت کرنے پر خداوند کریم بہت بڑے اجر سے نوازے آپ کا ماہنامہ عبقری مزید ترقی کرے' پچھلے دو ماہ سے عبقری لینا شروع کیا ہے سب سے پہلے عبقری کسی جاننے والے کے ہاں سے پڑھنے کیلئے ملا۔ اس عبقری میں یاقہّارُ کے ذکر کے بارے میں پڑھا تو مجھے اپنا مسئلہ حل ہوتا ہوا نظر آیا۔ میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرا گھر بڑے عرصے سے جادو ٹونے کی نذر ہو رہا ہے میرے پاس دو کمرے زیر استعمال ہیں جس میں میرے ساتھ بیوی بچے رہ رہے ہیں۔ میرے پانچ بچے ہیں۔ چار بیٹیاں اور ایک بیٹا۔ باقی دو کمرے میرے والدین کے زیر استعمال ہیں۔

## گھر کے برے، ابتر، بدتر حالات

ہمارے گھر میں ہر وقت بے چینی اور بے سکونی رہتی تھی' کبھی خون کے قطرے گرتے تھے' کبھی سوتے میں کوئی چیز ڈراتی تھی' کبھی میری بیوی کا گلا دبا دیا جاتا' کبھی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کمروں سے بہت گندی بدبو آتی' کبھی ہانڈی پکانے کی خوشبو آتی' کبھی کسی جگہ سے تعویذ نکلتے ......! میرا کاروبار چلتے چلتے رک جاتا، پھر جب کسی عامل سے رجوع کرتا تو اچانک کاروبار بڑی تیزی سے چلتا۔ لیکن میں ہمیشہ قرض دار ہی رہا......! ہر شخص گھر میں چھوٹی چھوٹی بات پر لڑائی جھگڑے کیلئے تیار رہتا۔ حالانکہ ہمارے گھر کے سارے افراد نماز پنجگانہ اور قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہیں۔ محلے کے بچے میری امی کے پاس پڑھتے ہیں، گھر میں وقفے وقفے سے ختم القرآن بھی کراتا رہتا ہوں...... لیکن......!!! چنداں فائدہ نہ دارد۔۔۔!

## شیطانی چیزیں گھر چھوڑ رہی ہیں

جس وقت یاقہّارُ کے بارے میں پڑھا تو ہم سب گھر والوں نے مل کر یاقہّارُ گیارہ گیارہ سو مرتبہ صبح و شام پڑھنا شروع کر دیا اور اب تک اس کی تعداد ایک لاکھ چالیس ہزار ہوگئی۔ ذکر کے دوران ایک دن میرے خواب میں آیا کہ ایک بڑا چوہا میرے پاؤں کو کاٹ رہا ہے لیکن مجھ سے اٹھا نہیں جا رہا' میری بیوی جو دوسرے کمرے میں سو رہی ہے میں اسے پکارتا ہوں لیکن وہ سنتی نہیں چوہا میرا پاؤں چھوڑ کر میری کمر کی طرف آتا ہے جب وہ میری کمر کے نیچے آتا ہے تو میں اسے خوب مسل دیتا ہوں۔

اسی دوران میری آنکھ کھل جاتی ہے حالانکہ میں اپنے بستر پر روزانہ آیۃ الکرسی اور چاروں قل' درود شریف کا ورد کر کے سوتا ہوں۔ دوسرے دن میری بیوی نے بتایا کہ رات سوتے میں میرے بستر کے اوپر چوہیاں آئیں اور میں نے ماردیں......! میں نے گھر والوں کو یقین دلایا کہ یاقہّارُ کی برکت سے شیطانی چیزیں ہمارا گھر چھوڑ رہی ہیں اور انہیں ذکر جاری رکھنے پر آمادہ کیا۔

## غیبی تعویذ غیبی انداز میں ملے!

لیکن......!!! جب ذکر ایک لاکھ چالیس ہزار کی تعداد کو پہنچا تو فجر کی نماز کے بعد حسب معمول میں نے یاقہّارُ کا ذکر کیا اس کے بعد میں تسبیح رکھ رہا تھا میری بیٹیاں

www.iqbalkalmati.blogspot.com


سکول کی تیاری کر رہی تھیں کپڑے نکالنے کے لیے الماری کھولی تو میری بڑی بیٹی کے کپڑوں پر تین عدد تعویذ جو سرخ سیاہی سے لکھے ہوئے ہیں ملے۔ اس کے بعد مزید تین تعویذ اور میری دوسری بیٹی کی اردو کی کتاب سے ملے جو کالی سیاہی سے لکھے ہوئے تھے۔ جو سرخ تعویذ نکلے ان سب پر الگ الگ ہدایت درج تھی......! ایک پینے کیلئے ایک گلے میں ڈالنے کیلئے ایک کے اوپر درج تھا کہ والدہ کیلئے۔ میرا یقین کامل ہو گیا ہے کہ مجھے وہ عامل مل گیا جس کی مجھے تلاش تھی۔ میرا مسئلہ اب 80 فیصد حل ہو چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ (مظہر حسین صاحب)

## یاقہارُ کے فضائل ہی فضائل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ سے یہی دعا ہے کہ آپ ہمیشہ سدا آباد رہیں اور امت مسلمہ ہمیشہ خوش و خرم رہے۔ جناب ہوا یوں کہ ایک سال قبل اچانک میرے دماغ کے دائیں جانب کسی چیز نے قبضہ جمالیا' آہستہ آہستہ میرا دماغ بند ہو گیا اور آہستہ آہستہ میرے سوچنے کی قوت بھی جواب دے گئی' کبھی اِدھر اُدھر چلا جاتا اور پتہ بھی نہیں چلتا۔

## جیسے میرے دماغ پر کیل ٹھونک دی ہو!

خیر رو رو کے مالک سے پناہ مانگی' یقینی طور پر یہ جو عمل ہے اس میں خدا کی مرضی ہے تو پناہ بھی وہ ہی دے گا اور حفاظت بھی وہ ہی کرے گا اور شفاء بھی وہ ہی دے گا۔ کافی عاملوں کو دکھایا' ایک عامل تو میرے پیچھے ہی پڑ گیا اور کام الٹا کر دیا۔ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ کسی نے میرے دماغ کے دائیں حصے پر کیل ٹھونک دی ہو۔ کوئی بتاتا کہ آسیب ہے' کوئی کیا......! بہر حال ایک اللہ والے بزرگ کے بیٹے کو طبیعت دکھانے کیلئے گیا تو انہوں نے کہا کہ آپ پر اثرات ہیں کسی ظالم دوست نے بوتہ کروا کے کیل ٹھونک کر قبر میں دفن کر دیا ہے انہوں نے پڑھائی کی کافی افاقہ ہوا۔

## دشمنوں اور جنوں پر ایسا قہر نازل ہوا کہ......!

مجھے بے حد افسوس ہوا کہ کوئی میرے ساتھ بھی ایسا کر سکتا ہے۔ خیر ہر ایک عمل کا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ردعمل ہے جس کی اسے سزا ملنی ہی ہے۔ اصل میں عبقری میں میں نے علامہ لاہوتی پراسراری کے عمل پڑھے تھے۔ یَاقَھَّارُ الگ الگ چار دفعہ لکھنا ہے' ایک نقش پینا ہے اور ایک لگانا اور ایک باندھنا ہے اور ایک نقش تکیہ کے نیچے رکھنا ہے تو ایسا ہی کیا الحمدللہ کافی افاقہ ہوا۔ دشمنوں اور جنوں پر ایسا قہر نازل ہوا کہ میں کیا بتاؤں......!

## لڑکی پر آیا جن اور یَاقَھَّارُ کا ورد

ہاسٹل میں ایک لڑکی ہے جس کے امی ابو نہیں ہیں' اس کی طبیعت اکثر خراب ہوجاتی تھی لیکن ہاسٹل والے اس کو ہر بار ہاسپٹل لے کر جاتے۔ ایک بار رات کو لیٹ ٹائم اس کی طبیعت خراب ہوگئی اس رات میں بھی موجود تھی۔ اچانک اس نے سر پکڑ لیا کہنے لگی کہ میرا سر درد سے پھٹا جارہا ہے اور دل تنگ ہورہا ہے' باجی اسے روم سے باہر لان میں لے آئی اور اسے بنچ پر سلایا میں بھی ساتھ تھی' طبیعت اتنی خراب ہوگئی تھی کہ وہ بے ہوش ہوگئی' میں نے پہلے تو خزانہ نمبر 1 کا ورد اس پر شروع کردیا لیکن وہ آنکھیں نہیں کھول رہی تھی، میں حیران پریشان......! کہ انمول خزانہ نمبر 1 کیسے اثر نہیں کررہا......؟؟؟ اچانک اس کی طبیعت کے پیش نظر میں نے تیز آواز میں یَاقَھَّارُ کا ورد شروع کردیا اور سب لڑکیوں سے یہ ورد کرنے کا کہا...... ٹیچر اور سب لڑکیاں بہت زیادہ پریشان تھیں کہ اتنی رات گئے اسے کیسے ہسپتال لے کر جائیں میں نے سب کو تسلی دی اور یوں سب سے یَاقَھَّارُ کا ورد شروع کروادیا۔

## بدن سے کوئی چیز نکل رہی ہو

کچھ ہی وقت گزرا تھا کہ لڑکی کے بے سدھ جسم میں حرکت شروع ہوئی اور یوں اس کے بدن نے دائیں بائیں کروٹیں بدلنا شروع کردیں اور بالکل وہی آثار جیسے کسی پر جن ہوں اور جن کے جاتے ہوئے اس کے بدن پر تکلیف کے آثار ہوتے ہیں جیسے بہت سختی سے بدن سے کوئی چیز نکل رہی ہو۔ لڑکیاں پریشان کہ اب کیا ہوگا......؟؟؟ اس کے جسم کو کیا ہوگیا تب میں سمجھ گئی کہ ضرور اس پر جنات کے اثرات ہیں جو

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یاقَھَّارُ کے سامنے اب نہیں ٹک سکتے۔ حالانکہ اس کی باجی کہہ رہی تھی کہ اس پر جنات کے اثرات نہیں ہیں۔ یوں ہم مسلسل پندرہ بیس منٹ تک ورد کرتے رہے آخرکار اس نے آہستہ آہستہ آنکھیں کھولنا شروع کر دیں تو سب کی جان میں جان آئی۔ حالانکہ اس سے پہلے پوری ڈاکٹری ٹریٹمنٹ لے کر طبیعت بحال ہوتی تھی۔ آخر (وہ لڑکی) بینچ سے اٹھ کھڑی ہوئی اور یوں آنکھیں ملنا شروع کر دی جیسے نیند سے بیدار ہوئی اور اردگرد لڑکیوں کو دیکھ کر ہنسنے لگی کہ کیا بات ہے جو سب جمع ہیں۔ میں نے ازراہِ مذاق کہہ دیا کہ تم نے نیند پوری کر لی اب تم کتاب اٹھاؤ اور پڑھو ہم آرام کریں گے۔

## اعمال کی طاقت کے سبھی معترف

اس کی باجی اور میڈم سب بہت خوش تھیں کہہ رہی تھیں کہ (ص) کی (میری) موجودگی میں اب ہمیں کسی ڈاکٹر کی ضرورت نہیں رہی۔ سب کو پھر سمجھایا کہ صرف (ص۔ میں) نہیں بلکہ جو کوئی بھی یہ ورد کرے گا سب کو فائدہ ہوگا اور اس لڑکی کو نصیحت کی کہ تم اکثر اوقات یہی ورد کرتی رہو طبیعت بحال رہے گی۔ ان شاء اللہ......!

(ص، کوہاٹ)

## غیر مسلم جنات اور یاقَھَّارُ کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے درس نیٹ پر سب گھر والے سنتے ہیں۔ آپ کی بیشتر کتابیں میرے زیر مطالعہ ہیں' عبقری پابندی سے سب گھر والے پڑھتے ہیں اس کے علاوہ اوراد و وظائف دن بھر جاری رہتے ہیں اللہ کا شکر ہے مجھے بہت فائدہ ہے خاص کر جو فائدہ علامہ لاہوتی پراسراری کے مضمون سے یاقَھَّارُ والے عمل نے دیا وہ بیان سے باہر ہے۔

## جناتی عورتوں کا امن معاہدہ کی درخواست

میرے گھر میں نہ جانے کب سے غیر مسلم جنات کی رہائش ہے جو جگہ چھوڑنے پر کسی حال میں تیار نہیں تھے' میری بچی جو ماشاء اللہ 24 سال کی ہے اس نے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یَاقَھَّارُ کھلا پڑھا' خواب میں ان کی عورتیں آئیں اور بچی کو منع کیا اور اس کے ساتھ معاہدہ کیا اور کہا کہ ہم جاتے ہیں تم یہ وظیفہ نہ پڑھو......!

لیکن بچی نے پڑھا......! کیونکہ جناتی دھو کے مشہور ہیں۔ پھر خواب میں دیکھا کہ لاتعداد لاشیں گرتی جا رہی ہیں لیکن میری بیٹی یہ وظیفہ پڑھتی رہی اور اب ہمیں وہ پہلے کی طرح تنگ نہیں کرتے اور ہر طرف سکون ہی سکون ہے۔

(مرزا فصیح الدین صاحب، سکھر)

## میرا ضدی بخار اور یَاقَھَّارُ کا عمل

محترم و مکرم حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری کے حوالے سے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے جنات سے حاصل کردہ وظائف نظر سے گزرے، جن کی انہوں نے عام اجازت دی ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب مجھے تقریباً ایک ماہ سے بخار ہو رہا تھا' دوائیاں کھا کھا کر تنگ آ گئی تھی لیکن بخار تھا کہ اُترنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔ پھر میں نے یَاقَھَّارُ کا عمل (گیارہ سو مرتبہ سو گیارہ سو مرتبہ شام) چند دن کیا۔ آپ یقین کریں، میرا بخار دو دن میں اتر گیا اور بخار کے بعد جو کمزوری ہوتی ہے مجھے وہ بھی نہیں ہوئی۔ (بشریٰ صاحبہ، لاہور)

## اپنڈکس کا آپریشن اور یَاقَھَّارُ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ تھا کہ میں اکثر بیمار رہتی تھی' شادی کے بعد میرا بیٹا آپریشن سے ہوا۔ ابھی میرا بیٹا تین ماہ کا ہی ہوا تھا کہ میرا ایک اور آپریشن اپنڈکس کا ہو گیا جس میں پیپ پڑ گئی اس آپریشن کو ٹھیک ہوتے ہوئے دو ماہ لگ گئے تب میری بھابی نے مجھے مشورہ دیا کہ تم اکثر بیمار رہتی ہو تو یَاقَھَّارُ کا وظیفہ کرو (گیارہ گیارہ سو مرتبہ صبح و شام)۔ میں نے گیارہ دن یہ وظیفہ کیا جس سے میرا اپنڈکس کا آپریشن ٹھیک ہو گیا اس کے بعد 20 دن میں میں بالکل تندرست تھی ایسے جیسے مجھے کوئی تکلیف ہی نہیں ہوئی اور میں ہر طرح کا کام کرنے لگ گئی۔ (ک۔ا)

www.iqbalkalmati.blogspot.com


## پریشانیاں حل ہوگئیں۔۔۔!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میری بہت سی پریشانیاں صرف اس رسالے میں دیئے ہوئے وظائف سے حل ہوئیں اور خاص کر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے یَاقَھَّارُ والا وظیفہ پڑھنے سے میری بہت سی پریشانیاں دور ہوئیں اور میری بیٹی اپنے گھر کی ہوئی اور اپنے گھر الحمدللہ اب بہت خوش ہے۔

## اللہ نے غیبی اسباب بنادیئے!!!

یہ کرم صرف یَاقَھَّارُ کے عمل کی وجہ سے ہی ہوا ہے ورنہ پہلے تو میں بہت پریشان تھی لیکن جب سے یَاقَھَّارُ کا عمل پڑھنا شروع کیا اللہ نے غیب سے ایسے سامان پیدا کیے کہ میں اب تک حیران ہوں کہ میری بیٹی کی شادی اتنی جلدی اور اتنی اچھی جگہ کیسے ہوگئی۔

## سسرال میں بڑی عزتیں ملی۔۔۔!

اس کے سسرال والے اس کی بہت عزت کرتے ہیں۔ اب تو میری بیٹی سسرال میں جاکر بھی یَاقَھَّارُ کا عمل باقاعدگی سے پڑھتی ہے۔ یَاقَھَّارُ کا وہ عمل جو میری بیٹی پڑھتی رہی درج ذیل ہے: یَاقَھَّارُ ہر نماز کے بعد ایک سو اکیس دفعہ اول و آخر درود شریف تین مرتبہ لازمی پڑھنا ہے۔ (ص۔ج)

## یَاقَھَّارُ کا ورد اور رونے کی آوازیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مؤدبانہ گزارش ہے کہ سب سے پہلے تو حضرت حکیم صاحب اتنا اچھا رسالہ نکالنے پر خصوصی مبارکباد پیش کرتی ہوں میری عبقری سے ملاقات ستمبر 2011ء میں ہوئی۔ میری ایک سہیلی نے مجھے اس رسالے کے بارے میں بتایا۔ جب اس نے مجھے یہ رسالہ دیا اور میں نے اسے پڑھا تو مجھے اسے پڑھ کر بہت خوشی ہوئی کہ آج کل اس افراتفری کے عالم میں اتنے اچھے لوگ بھی ہیں جو دوسروں کی پریشانیوں کا احساس کرتے ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



محترم حضرت حکیم صاحب! میرے گھر میں لڑائی جھگڑے' اولاد کی نافرمانی اور معاشی پریشانیاں بہت زیادہ تھیں' میں تین بچوں کی ماں ہوں۔ میں نے ایک دن رسالہ عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون میں یاقہّارُ وظیفے کا پڑھا تو میں ایک مہینے سے یاقہّارُ گیارہ سو مرتبہ پڑھ رہی ہوں۔ دن میں کسی وقت بھی یہ پڑھ لیتی ہوں۔ جب میں نے پہلے دو دن تک یہ پڑھا تو مجھے اپنے دائیں جانب سے شدید رونے کی آواز آنا شروع ہوئی جیسے کوئی بہت زیادہ رونے کے بعد سسکیاں لیتا ہے میں نے مڑ کر دیکھا تو کوئی بھی نہیں تھا۔ اس دن کے بعد میری طبیعت میں جیسے سکون سا آگیا اور ہمارے گھر کے کافی مسائل بھی حل ہوئے۔

(ش۔پ)

## یاقہّارُ کی برکت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ عبقری بہت ہی زبردست ہے۔ میرے ساتھ مسئلہ یہ تھا کہ مجھے نیند بہت زیادہ آتی تھی' سارا سارا دن اور رات سو کر گزارتا پھر بھی میری نیند پوری نہ ہوتی تھی۔ بہت سے ڈاکٹروں سے ادویات لیں لیکن جب تک دوائی کھاتا تب تک ٹھیک رہتا لیکن جیسے دوائی چھوڑی مرض پھر ویسے کا ویسے ہی رہتا۔ عبقری رسالہ میں میں نے ایک دفعہ علامہ لاہوتی صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' سے یاقہّارُ کا پڑھا پھر میں نے یاقہّارُ کھلا پڑھنا شروع کر دیا۔ محترم حضرت حکیم صاحب اس وظیفہ میں بہت برکت ہے۔ اس کی برکت سے میری نیند میں بہت کمی واقع ہوئی ہے ورگرنہ میں تو اس بیماری سے دنیا سے کٹ کر ہی رہ گیا تھا۔ (محمد انور کمال صاحب، وزیرآباد)

## ڈر اور خوف ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں ایک مسئلہ ہے وہ یہ کہ گھر میں ڈر وخوف بہت زیادہ محسوس ہوتا ہے۔ نقصان بہت زیادہ ہوتا ہے' چیزیں گم ہوجاتی تھیں' دودھ کا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بہت نقصان ہوتا تھا' بچے کھاتے ہوئے کھانا گرادیتے تھے' چلتے چلتے گر پڑتے تھے' خوف ہمارے اندر بہت زیادہ بیٹھ گیا تھا' کاروبار بند ہوگیا تھا۔ میں نے عبقری میں یَاقَھَّارُ کا وظیفہ پڑھا۔ میں یَاقَھَّارُ کا وظیفہ پچھلے دوسال سے پڑھ رہی ہوں پہلے سے بہت زیادہ فرق ہے' میں نے پانی میں پاؤں رکھ کر گیارہ دن عمل کیا ہے۔ اللہ کا بڑا فضل ہے۔

## اس عمل کی کیا بات ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کا رسالہ ماہنامہ عبقری پڑھا مجھے بہت پسند آیا ہے' خاص طور پر سلسلہ جنات کا پیدائشی دوست......! میں نے آپ کے دفتر سے کتاب ''جنات کا پیدائشی دوست'' منگوائی اور وہ میں نے بڑے شوق سے پڑھی ہے اور اس میں جتنے وظائف ہیں ان پر عمل بھی کیا اور جن لوگوں کو بتایا ہے ان کو اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے۔ خاص طور پر اسم یَاقَھَّارُ کی تو کیا بات ہے......! اس وظیفے سے لوگوں کے اتنے مسائل حل ہوئے ہیں کہ میں بھی حیران و پریشان ہوں۔ اب تو جنات مجھے خواب میں آکر ڈراتے ہیں کہ تم یہ وظیفہ لوگوں کو کیوں دیتی ہو؟ میں نے یَاقَھَّارُ کے تعویذ بھی لکھے ہیں اور صدقہ جاریہ کے طور پر ہر کسی کو دیتی ہوں۔ (ر۔گ)

## پورا خاندان بلاؤں کے گھیرے میں!!

میں اپنے بچوں کی بربادی نہیں دیکھ سکتی جس طرح میری ماں نے دیکھ لی۔ ہمارا پورا خاندان ان بلاؤں کے گھیرے میں ہے۔ میں اپنے ہسپتال اور مریضوں کی مصروفیت کے باوجود ہروقت یَاقَھَّارُ کا ورد کرتی رہتی ہوں۔ اللہ کے آگے رورو کر آنکھیں سوج جاتی ہیں' ہچکی بندھ جاتی ہے مگر پریشانی ہے کہ جاتی ہی نہیں...... میرے ہاتھ آپریشن بڑا اچھا کرتے تھے۔ بڑی شہرت بھی تھی' اب ہاتھ سوئے پڑے ہیں۔ ساری رات درد کرتے ہیں۔ لکھنا بھی دوبھر ہے۔ ہم بے گناہ ہیں' ہم نے اس مخلوق کو تنگ نہیں کیا۔ وہ ہمیں تنگ کررہی ہے۔ براہ مہربانی میرے لیے دعا کریں۔ (ڈاکٹر ن۔م)

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## نیک جنات کی وجہ سے حاجت پوری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے ''جنات کا پیدائشی دوست'' کتاب منگوائی اور بڑے شوق سے پڑھی' مجھے اس کتاب کے پڑھنے سے اتنا فائدہ ہوا کہ میں بتا نہیں سکتا۔ اس میں دیئے گئے اعمال کرنے سے میری بہت سی جائز حاجات نیک جنات کی وجہ سے اللہ نے پوری کردیں۔ خاص کر یاقہّارُ کھلا پڑھنے اور اذان والے عمل سے بہت فائدہ ہوا ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب اللہ آپ کو اس کا بہترین بدلہ عطا فرمائے۔ (محمد ابراہیم صاحب، ڈیرہ اسماعیل)

## کالے جادو سے 5 روز میں نجات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے رسالہ ماہنامہ عبقری کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ مجھ پر' میرے کاروبار اور میرے گھر پر کسی شخص نے کالا جادو کر رکھا تھا جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھا اور نوبت فاقوں تک آگئی تھی۔ میں نے عبقری رسالہ میں سے پڑھ کر موتی مسجد کے نفلوں والا عمل اور جنات کا پیدائشی دوست کتاب میں سے پڑھ کر یاقہّارُ سارا دن پاگل بن کر پڑھا تو اللہ پاک نے صرف چار سے پانچ روز میں ہی میرا مسئلہ حل کر دیا۔ یہ سب اللہ کے پاک نام کی برکات ہیں کہ ہمارا ایک بہت بڑا مسئلہ حل ہو گیا اور آپ کے لیے خاص طور پر دل سے دعائیں نکلتی ہیں کہ آپ کے رسالہ عبقری کی وجہ سے لاکھوں انسانوں کی مدد ہو رہی ہے۔ اللہ پاک اس کا آپ کو اجر عطا فرمائیں۔ (عثمان اشرف صاحب، لاہور)

## ناامیدی' پریشانیوں سے چھٹکارا

محترم حضرت حکیم صاحب! میرے گھر پر تقریباً 20 سال سے پریشانیوں نے اپنا ڈیرہ جمایا ہوا تھا لیکن اب آہستہ آہستہ یہ پریشانیاں کم ہو رہی ہیں۔ میرا بڑا بیٹا بہت زیادہ نافرمان تھا' انتہائی بگڑا ہوا تھا ایسی کوئی خامی نہیں تھی جو اس میں نہ ہو۔ میں نے یاقہّارُ (صبح و شام گیارہ گیارہ سو مرتبہ) اور سورۂ اخلاص والے نوافل کا جو طریقہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



علامہ لاہوتی صاحب نے عبقری میں بتایا اس کو کرنا شروع کیا ان اعمال نے میرے بچے کی زندگی میں بڑا بدلاؤ شروع کر دیا ہے۔ اب وہ کبھی کبھی نماز بھی پڑھ لیتا ہے اور میرے ساتھ بھی بہت ادب سے بات کرتا ہے۔ میرا دوسرا بیٹا جو ذرا لاپرواہ تھا وہ یاقہارُ کے ورد سے کافی سلجھ گیا ہے پڑھائی پر بھی توجہ دینا شروع ہو گیا ہے اور پانچ وقت کی نماز کی طرف بھی راغب ہو گیا ہے۔

## یاقہارُ اور ناکام جادوگر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے تقریباً ڈھائی تین ماہ پہلے مجھے وہ جادوگر خواب میں نظر آیا جس نے ہمارے گھر میں گندے جنات چھوڑے تھے وہ کہہ رہا تھا کہ میں آپ کا کام تمام کر دوں گا۔ اچانک میرے منہ سے مسلسل یاقہارُ نکلنا شروع ہو گیا کچھ ہی دیر کے بعد وہ جادوگر چیخیں مارنا شروع ہو گیا اور اور وہاں سے بھاگ گیا اور پھر میری آنکھ کھل گئی۔ اس دن کے بعد ہمارے گھر میں کافی سکون ہے۔

**(بلال آصف صاحب، پھالیہ)**

## تڑپتی بھینس اور یاقہارُ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بہت زیادہ پریشانیوں میں گھرا ہوا تھا' میں مستقل مزاج نہ تھا کسی بھی کام میں میرا دل نہیں لگتا تھا' مجھ سے اکثر گناہ سرزد ہو جاتے تھے' نماز میں بھی مستقل دھیان نہیں رہتا تھا۔ لوگ مجھے نالائق سمجھتے تھے شاید حقیقت بھی ہو...... !لیکن پھر میں نے عبقری میں یاقہارُ کا وظیفہ پڑھا اور یاقہارُ (صبح و شام گیارہ گیارہ سو مرتبہ) پڑھنا شروع کر دیا۔ ایک رات میں نے خواب میں ایک بڑی سی بھینس دیکھی جب اس نے مجھے دیکھا تو میں نے یاقہارُ پڑھنا شروع کر دیا...... !میں پڑھتا جاتا...... !اور وہ بھینس تڑپتی جاتی اور آخر کار مر گئی اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ اس کے بعد میری کافی پریشانیاں حل ہوئیں ہیں اور نماز میں بھی دھیان بڑھا ہے۔ **(بلال احمد صاحب، پشاور)**

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## میں چلنے کے قابل ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ عطا کرے۔ محترم حضرت حکیم صاحب عبقری رسالہ سے تقریباً ہم چار پانچ ماہ پہلے ملے، ہم بہت پریشان تھے، میں نے رسالہ عبقری میں سے یَاقَہَّارُ کا عمل دیکھا میں نے وہ تین ماہ یعنی 90 دن مسلسل (صبح و شام گیارہ گیارہ سو مرتبہ) پڑھا مجھے بہت فائدہ ہوا ہے۔ میری ٹانگیں سوج کر اکڑ گئیں تھی اور میں چلنے پھرنے کے قابل نہ تھی ہر قسم کا علاج کروایا لیکن فائدہ نہ ہوتا تھا پھر معلوم کروانے پر پتہ چلا کہ مجھ پر جادو کے اثرات ہے۔ جب میں نے یَاقَہَّارُ والا وظیفہ نوے دن کیا تو میری ٹانگیں جو پہلے سوجی ہوئیں تھیں اب ان کی سوجن بھی کم ہوگئی ہے اور اکڑن بھی ختم ہوگئی ہے اور میں چلنے کے قابل بھی ہوگئی ہوں۔ (م۔پ، ملتان)

## یَاقَہَّارُ سے شوہر کا قہر کم کریں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے میاں کو غصہ بہت زیادہ آتا تھا، چھوٹی چھوٹی باتوں پر گھر میدان جنگ بن جاتا تھا اور بعض اوقات تو مجھ پر ہاتھ اٹھانے سے بھی گریز نہیں کرتے تھے۔ جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھی۔ میں عبقری رسالہ میں علامہ لاہوتی صاحب کے مضمون "جنات کا پیدائشی دوست" سے یَاقَہَّارُ والا عمل دیکھا اور یَاقَہَّارُ کا نقش لکھ کر شوہر کے تکیہ میں رکھ دیا۔ کچھ دنوں بعد ہی ہم سب نے محسوس کیا کہ ان کا غصہ بہت کم ہوگیا ہے اور اب وہ سب کے ساتھ بہت محبت و شفقت کے ساتھ پیش آتے ہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! آپ دکھی لوگوں کی مدد کر رہے ہیں اللہ پاک آپ کو جزائے خیر دے۔ آمین! (ف۔ذ)

## بے جان جسم میں جان آگئی

محترم حضرت حکیم صاحب! میرے ایک چچا کا بیٹا ہے وہ بھی یتیم ہے اور ہاتھ پاؤں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سے معذور ہے' میں نے اسے ایک فون کیا اور کہا بھائی تو سارا دن فارغ بیٹھا رہتا ہے سارا دن بیٹھ کر اللہ کا ذکر کیا کر۔ اس نے مجھے کہا بھائی آپ بتائیں گے تو میں ضرور پڑھوں گا' میں نے اس کو جنات کا پیدائشی دوست میں موجود وظیفہ یَاقَہَّارُ کا وظیفہ بتایا اور کہا اس کو سارا دن کھلا پڑھو اور اس سے کہا کہ پھر مجھے بتانا کہ تمہیں کیا فائدہ ہوا اور جو بھی خواب دیکھو وہ بھی مجھے بتایا کرو۔ میں اکثر اس کو فون کر کے پوچھتا ہوں کہ بتاؤ آپ کو کیا فائدہ ہوا اس نے مجھے بتایا کہ پہلے ہر وقت میرے جسم پر بوجھ رہتا تھا لیکن اب اس وظیفہ کی برکت سے جسم بہت ہلکا رہتا ہے اور بہت سکون ملتا ہے اور اب ماشاء اللہ صحت بھی بنتی جا رہی ہے۔ ایسے ہے جیسے میرے بے جان جسم میں جان پڑتی جا رہی ہے۔

## ساری بیماریاں ختم

اسی طرح ایک دن میں نے اپنی پھوپھی کو فون کیا ان سے ان کا حال پوچھا۔ میری پھوپھی جان کہنے لگیں بیٹا! چار مہینے سے بیمار ہوں۔ روزانہ انجکشن لگتے ہیں' میں نے انہیں بھی جنات کا پیدائشی دوست میں سے یَاقَہَّارُ کا وظیفہ پڑھنے کیلئے دیا اور انہیں کہا کہ سارا دن وضو بے وضو کھلا پڑھیں۔ پھر ہفتے کے بعد میں نے فون کر کے پوچھا۔ پھوپھی جان کہنے لگیں بیٹا! میری ساری بیماریاں ختم ہوگئی ہیں۔ یہاں تک کہ بچے بیمار رہتے تھے وہ بھی ٹھیک ہو گئے ہیں۔ میرا جسم بالکل ہلکا ہوگیا ہے۔ پہلے مجھے ساری ساری رات نیند نہیں آتی تھی اب میں پر سکون نیند سوتی ہوں۔ (ر۔ج)

## یَاقَہَّارُ نہ پڑھ' میں تمہیں مالامال کر دونگی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ واقعہ میرے شوہر کے ساتھ ستمبر 2011ء میں ہوا ایک دفعہ وہ دن کو اکیلے کہیں سے آرہے تھے تو راستے میں ایک بچے نے انہیں پیچھے سے تھپڑ مارا اور ان کے سامنے آکر ہنسنے لگا' میرے شوہر نے اس بچے سے کہا کہ میں ابھی تجھے سبق سکھاتا ہوں...... ! پھر اس بچے کے پیچھے گئے تو ایک بڑھیا سامنے آگئی اس بڑھیا نے بچے کا ہاتھ پکڑ لیا بچے نے بڑھیا کو کہا کہ چھوڑو مجھے اس سے لڑنا

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہے' بڑھیا کہنے لگی: کیوں اس کے پیچھے پڑ گئے ہوں' چھوڑ دو اسے...... بچہ کہنے لگا یہ میرے گھر سے گزرا ہے' میں اسے نہیں چھوڑ وگا۔ بڑھیا زبردستی بچے کا ہاتھ پکڑ کر لے گئی' میرا شوہران کے پیچھے گیا کہ تم نے مجھے بلا وجہ تھپڑ کیوں مارا ہے اور وہ دونوں آگے آگے اور میرا شوہران کے پیچھے پیچھے...... آگے جا کر وہ دونوں جھاڑیوں میں غائب ہو گئے۔ پھر میرے شوہر کو معلوم ہوا کہ یہ تو جنات ہیں پھر گھر آ کر اپنے گدھے کے قریب گئے تو کہنے لگے کہ مجھے گدھے نے ٹانگ ماری ہے' پھر کہنے لگے میرے گدھے نے نہیں بلکہ اس کے ساتھ ایک دوسرا گدھا تھا جس نے مجھے ٹانگ ماری ہے۔ رات کو عشاء کے وقت کہنے لگے کہ اس نہر کے کنارے بہت سے لوگ آپس میں لڑ رہے ہیں۔ ایک آدمی بڑے قد والا ہے اس کے ہاتھ میں تلوار ہے وہ دوسرے چھوٹے قد والے لوگوں کی گردنیں کاٹ کر کھائے جا رہا ہے۔ رات کو بارش ہوئی ہم باہر صحن میں سو رہے تھے میں نے اپنے شوہر سے کہا کہ اٹھو چارپائی اندر کریں' بارش ہو رہی ہے تو مجھے کہنے لگے کیسے اٹھوں میری ٹانگ تو ٹوٹی ہوئی ہے۔ اس طرح ساری رات ہمیں تنگ کرتے رہے نہ خود سوئے نہ دوسروں کو سونے دیا...... ساری رات پاگلوں کی طرح باتیں کرتے رہے' ہم نے سمجھا شاید پاگل ہو گئے ہیں...... پھر ہمیں معلوم ہوا کہ انہیں تو جنات نے ڈرایا ہے۔ صبح ہم انہیں کسی کے پاس دم کروانے کے لیے لے گئے تو انہوں نے بتایا کہ اسے جنات نے بہت زیادہ ڈرایا ہے۔ دم کروا کر ہم واپس آ رہے تھے تو گھر تک تین گھنٹے کا سفر تھا سارے راستے میں آیۃ الکرسی پڑھتی رہی پھر مجھے کہنے لگے کیا پڑھ رہی ہو؟ میں نے گھبرا کر کہا میں تو حکیم صاحب کا دیا ہوا وظیفہ پڑھ رہی ہوں...... پھر مجھے کہنے لگے یہ نہ پڑھو ورنہ میں گھر نہیں جاؤں گا۔ تم ان بیچاروں کے پر جلا رہی ہو...... میں نے کہا میں پڑھوں گی جب یہ ہمارا احساس نہیں کرتے تو ہم کیوں ان کا احساس کریں۔ ساری رات انہوں نے ہمیں سونے نہیں دیا۔ ہم نے انہیں بہت دم تعویذ کرنے والوں کو دکھالیا لیکن کہیں سے بھی انہیں آرام نہ آیا ایک

www.iqbalkalmati.blogspot.com


سال تک یہی حالت رہی عجیب باتیں کرتے...... عجیب حرکتیں کرتے...... اس دوران بہت زیادہ واقعات ہوئے تھے جن میں سے صرف چند میں نے اوپر لکھے ہیں۔

میرے بڑے بیٹے نے جب عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری کا یَاقَهَّارُ کا وظیفہ پڑھا (صبح وشام گیارہ گیارہ تسبیح) تو اس نے ہمیں بتایا اور میں نے اپنے شوہر کو بھی کہا کہ سارا دن یَاقَهَّارُ کا ورد کریں' اس دن سے لے کر آج تک ہمیں سکون ہے۔ اس کے بعد میرے شوہر کے پاس وہ جنات نہیں آئے۔ چند دن پہلے میرے شوہر مغرب کے وقت گھر سے باہر نکلے تو گھبرا کر آ کر کہنے لگے کہ ایک عورت اچانک میرے سامنے آ گئی اور کہنے لگی یَاقَهَّارُ نہ پڑھو میں تمہیں مالا مال کر دوں گی۔ میرے شوہر نے کہا اس سے کہ میں یَاقَهَّارُ پڑھنا نہیں چھوڑوں گا۔ **(فرزانہ یوسف)**

## بچیوں کو شریر جنات سے چھٹکارا مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں علامہ لاہوتی صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کا بہت شوق سے مطالعہ کرتا ہوں اور بہت مستفید ہوتا ہوں۔ علامہ صاحب کے بتائے ہوئے وظائف سے بہت ہی زیادہ فائدہ ہوا ہے۔ خاص کر یَاقَهَّارُ کا وظیفہ تھال میں پاؤں رکھ کر پڑھنا اس سے بہت فائدہ ہو رہا ہے۔

**(س۔ب، لاہور)**

## یَاقَهَّارُ کا خاص الخاص عمل اور عامل

کچا برتن' پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔ چارپائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبو لیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبو لیں' پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یَاقَهَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے' جس گناہ سے' جس عیب سے' جس بدکاری سے' یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ پڑھنا شروع

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کر دیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو قبلہ رخ بیٹھ کر پانی روز بدلنا ہے اس پانی کو گرا دیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے گیارہ دن اکیس دن اکہتر دن اکانوے دن۔ آپ پڑھیں۔ صبح وشام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہوگا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔

میں عرصہ 30 سال سے عملیات کا کام کر رہا ہوں لیکن عبقری میں جنات کے بتائے وظائف کی کیا بات ہے۔ عبقری تقریباً 8 ماہ سے پڑھ رہا ہوں یاقہّارُ کے وظیفے سے الحمدللہ لڑکیوں کو غلط جنات سے چھٹکارا مل رہا ہے۔ میرے پاس جب بھی کوئی اس طرح کا کیس آتا ہے تو میں انہیں یاقہّارُ کا عمل بتا دیتا ہوں الحمدللہ اس کے بہت زبردست رزلٹ مل رہے ہیں۔ (**محمد ابراہیم چشتی صاحب، ڈیرہ اسماعیل خان**)

## یاقہّارُ کا ورد اور رونے کی آوازیں

مؤدبانہ گزارش ہے کہ سب سے پہلے تو حضرت حکیم صاحب اتنا اچھا رسالہ نکالنے پر خصوصی مبارکباد پیش کرتی ہوں میری عبقری سے ملاقات ستمبر 2011ء میں ہوئی۔ میری ایک سہیلی نے مجھے اس رسالے کے بارے میں بتایا۔ جب اس نے مجھے یہ رسالہ دیا اور میں نے اسے پڑھا تو مجھے اسے پڑھ کر بہت خوشی ہوئی کہ آج کل اس افراتفری کے عالم میں اتنے اچھے لوگ بھی ہیں جو دوسروں کی پریشانیوں کا احساس کرتے ہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میرے گھر میں لڑائی جھگڑے اولاد کی نافرمانی اور معاشی پریشانیاں بہت زیادہ تھیں میں تین بچوں کی ماں ہوں۔ میں نے ایک دن رسالہ عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون میں یاقہّارُ وظیفے کا پڑھا تو میں ایک مہینے سے یاقہّارُ گیارہ سو مرتبہ پڑھ رہی ہوں۔ دن میں کسی وقت بھی یہ پڑھ لیتی ہوں۔ جب میں نے پہلے دو دن تک یہ پڑھا تو مجھے اپنے دائیں جانب سے شدید رونے کی آواز آنا شروع ہوئی جیسے کوئی بہت زیادہ رونے کے بعد سسکیاں لیتا ہے میں نے مڑ کر دیکھا تو کوئی بھی نہیں تھا۔ اس دن کے بعد میری طبیعت میں جیسے سکون سا آ گیا اور ہمارے گھر کے کافی مسائل بھی حل ہوئے۔ (ش۔پ)

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## ناامیدی‘ پریشانیوں سے چھٹکارا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے رسالہ عبقری کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ یہ واقعی ناممکن پریشانیوں سے نجات کا ذریعہ ہے۔ علامہ لاہوتی صاحب کی کتاب ”جنات کا پیدائشی دوست“ نے میری زندگی کے رخ کو بدلنے میں میری کافی مدد کی ہے۔ پہلے جو میں مایوسی‘ ناامیدی اور پریشانیوں میں ڈوبی ہوئی تھی اب ان وظائف کو کرنے کی جو کمزور سی کوشش کر رہی ہوں وہ میرے اعصاب کو نہایت سکون بخش رہی ہے۔ وہ پریشانیاں جو مجھ پر ہوا کی طرح سوار تھیں وہ اب بہت ہلکی محسوس ہو رہی ہیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب! میرے گھر پر تقریباً 20 سال سے پریشانیوں نے اپنا ڈیرہ جمایا ہوا تھا لیکن اب آہستہ آہستہ یہ پریشانیاں کم ہو رہی ہیں۔ میرا بڑا بیٹا بہت زیادہ نافرمان تھا‘ انتہائی بگڑا ہوا تھا ایسی کوئی خامی نہیں تھی جو اس میں نہ ہو۔ میں نے یاقہارُ (صبح و شام گیارہ گیارہ سو مرتبہ) اور سورۂ اخلاص والے نوافل کا جو طریقہ علامہ لاہوتی صاحب نے عبقری میں بتایا اس کو کرنا شروع کیا ان اعمال نے میرے بچے کی زندگی میں بڑا بدلاؤ شروع کر دیا ہے۔ اب وہ کبھی کبھی نماز بھی پڑھ لیتا ہے اور میرے ساتھ بھی بہت ادب سے بات کرتا ہے۔ میرا دوسرا بیٹا جو ذرا لاپروا تھا وہ یاقہارُ کے ورد سے کافی سلجھ گیا ہے پڑھائی پر بھی توجہ دینا شروع ہو گیا ہے اور پانچ وقت کی نماز کی طرف بھی راغب ہو گیا ہے۔

## میں چلنے کے قابل ہو گئی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ عطا کرے۔ محترم حضرت حکیم صاحب عبقری رسالہ سے تقریباً ہم چار پانچ ماہ پہلے ملے‘ ہم بہت پریشان تھے‘ میں نے رسالہ عبقری میں سے یاقہارُ کا عمل دیکھا میں نے وہ تین ماہ یعنی 90 دن مسلسل (صبح و شام گیارہ گیارہ سو مرتبہ) پڑھا مجھے بہت فائدہ ہوا ہے۔ میری ٹانگیں سوج کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اکڑ گئیں تھی اور میں چلنے پھرنے کے قابل نہ تھی ہر قسم کا علاج کروایا لیکن فائدہ نہ ہوتا تھا پھر معلوم کروانے پر پتہ چلا کہ مجھ پر جادو کے اثرات ہے۔ جب میں نے یَاقَهَّارُ والا وظیفہ نوے دن کیا تو میری ٹانگیں جو پہلے سوجی ہوئیں تھیں اب ان کی سوجن بھی کم ہوگئی ہے اور اکڑن بھی ختم ہوگئی ہے اور میں چلنے کے قابل بھی ہوگئی ہوں۔ (م۔پ، ملتان)

## ایک ہی دن میں مالک دکان بن گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

چند ماہ پہلے ماہنامہ عبقری سے یَاقَهَّارُ کے فضائل پڑھے تو دن رات وضو بے وضو جب یاد آتا اس اسم پاک کا ورد کرنے لگتا۔ ایک ڈیڑھ ماہ میں ہی اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی نعلین پاک کے طفیل میرے کاروبار کا وسیلہ بنادیا۔ میں سیلز مین تھا اللہ تعالیٰ نے ایک ہی دن میں مجھے اپنی ذاتی دکان کا مالک بنا دیا۔ ایسا وسیلہ بنایا کہ وہم وگمان میں بھی نہیں تھا۔ بہت سی رکاوٹیں بھی کھڑی کی گئیں جس دکان پر میں سیلز مین تھا اور چھ سال تک جن کیلئے اپنائیت کے ساتھ اپنی تنخواہ سے بڑھ کر کام کرتا رہا اور اپنی دکان کا بیعانہ دینے کے لیے ساتھ لے کر گیا انہوں نے میرا بیعانہ واپس کروانے کی اور میرا سودا خراب کرنے کی خفیہ سازشیں کی لیکن پاک پروردگار نے آپ کی دعاؤں کے صدقہ مجھے ہر سازش سے محفوظ رکھا۔ (نوید احمد صاحب، لاہور)

## اکیس سال پرانا جادو ختم

میرا مسئلہ بہت پرانا تھا' میری شادی کو اکیس سال ہو گئے ہیں' ان اکیس سالوں میں مجھے کبھی سکون نہیں ملا' کبھی کبھی پاگلوں کی طرح حرکت کرتی تھی' پہلے گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے تھے' جھگڑوں کے دوران بیماری کے جھٹکے لگتے تھے مثلاً اچانک ایک سو چار بخار یا سانس کی بیماری اتنی شدید ہوتی تھی' سانس لینا مشکل ہوجاتا تھا' پھر پورے ایک سال میرے شوہر اور میرے بچوں پر زبردست جادو ہوا' قرآن پاک سب نے پڑھا ہوا ہے کسی کا دل نہیں کرتا تھا قرآن پاک پڑھنے کو۔۔۔ سکون بالکل

www.iqbalkalmati.blogspot.com



نہیں تھا۔ پچھلے سال آپ کا عبقری رسالہ پڑھا' دل کو بڑی خوشی ہوئی' آپ کے رسالے کے ایک مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں ''یَاقَہَّارُ'' پڑھا ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھتی ہوں۔ اللہ کے کرم سے نماز کی پابندی کر رہی ہوں' پہلے سے بہت زیادہ فرق ہے۔ گھر میں اب قرآن کھلنا شروع ہو گیا ہے۔ مجھے اب امید کی کرن یَاقَہَّارُ کی شکل میں نظر آئی ہے اور ہمارے مسائل کافی حد تک ٹھیک ہو چکے ہیں۔

(ب۔ج)

## شریر جنات سے جان چھوٹ گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ماہنامہ عبقری سے ملاقات ایک اخبار والے کے ذریعے سے ہوئی' یہ ماہ ستمبر 2012ء کا رسالہ تھا' جب میں نے پڑھ لیا اسی وقت لاہور میں نے آپ کے دفتر میں فون کیا کیونکہ مجھے ''جنات کا پیدائشی دوست'' کتاب چاہیے تھی کیونکہ مجھے ایسی ہی ایک کتاب کی برسوں سے تلاش تھی۔ محترم حضرت حکیم صاحب! مجھے شریر جنات نے کافی سالوں سے پریشان کیا ہوا تھا ہر وقت گھر میں نقصان ہی نقصان ہو رہا تھا۔ میں نے عبقری رسالہ میں سے دیکھ کر یَاقَہَّارُ والے نقش کے تین تعویذ بنائے اسی طریقے کے مطابق جو کہ رسالہ میں درج تھے۔ ایک جس کمرے میں میں عبادت کرتا ہوں وہاں لگایا ہوا ہے' ایک گیلری میں لگایا ہوا ہے اور تیسرا اپنی جیب میں رکھتا ہوں تاکہ ہر وقت میرے ساتھ رہے کیونکہ گاڑی چلاتے ہوئے بھی وہ شریر جنات وار کر سکتے ہیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ جب سے میں نے یہ تعویذ رکھے ہیں مجھے اللہ نے ان شریر جنات کے وار سے محفوظ رکھا ہوا ہے اور گھر میں امن و سکون ہے۔

(افراہیم شاہ صاحب، کوہاٹ)

## معذور کر دینے کی دھمکی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض ہے کہ میں خیریت سے ہوں اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com


آپ کی خیریت کیلئے اللہ پاک سے دعا گو ہوں کہ اللہ رب العزت آپ کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے اور آپ کی صحت میں' عمر میں اللہ پاک برکت دے۔ آمین! صورت حال کچھ یوں ہے کہ ہم 2009ء سے عبقری کا مطالعہ کرر ہے ہیں والدہ صاحبہ کو شوگر ہے' ہم نے افحسبتم اور اذان والا عمل شروع کیا صبح وشام جو سات مرتبہ پڑھ کر سب گھر والے ان کو دم کرتے رہے ایک ماہ بعد جنات نے گڑبڑ کرنی شروع کر دی اور طرح طرح کی پریشانی شروع ہوگئی ایک چھوٹی بہن کے اوپر جنات ظاہر ہوئے وہ ایک جننی ہے جو کہہ رہی تھی کہ یہ وظیفہ پڑھنا چھوڑ دو ورنہ میں اس کو فالج کر کے معذور کردوں گی۔ ہم نے وظیفہ پڑھنا نہ چھوڑا بلکہ اور تیز کر دیا' پانچ ٹائم پڑھنا شروع کر دیا' انہوں نے مزید تکلیف دی تو ہم نے صبح کی نماز کے بعد 300 مرتبہ افحسبتم اور اذان پڑھنی شروع کر دی اور جب وہ ظاہر ہوتے تو ہم یاقھّارُ پڑھنا شروع کر دیتے جب سے ہم نے تین سو مرتبہ پڑھنا شروع کیا اور پانی پر دم کر کے گھر کے چاروں کونوں میں چھینٹے مارنے شروع کر دیئے اور والدہ صاحبہ نے ہر نماز کے بعد 200 مرتبہ یاقھّارُ پڑھنا شروع کیا اس دن کے بعد مکمل خاموشی ہے اب سمجھ نہیں آتی کہ صفائی ہوگئی کہ نہیں 12 دن ہو گئے ہیں خاموشی ہے۔ حکیم صاحب جب بھی جنات ظاہر ہوتے ہیں تو ہم یاقھّارُ پڑھتے ہیں تو وہ فوراً بھاگ جاتے ہیں۔

## یاقھّارُ کے ورد سے بہتری ہی بہتری

اللہ رب العزت آپ کے درجات بلند کرے' آپ کو صحت اور لمبی زندگی عطا فرمائے۔ آمین!

محترم حضرت حکیم صاحب! میں آپ کا ماہنامہ عبقری باقاعدگی سے پڑھتا ہوں' عبقری کے ایڈیشن نمبر 84 میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں ایک ورد یاقھّارُ کے متعلق پڑھا' میں نے اُسی ترتیب سے وہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ورد آج سے تین مہینے پہلے شروع کیا' اُس رسالہ میں ورد کے دو تین طریقے شائع ہوئے تھے جن میں سے میں نے ایک طریقہ اپنایا وہ یہ تھا کہ صبح وشام گیارہ گیارہ سو مرتبہ یَاقَھَّارُ پڑھنا ہے اس کے علاوہ سارا دن جتنا پڑھ سکیں پڑھیں' جتنا زیادہ پڑھیں گے' اتنا زیادہ نفع حاصل ہوگا۔ میں نے ورد شروع کیا لیکن اگر کسی وجہ سے ورد میں کوئی کوتاہی آجاتی تو صبح وشام لازمی طور پر گیارہ سو کی تعداد پوری کرتا ہوں جیسا کہ رسالہ میں ذکر کیا گیا تھا کہ جب ہم یہ ورد شروع کریں گے تو اس ورد کو کرنے سے ایک انوکھی طاقت خواب کے ذریعے ہمیں روکے گی۔ لیکن ہمیں ورد کو جاری رکھنا ہوگا۔ میرے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا۔ مجھے بھی رات کو خواب میں یہ اشارہ ملا کہ میں اس ورد کو ترک کردوں لیکن میں نے اب تک اس ورد کو جاری رکھا ہوا ہے اور باقاعدگی سے کرتا ہوں اور الحمدللہ اس کے بہت اچھے نتائج دن بدن سامنے آرہے ہیں اور میرے مسائل حل ہورہے ہیں۔ (حسن امین صاحب، ٹیکسلا)

## یَاقَھَّارُ کے کمالات

بندہ ناچیز کا قرآن وحدیث اور روحانی وظائف سے بچپن سے تعلق ہے' اللہ کا لاکھ لاکھ احسان ہے کہ اللہ نے قرآن وحدیث اور روحانی وظائف کی نسبت والدین اور اساتذہ کرام کی دعاؤں سے بہت کچھ دیا ہے۔ اللہ پاک نے حکمت کا علم بھی عطا فرمایا ہے۔ بزرگوں' اہل اللہ' علماء کرام قاری قرآن' نیک لوگوں کی صحبت میں بیٹھنے اور ان کی خدمت کے عوض اللہ پاک نے بہت کچھ عنایت فرمایا ہے۔ مزید دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کے علم میں اضافہ فرمائے آمین۔ فروری 2013ء میں ماہنامہ عبقری سے تعارف ہوا۔ تعارف کیا ہوا' بس عبقری رسالہ اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب اور حضرت حکیم صاحب سے عقیدت اور محبت سی ہوگئی ہے۔ اللہ پاک مزید عبقری ادارہ' عبقری رسالہ' عبقری ادویات اور علامہ لاہوتی پراسراری کے علم وعمل میں برکت عطا فرمائے۔ آمین! اسم یَاقَھَّارُ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ہے' اس کا معنی ہے (زور والا) اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com



واقعی ہر مسلمان کا یہ عقیدہ ہے کہ اللہ وہ ہستی وہ ذات ہے جو سب سے زیادہ طاقت ور اور زبردست زور والا ہے۔ اللہ کے آگے کل کائنات' کل جہان' زمینوں' آسمانوں' پہاڑوں' سمندروں' ریگستانوں کی تمام مخلوقات چاہے جن ہوں یا انسان سب کی سب چیزیں کوئی حیثیت یا وقعت نہیں رکھتی ہیں کیونکہ سب جہانوں کا پیدا کرنے والا اللہ ہے۔ اللہ کا ہر چیز پر قبضہ ہے۔ اللہ جیسے چاہتا ہے بس وہ فوراً ہو جاتا ہے اور اگر اللہ جو نہیں چاہتا زمین و آسمان کی تمام مخلوقات زور لگا کر دیکھ لیں کہ وہ ہو جائے وہ نہیں ہوگا۔ محترم قارئین! یہ روحانی وظائف' روح اور جسم انسانی کی نشوونما اور پاکیزگی کا ذریعہ خاص طور پر قرب الٰہی کا ذریعہ ہیں۔ یہ روحانی وظائف اور قرآنی آیات اللہ کا ذکر ہی ہیں۔ ان وظائف کی افادیت و اہمیت' طاقت صرف وہی لوگ جانتے ہیں جو اہل علم اہل عمل' اللہ پر پختہ یقین اور اپنے پیر و مرشد شیخ کامل کی اتباع اللہ اور اللہ کے حبیب سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حکموں اور طریقوں پر زندگی گزارنے والے ہوتے ہیں جو یہ چاہے کہ میں خود اکیلے پیر و مرشد کے بغیر منازل طے کرلوں گا یہ نہیں ہو سکتا بلکہ وہ الٹا نقصان اٹھائے گا اور ایسے کئی لوگ اس دنیا میں ہم نے دیکھے ہیں جنہوں نے پیر و مرشد کے بغیر روحانی علوم میں ترقی و منازل طے کرنے کی کوششیں کیں یا تو وہ پاگل ہو گئے ہیں یا پھر اپنا ایمان دے بیٹھے ہیں۔ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب' حضرت حکیم صاحب نے عبقری رسالہ میں چونکہ افادہ عام کی خاطر عبقری رسالہ پڑھنے والے تمام قارئین کو ان وظائف کی اجازت دے رکھی ہے۔ لہٰذا مجھے امید ہے جو انسان یہ وظائف نہایت ذوق و شوق محبت اور لگن' حلال و حرام کا فرق پہچانتے ہوئے' نماز' روزہ کی پابندی کرتے ہوئے پڑھے گا وہ ضرور روحانی دنیا میں ترقی کرے گا۔ اگر کسی کو یہ وظائف کرتے ہوئے تکلیف ہو تو وہ ضرور حضرت علامہ لاہوتی پراسراری اور حضرت حکیم صاحب سے بذریعہ خط رابطہ میں رہیں۔ المختصر اسم **یاقہارُ** اور **محمد رسول اللہ** (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کو بندہ ناچیز نے اپنے خاص روحانی' جسمانی' کاروباری لوگوں کی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بھلائی کیلئے پڑھا ہے اور پڑھ بھی رہا ہے۔ ماشاء اللہ دونوں بہت بابرکت وظائف ہیں۔ میں نے خاص یاقہّارُ اگر کسی مریض کو پڑھنے کیلئے دیا یا یاقہّارُ کے نقش کو بنا کر دیا تو وہ مریض صحت یاب ہوا۔ میں نے نقش میں اسم اعظم یاقہّارُ کو عربی لغت و گرائمر کی اصل کی وجہ سے ایک ھ کا اضافہ کیا ہے کیونکہ ھ کے اوپر شد ہے اور اصل میں یاقہھارُ تھا ھ کا ھ میں ادغام ہوا تو یاقہّارُ بن گیا۔ نقش ملاحظہ فرمائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ی | ا | ق | ھ |
| ھ | ا | ر | |

واقعی اس طرح اس نقش کا جلدی اثر ہوتا ہے واقعی چوڑھے' خرمغز' کافر جن جو مریضوں پر حاوی ہوتے ہیں اس نقش کی برکت اور یاقہّارُ کے پڑھنے سے ایسے بھاگتے ہیں جیسے رائفل سے گولی نکلتی ہے۔ تین مرتبہ جنات نے اس اسم اور نقش کو لوگوں میں پھیلانے کی وجہ سے رات کو بندہ پر حملہ کیا ہے۔ ایک مرتبہ تو ایسا زبردست حملہ کیا ہے کہ بیان سے باہر ہے۔ خیر بندہ نے یاقہّارُ کا ورد کیا یہ ورد کرنے سے پہلے جنات نے پورے جسم اور خاص طور پر گردن کو ایسا دبایا کہ مجھے جینے کی امید نہیں تھی۔ منہ اور گلے سے غرغر کی آوازیں تمام گھر والوں نے بھی سنیں' سب گھر والے پریشان' ڈرے اور سہمے ہوئے تھے۔ جب میں نے بار بار اللہ کی توفیق سے یاقہّارُ پڑھا تو جنات کو آگ لگ گئی اور یہ سب میں نے اپنی کھلی آنکھوں سے دیکھا۔ کچھ جنات جن کو میں نے اپنے ہاتھوں میں پکڑا ہوا تھا صابن کی ٹکیوں کی طرح چھوٹے چھوٹے ہوکر چیخ چیخ کر مر گئے۔ جنات کی مدد کیلئے سینکڑوں کی تعداد میں اور جنات آگئے۔ میں نے مزید یاقہّارُ کا ورد اونچی اونچی آواز میں کرنا شروع کر دیا۔ بس میرے اللہ نے آسمان سے میری مدد کیلئے ایسی عجیب وغریب مخلوق بھیجی جو میری سمجھ سے باہر تھی۔ اُس مخلوق کی شکل (کینگرو) جانور کی طرح دُم لمبی اور موٹی تھی اور ساتھ آسمان سے ایسی روشنی' میرے گھر میں پھیل گئی جو بیان سے باہر ہے۔ اس روشنی کا فائدہ یہ ہوا کہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com


(کینگرو) جانور کی شکل سے مشابہ مخلوق نے جنات کو پکڑ پکڑ کر آگ میں جلا دیا۔ تمام شریر جنات مر گئے۔ یہ سب یاقہّارُ کی برکت سے ہوا اور اُس دن کے بعد آج تک اس بات کو چار ماہ ہونے والے ہیں کسی دوسرے شریر جنات نے مجھ پر حملہ نہیں کیا ہے۔

## یاقہّارُ سے گھر میں سکون

میں رسالہ عبقری پچھلے دو سالوں سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ رسالے میں موجود تمام مضامین بہت اچھے ہیں لیکن خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت ہی زبردست ہے۔ اس میں موجود وظائف نے بہت سوں کی طرح ہماری زندگی میں بھی سکون بھر دیا ہے۔ عبقری رسالہ میں یاقہّارُ کا پڑھا۔ ہم نے یاقہّارُ ہزاروں کی تعداد میں پڑھا' سارے گھر والے مل کر ایک دن میں کبھی پچیس ہزار' کبھی چالیس ہزار بھی پڑھ لیتے ہیں۔ اس کے پڑھنے سے ہمارے گھر میں بے حد سکون آ گیا ہے۔ حالانکہ اس سے پہلے ہر روز کوئی نہ کوئی لڑائی ضرور ہوتی تھی' عجب ٹینشن زدہ ماحول تھا۔ مگر اب الحمدللہ سکون ہی سکون ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میرا نام شائع مت کیجئے گا۔ (ص۔ س)

## یاقہّارُ کی برکت سے معذور بھائی ٹھیک

مجھے آپ کے بارے میں ایک ڈاکٹر سے معلوم ہوا اور اس کے بعد میں نے آپ کا رسالہ ماہنامہ عبقری پڑھا۔ ایک دن رات کو ہم سب سوئے آدھی رات کو بارش آئی اور ہم سب گھر والے اٹھے اور چارپائی اٹھا کر کمرے میں جانے لگے۔ میرے ایک بھائی جن کا نام نعمان ہے اس نے اپنی چارپائی اٹھائی اور گر گیا پھر اس نے کوشش کی پھر گر گیا۔ ہم سب بھاگ کر اس کے پاس گئے پوچھا کیا ہوا ہے تو اس نے بتایا کہ اس کے پاؤں میں جان نہیں ہے اور پاؤں اٹھ نہیں رہا۔ ہم نے اسے پکڑ کر چلانے کی کوشش کی مگر پھر گر گیا اور اس نے رونا شروع کر دیا۔ پھر ہم نے اپنے بھائی کا علاج بڑے بڑے ڈاکٹروں' نیوروسرجنز سے کروایا مگر صرف ٹیسٹ ہوتے' ادویات لکھی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com


جاتیں لیکن کہیں سے بھی شفاء نہ ملی۔ پھر ایک نیوروسرجن نے ہمیں علاج کے ساتھ ایک ''دوانمول خزانہ'' کتابچہ دیا اور کہا تم سب گھر والے اسے پڑھو اور میرے بھائی کو کہا کہ وہ خود اکتالیس دن ''یاقہّارُ'' 3400 مرتبہ پڑھے اور پاؤں پر پھونک مارے۔ میرا بھائی واپس آیا اور اس نے امی کو بتایا تو امی نے اسے تسلی دی اور کہا پڑھو۔ میرے بھائی نے پہلے ہی دن پڑھا اور پھونک ماری اور ڈاکٹر کے پاس اگلے دن گیا اور واپس آیا تو بہت خوش تھا۔ اس کا پاؤں تھوڑا اوپر اٹھ رہا تھا۔ امی نے اسے کہا یہ اللہ کے کلام کا اثر ہے۔ وہ بہت خوش تھا۔ اس کے بعد اس نے پورے اکتالیس دن ہر صبح اٹھتے ہی 3400 مرتبہ یاقہّارُ پڑھا۔ ان اکتالیس دنوں میں اس کا پاؤں بالکل ٹھیک ہو گیا۔ اب وہ بالکل ٹھیک چلتا ہے۔ الحمدللہ یاقہّارُ کی برکت سے میرا بھائی بالکل ٹھیک ہو گیا۔

## یاقہّارُ نے اسی فیصد مسائل حل کردیئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں الحمدللہ خیریت سے ہوں اور آپ کی خیریت نیک مطلوب ہے' سمجھ نہیں آرہی کہ کیسے ابتدا کروں' ہم چھ بہن بھائی ہیں' پانچ بہنیں اور ایک بھائی ہے' والدہ صاحبہ 22 سال پہلے اس دنیا سے رخصت ہو کر ابدی نیند سو رہی ہیں اور الحمدللہ والد صاحب حیات ہیں۔ میں بہن بھائیوں میں پانچویں نمبر پر ہوں۔ الحمدللہ سب شادی شدہ ہیں۔ اپنے اپنے گھر سب آباد اور خوش ہیں' بات کچھ یوں ہے کہ والدہ کی وفات کے بعد میری سب سے بڑی باجی کی شادی ہوئی لیکن لڑکا کچھ ٹھیک نہ تھا' رات کو دیر سے آتا تھا اور شراب وغیرہ بھی پیتا تھا۔ باجی شادی کے تین ماہ بعد واپس آگئی' ابھی فیصلہ نہیں ہوا تھا۔ صلح کی کوششیں جاری تھیں' باجی نے گھر واپس آکر پڑھائی شروع کردی اور ساتھ میں سلائی وغیرہ بھی سیکھنا شروع کردی۔ الحمدللہ سے اللہ تعالیٰ نے باجی کو ایک خوبصورت بیٹے سے نوازا۔ بیٹے کی پیدائش کے بعد اُس نے طلاق دے دی۔ باجی ہمارے پاس رہتی تھیں اور ان کا بیٹا بھی۔ وقت گزرنے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کے ساتھ ساتھ باقی بہنوں کی شادیاں ہوتی گئیں۔ پھر باجی کیلئے بھی ایک رشتہ آیا اور ہم نے شادی کردی لیکن بیٹا ہمارے پاس ہی ہے۔ ان کا دوسرا شوہر اس شرط پر رکھنے پر رضامند ہے کہ اس کو کام پر ڈالنا ہے جبکہ میں راضی نہیں باجی کی پہلی شادی کے 9 سال بعد دوسری شادی ہوگئی اور بیٹا ہمارے پاس ہی ہے اور الحمدللہ بیٹا گیارہویں جماعت کا طالب علم ہے اور لاہور کے سب سے اچھے کالج میں پڑھتا ہے۔ اس کا سارا خرچہ ہمارے سر پر ہے۔ بھائی کی بھی شادی کردی وہ بھی خوش ہے گھر میں بس میں احمد اور ابو ہوتے ہیں۔ اب میں اپنی طرف آتی ہوں میرا نام رقیہ ہے' میں نے بی ایس سی کیا ہے' حکیم صاحب! مجھے شروع سے ہی اللہ تعالیٰ کی طرف ایک الگ رجحان ہے۔ الحمدللہ! شروع سے ہی صوم وصلوٰۃ کی پابند ہوں۔ قرآن پاک کی بھی باقاعدہ تلاوت کرتی ہوں۔ حکیم صاحب میں آٹھویں جماعت کے سالانہ پرچے دے رہی تھی جب میری طبیعت میں تبدیلی واقع ہوئی۔ گھر والے اور میں سمجھی کہ بیمار ہوں لیکن بیمار نہیں تھی' سب ڈاکٹرز اور حکیموں کو بھی دکھایا کوئی فرق نہ پڑا پھر تھک ہار کر کسی نے ایک بزرگ کا پتہ بتایا میں اس وقت زندگی میں پہلی بار کسی بزرگ کے پاس گئی انہوں نے مجھے دم کیا اور میں الحمدللہ ٹھیک ہوگئی۔ پھر یوں ہونے لگا کہ میں ہر سال فروری مارچ میں آکر بیمار ہوجاتی اور تین تین ماہ کچھ کھاتی پیتی نہیں بیمار رہتی۔ مجھ پر رقت طاری ہوجاتی میں نعتیں رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتی اور اللہ تعالیٰ کے نام پڑھتی۔ ایک عجیب سی کیفیت مجھ پر طاری ہوجاتی تھی۔ گھر والے سب پریشان رہتے تھے پھر کسی نے کہا کہ اس کو حاضری دلوادو۔ لیکن ابو نہ مانے کہ کنواری بچی ہے۔ کل کو شادی بھی کرنی ہے۔ میں ایک ایسے انسان کی تلاش میں تھی جو میری صحیح رہنمائی کرے' اس دوران میری تعلیم بھی ساتھ ساتھ جاری تھی۔

حکیم صاحب! میں اپنی پھپھو کے گھر کسی کام سے گئی وہاں آپ کا میگزین ''عبقری'' دیکھا۔ پھپھو سے نہ مانگا کیونکہ اچھا نہیں لگتا تھا۔ لیکن عبقری کا نام نوٹ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کرلیا۔ مجھے پہلی نظر میں بہت اچھا لگا تھا۔ میں نے گھر آ کر ابو سے کہا اور پھر اخبار والے انکل کو کہہ دیا وہ ہر ماہ عبقری دے جاتے تھے۔ میں دو سال سے آپ کا میگزین پڑھ رہی ہوں اس نے میری بہت رہنمائی کی۔ حکیم صاحب! میں نے جب آپ کی ویب سائٹ دیکھی تو اور زیادہ خوش ہوئی کیونکہ انٹرنیٹ کی سہولت ہمارے گھر موجود ہے' آپ کے درس سننے میں اور زیادہ آسانی محسوس ہوئی۔ الحمدللہ! میں نے انٹرنیٹ پر آپ کی بیعت کی تھی اور آپ کی بتائی ہوئی تسبیح بھی روزانہ صبح و شام پڑھتی ہوں۔ حکیم صاحب! میں کافی عرصہ سے بیروزگار تھی جہاں بھی اپلائی کرتی تھی' کوئی جواب نہیں آتا تھا۔ کافی زیادہ مقابلے کے امتحان بھی دیئے لیکن کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی اور نا کام ہو جاتی۔ لیکن آپ کی بتائی ہوئی تین تسبیحات' پہلی تسبیح تیسرا کلمہ' دوسری تسبیح درود شریف اور تیسری تسبیح استغفار پڑھ رہی تھی۔

حکیم صاحب! مجھ پر جنات کا سایہ بھی کافی عرصہ رہا۔ عجب سی کیفیت ہو جاتی تھی' پھر عبقری میں ''جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھا۔ میں علامہ لاہوتی پر اسراری صاحب کو بہت دعائیں دیتی ہوں۔ ان کی اس اشاعت سے میرے تقریباً 80 فیصد مسائل حل ہو گئے۔ میں نے اس میں یاقہارُ کا عنوان پڑھا۔ اس کے فوائد پڑھے۔ میں نے اُس کے نقش بنا کر گھر کے ہر کمرے میں لگائے اور اس کی کثرت بھی زبان پر جاری رکھی۔ حکیم صاحب میں آپ کو کیا بتاؤں کہ جب سے میں نے یاقہارُ پڑھنا شروع کیا میں نے خواب میں دیکھا کہ دو گندی چیزیں قے کے ذریعے منہ سے نکلی ہیں جن کا سائز تقریباً ایک ایک فٹ لمبا ہے اور کالی چیزیں ہیں اور تڑپ تڑپ کر مر رہی ہیں اس وقت حالانکہ میں خواب کی کیفیت میں تھی میں نے خود کو محسوس کیا کہ میں جیسے بالکل ہلکی ہو گئی ہوں' اندر جو وزن تھا' وہ ختم ہو گیا ہے۔ میں نے اس کی کثرت جاری رکھی۔ پھر میں نے خواب میں دیکھا کہ بہت سی بلائیں' چڑیلیں میرے پاس آ رہی ہیں' حملہ کرنے اور میں جیسے ہی ان کو دیکھتی ہوں تو میں گلا پھاڑ کر یاقہارُ پڑھتی ہوں' وہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com


واپس مڑ جاتی ہیں۔ مطلب مجھے خواب کے راستے میری صحت یابی ہو رہی تھی اور ابھی بھی ہو رہی ہے اور واقعی میں بہت بہتر ہوں۔ (رقیہ خادم بٹ)

## یاقہّارُ کے عمل سے کمر درد ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا آپ سے اور ماہنامہ عبقری سے زیادہ پرانا تعارف نہیں ہے۔ میری کمر میں ہر وقت شدید درد رہتا تھا جس کی وجہ میں بہت پریشان تھا' ہماری مسجد کے امام صاحب نے مجھے ایک دفعہ یاقہّارُ کا عمل بتایا اور ساتھ عبقری رسالے کا تعارف کروایا' میں نے اس میں سے پڑھ کر یاقہّارُ کا تھال والا عمل کیا۔ میں نے ٹھنڈا پانی ایک پرات یا تھال میں لے کر اس میں پاؤں ڈبو کر روزانہ صبح وشام وقت اور جگہ ایک ہونا چاہیے۔ گیارہ دن گیارہ سو مرتبہ اول وآخر 21 مرتبہ درود پاک پڑھنا شروع کیا تو تیسرے روز خواب میں ایک کتا میری طرف دم ہلاتا ہوا آیا اور میرے ہاتھ میں چیز تھی چھیننے کی کوشش کی یہاں تک کہ اس نے میرا دایاں ہاتھ پکڑ لیا' میری آنکھ کھل گئی اس دن کے بعد سے کمر درد ٹھیک ہو گیا ہے۔

**(عابد حسین صاحب، جہلم)**

## یاقہّارُ اور بوڑھی چڑیل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کو صحت' تندرستی سے رکھے۔ ہم آپ کے رسالہ عبقری کے جنوری 2011ء سے قاری ہیں' جتنا آپ کے رسالے میں چاشنی ہے شاید ہی دنیا کے کسی اور رسالہ میں ہو۔ ہر مہینے کے شروع میں بڑی شدت سے عبقری کا انتظار رہتا ہے جب مل جاتا ہے تو جان میں جان آجاتی ہے۔

محترم حضرت حکیم صاحب! ہم عرصہ 18 سال سے جادو کی لپیٹ میں ہیں' کتنی بار دل میں تمنا پیدا ہوئی کہ محترم حضرت حکیم صاحب سے بذریعہ خط ملاقات ہو جائے لیکن دل و دماغ خیالات میں گم ہو جاتے' آج اللہ پاک نے توفیق عطا کی کہ قلم اٹھانے کی ہمت ہوئی (الحمدللہ)۔ حضرت جی ہماری شادی کو تقریباً 18 سال ہو چکے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہیں لیکن ان ظالم جنات نے ہم کو ناکوں چنے چبوائے' پھر ہم مختلف عاملوں کے ہتھے چڑھے رہے لیکن پیسے کے نقصان کے علاوہ کچھ بھی حاصل نہ ہوا۔ ابھی آپ کے رسالہ ماہ جون 2013ء میں علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم کے بیان کردہ اعمال ''یاقہار'' کو ہم دونوں میاں بیوی نے ماہ رمضان میں شروع کیا۔ بندہ ناچیز صبح و شام گیارہ سو مرتبہ اور بعد نماز ظہر پانی میں پاؤں رکھ کر پہلے گیارہ سو مرتبہ لیکن اب تقریباً چار پانچ دن ہوئے کہ میں نے پندرہ سو مرتبہ پڑھنا شروع کر دیا اور میری اہلیہ نے صرف رات کو گیارہ سو مرتبہ اور بعد از نماز ظہر گیارہ سو مرتبہ پانی میں پاؤں رکھ کر شروع کیا ہوا ہے۔ ایک رات میری بیوی کہنے لگی کہ دو عورتیں ہیں ان میں سے ایک بوڑھی ہے جو چیخ چیخ کر کہہ رہی ہے اسے مت پڑھو اور اس کے ساتھ دوسری عورت جو ذرا جوان سی ہے وہ کہہ رہی ہے کہ مت پڑھو ہم جلد چلے جائیں گے' چلے جائیں گے۔ لیکن لگتا ہے کہ وہ ابھی تک موجود ہیں کیونکہ میری بیوی کا ایک آدھ روٹی کھاتے ہی دانتوں میں درد شروع ہو جاتا ہے' کھانا جہاں ہوتا ہے وہیں رہ جاتی ہے' اوپر نیچے آدھے دانتوں میں کبھی داہنی طرف اور کبھی بائیں طرف درد شروع ہو جاتا ہے اور درد بھی ایسا کہ برداشت سے باہر تو پھر میں یاقہار کا ذکر بلند آواز سے شروع کر دیتا ہوں اور یاقہار والے تعویذ کے پانی سے چھینٹے مارتا ہوں تو پھر کافی فرق پڑ جاتا ہے۔ الحمدللہ یاقہار کا ذکر جاری ہے۔ (محمد عباس صاحب، بھکر)

## یاقہار نے ناامیدی کو امید میں بدل دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سمجھ میں نہیں آ رہا کہ میں کیسے بات شروع کروں' میں کسی عالم دین کی تلاش میں آزمائش پر آزمائش کرتے کرتے مایوسیوں کے اندھیروں میں بھٹک رہی تھی کہ عبقری رسالہ کے ذریعے یاقہار کا وظیفہ اور موتی مسجد کے نوافل پڑھنے سے جو مجھے روحانی خوشی اور کامیابی کی ہلکی سی کرن نے میری مایوسیوں کو کامیابی کی امید میں بدل دیا۔ میری آنکھوں کے سامنے ہر وقت ایک

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بارش، عمر رسیدہ سی ایک ایسی ہستی رہنے لگی جو مجھے میری دنیا وآخرت کی کامیابی سے ہمکنار کرسکتی تھی، اللہ تعالیٰ نے عبقری کو سبب بنادیا۔ مگر جب آپ کا درس سنا اور آپ کا دیدار کیا تو میں حیران رہ گئی۔۔۔! آپ تو میرے بچوں کے ہم عمر لگے۔ سبحان اللہ! اتنی کم عمری میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو دکھیوں کے دکھوں کا مداوا بنادیا۔ سبحان اللہ!

پہلے میں اپنا واقعہ سناتی ہوں۔ عرصہ ایک سال سے مجھے ہارٹ پرابلم ہوا، مگر علاج چلتا رہا۔ چھ ماہ بعد مجھے تکلیف ہوئی، پنجاب کارڈیالوجی سنٹر میں داخل ہوئی تو ڈاکٹر نے شبہ ظاہر کیا کہ مجھے یقیناً ہارٹ اٹیک ہوا ہے۔ میں مالی مسائل کی وجہ سے اپنا علاج یعنی آپریشن کروانا نہیں چاہتی تھی۔ مگر گھر والے بضد تھے کہ وہ مل کر سب سنبھال لیں گے مگر میں کسی طرح کسی بہن، بھائی کی مدد نہیں چاہتی تھی۔ بڑی ہی پریشان تھی کہ عبقری رسالہ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا دیا ہوا وظیفہ یَاقَھَّارُ کھلا پڑھنا شروع کردیا اور ایک ہی لگن تھی کہ یا اللہ تو میرے پیر صاحب کو بھی ملادے۔ پھر موتی مسجد کو ڈھونڈا اور دو نفل پڑھ کر اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ والا وظیفہ بھی پڑھا۔ تھک کر میں نڈھال ہوگئی اور مختصر دعا کے بعد میں گھر لوٹ آئی۔ دو دن میں خوب وظیفہ پڑھتی رہی۔ پھر ہسپتال داخل ہوئی، گھر والے دعائیں کررہے تھے۔ انجیوگرافی ہوئی تو ڈاکٹر پریشان ہوگئے کہ تجھے ایسی کوئی پرابلم نہیں تھی جس کا وہ شبہ کررہے تھے۔ سب حیران رہ گئے کہ شہناز کا وظیفہ قبول ہوا۔ پھر میں نے عبقری دواخانہ ڈھونڈا اور آپ تک پہنچی۔ (شہناز ذکی صاحبہ، لاہور)

## جنات کے رونے کی آوازیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ پچھلے دو سال سے پڑھ رہی ہوں۔ خاص کر پچھلے سال جون کا خاص شمارہ پڑھا تو پتہ چلا کہ لوگوں کو ''جنات کے پیدائشی دوست'' سے کتنا فیض مل رہا ہے۔ میں نے جب یاقہّارُ کے فوائد پڑھے تو میرے دل میں بھی خیال آیا کہ میں بھی اپنی پریشانیوں کے حل کیلئے یاقہّارُ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پڑھوں۔ میں نے صبح وشام گیارہ تسبیح اور کبھی ایک ہی بار میں بائیس تسبیح پڑھنا شروع کر دیا۔ جیسے ہی میں نے پڑھنا شروع کیا مجھے ہر وقت ڈر لگنا شروع ہو گیا۔ رات کے وقت مجھے اپنے کمرے سے باقاعدہ جاگتے ہوئے رونے کی آوازیں آتیں اور جیسے مجھے کوئی کہہ رہا ہو کہ یہ نہ پڑھو۔ ایک مرتبہ میں یاقہارُ پڑھتے پڑھتے سو گئی' جسم پر بہت زیادہ دباؤ پڑ گیا۔ میں بڑی مشکل سے یاقہارُ پڑھتی رہی اور اچانک دیکھا کہ جیسے میں قبر میں ہوں' گلاب کے پھول میرے اوپر ہیں اچانک قبر میں ایک اور میت آئی اس نے مجھ سے کہا ڈرو نہیں باہر کی دنیا الگ ہے یہاں اچھے لوگوں کیلئے اچھی جگہ ہے۔ پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (ابرار صاحب)

## یاقہارُ اور جن سے لڑائی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو خیریت سے رکھے اور آپ کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم رہے۔ میں عبقری رسالہ 2012ء سے ہر ماہ لے رہا ہوں اور خوب مطالعہ کرتا ہوں۔ خاص کر علامہ لاہوتی پراسراری کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' تو میرا پسندیدہ مضمون ہے۔ اس میں موجود وظائف کرتا رہتا ہوں' خاص کر یاقہارُ کی تسبیح صبح وشام کرتا ہوں۔ ایک مرتبہ خواب میں ایک جن سے لڑائی ہوئی کہنے لگا کہ تم یہ وظیفہ پڑھنا چھوڑ دو مگر میں نے پڑھائی جاری رکھی جس سے میرے بہت سے مسائل حل ہو رہے ہیں۔ اس میں برکت ہی برکت ہے۔ یاقہارُ کا وظیفہ میں نے جس کو بھی بتایا اس کو فائدہ ہوا۔ (توقیر غفار صاحب، فیصل آباد)

## ہفتہ میں کئی سال کا بیمار صحت یاب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 2009ء سے ہمارے گھر عبقری آرہا ہے' میری امی بہت شوق سے پڑھتی ہیں' میں اُن سے سنتی تھی' خود کبھی کبھی پڑھ لیتی تھی' اچھا لگتا تھا۔ مگر جب سے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون آیا ہے' بہت دلچسپی ہوگئی ہے' ہم نے کتاب منگوائی اور میں نے پوری کتاب پڑھ لی ہے۔ میں اب عبقری کافی مہینوں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سے سارا پڑھتی ہوں، بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔ میری امی اور میں آپ کے بتائے ہوئے اعمال کرتے ہیں۔ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا یاقہار کا وظیفہ کر رہی ہوں اس وظیفے کے کرنے سے مجھے ایک ہفتے میں ہی فرق پڑ گیا ہے۔ اس سے پہلے میں کئی سالوں سے بیمار ہوں اور ادویات کھا رہی ہوں۔ مگر اب میری طبیعت کافی بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ علامہ لاہوتی پراسراری اور آپ کے درجات بلند فرمائے' اللہ تعالیٰ کے بعد آپ میری آخری امید ہیں اللہ نے آپ کو میری شفا کا وسیلہ بنایا ہے۔ میری بہت ساری دلی دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔ (منزہ لطیف، رحیم یار خان)

## یاقہار کا فیض اور موتی مسجد میں خوشبو

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! خدا آپ کو خوش رکھے۔ آپ کے بارے میں کچھ نہ کہنا آپ کی حق تلفی ہوگی۔ آپ نے صحیح سمت قدم اٹھایا ہے۔ رسالہ عبقری دو سال سے پڑھ رہی ہوں۔ اس نے واقعی لوگوں کی زندگی بدل دی ہے۔ اللہ آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے آمین۔ عبقری رسالہ میں موجود "جنات کا پیدائشی دوست" میں موجود مسجد کا عمل پڑھا۔ میں اور میری چھوٹی بیٹی موتی مسجد میں گئے۔ علامہ لاہوتی پراسراری کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق نفل ادا کیے۔ نفل ادا کرتے ہوئے مجھے تین بار بہت ہی پیاری خوشبو محسوس ہوئی' نفل اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد مجھے اور میری بیٹی کو جائے نماز سے دو عدد خوبصورت موتی بھی ملے جو کہ ہم نے اٹھا لیے۔ اس کے بعد رات کو خواب میں کچھ اجنبی لوگوں نے مجھے کلمہ کا نصاب پڑھنے کی تلقین کی۔ میں نے اسی دن سے کلمہ کا نصاب شروع کر دیا۔ اس کے علاوہ میں اپنے لیے یاقہار کی گیارہ گیارہ تسبیح صبح و شام پڑھتی ہوں۔ میری تکلیف اب پہلے سے بہت بہتر ہے۔ مجھے بہت سکون ہے۔ (فرزانہ خلیل احمد۔ لالہ موسیٰ)

## یاقہار اور خوفناک چڑیل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری پچھلے چند سالوں سے پڑھ رہی

www.iqbalkalmati.blogspot.com


ہوں اور ساتھ عبقری دواخانہ کی ادویات بھی استعمال کر رہی ہوں۔ ویسے تو ماہنامہ عبقری سارے کا سارا بہت اچھا ہے لیکن ''جنات کا پیدائشی دوست'' کی تو کیا ہی بات ہے۔ اس میں موجود وظائف سے مجھے میری ہر پریشانی کا حل مل جاتا ہے۔ میری بہن نے ایک رات خواب میں دیکھا کہ کوئی کہتا ہے کہ تم پر جادو ہے (یعنی میری بہن پر) میری اسی بہن نے ایک اور خواب دیکھا کہ ایک لمبے بالوں والی چڑیل ہے جو بہت ہی خوفناک ہے' اس کے اوپر بیٹھی ہوئی ہے اور اس پر چٹکیاں کاٹ رہی ہے۔ میری امی خواب میں ہی میری بہن کو کہتی ہیں کہ یاقھّارُ پڑھو اور جب میری بہن خواب میں یاقھّارُ کا ذکر کرتی ہے تو وہ چڑیل اور بھی سخت چٹکی کاٹتی ہے۔ اتنے میں میری بہن جاگ جاتی ہے اور اس کا کہنا ہے کہ میں جاگی تو مجھے محسوس ہوا کہ کوئی بھاری چیز میرے اوپر سے اتر گئی ہے۔ یاقھّارُ کے بارے میں میری امی نے عبقری میں ہی پڑھا اور اس دوران وہ یہ وظیفے کا ذکر بھی کر رہی تھیں لیکن اس بات کا ذکر انہوں نے ہم بہنوں سے نہیں کیا تھا۔ جب میری بہن نے خواب کا بتایا پھر میری امی نے کہا کہ میں نے یہ وظیفہ شروع کیا ہوا ہے آپ بھی پڑھیں۔ الحمدللہ! اس کے بعد کسی چیز نے ہمیں تنگ نہیں کیا اور ہماری بہت سی پریشانیوں سے نجات ملی۔ (م۔خ، اسلام آباد)

## یاقھّارُ سے بدبو کا خاتمہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عبقری رسالہ بہت پسند ہے۔ اس میں موجود مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت پسند ہے۔ اس میں یاقھّارُ کا وظیفہ ہم سب گھر والے کر رہے ہیں اور مشکلات سے نجات پا رہے ہیں۔ ہم جس گھر میں رہتے ہیں وہاں درخت ہیں اور ان درختوں پر چیلوں کا بسیرا بھی جو بہت ہی گندے کپڑے لاکر ہمارے گھر میں پھینکتی ہیں اور بہت عجیب وغریب آوازیں نکالتی ہیں اور اکثر و بیشتر ایسی شدید بدبو آتی ہے کہ دماغ پھٹنے لگتا ہے۔ مگر جب سے ہم نے یاقھّارُ کا ورد شروع کیا ہے بدبو بالکل ہی ختم ہوگئی ہے۔ اب تو ہم نے یاقھّارُ کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com


ساتھ کلمہ طیبہ کا ورد بھی شروع کر دیا ہے جس سے ہمیں بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ اللہ پاک علامہ لاہوتی پراسراری صاحب اور حکیم صاحب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین! (ٹ۔ش)

## پیدائشی دوست سے مشکلات آسان

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں' اس میں موجود وظائف اور نسخہ جات نے میرے بہت سے طبی و روحانی مسائل حل کیے ہیں خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کے وظائف میں بڑے شوق سے کرتی ہوں۔ جون 2013ء کے ماہنامہ عبقری میں ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں ایک وظیفہ دیا گیا یَالَطِیفُ یَاعَلِیمُ یَاخَبِیرُ میں نے یہ وظیفہ سوا لاکھ مرتبہ پڑھا ہے۔ میں رات کو جس وقت بھی اٹھتی ہوں' یہ وظیفہ پڑھنا شروع کر دیتی ہوں اس وقت میرا وضو تو نہیں ہوتا مگر میں دل میں پڑھتی رہتی ہوں۔ یہ پڑھنے سے مجھے بہت سکون ملتا ہے۔ اس کے علاوہ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا یَاقَہَّارُ والا وظیفہ بھی میں نے سوا لاکھ مرتبہ پڑھا ہے اس سے میری چھوٹی چھوٹی بہت سی مشکلات آسان ہوئی ہیں۔ (ش، ہری پور ہزارہ)

## صحابی بابا نے ہمت بندھائی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ پچھلے ایک سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ میں مشکلات کی دلدل میں دن بدن دھنستی جا رہی تھی' عبقری میرے لیے امید کی ایک کرن ثابت ہوا۔ خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں موجود وظیفہ یَاقَہَّارُ نے میری بہت سی پریشانیاں حل کی ہیں۔ میں ہر طرف سے اتنی پریشان تھی کہ دل چاہتا تھا کہ خودکشی کر لوں' میری زندگی میں سکون نام کی چیز آئی ہی نہیں۔ ایک دن میں یَاقَہَّارُ پڑھتے پڑھتے سو گئی تو میرے خواب میں صحابی بابا تشریف لائے انہوں نے کہا کہ بائیں آنکھ بند کر کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ایک آنکھ سے دیکھو تمہیں پتہ چلے گا کہ تمہارے ساتھ کوئی طاقت ہے تم اکیلی نہیں ہو۔ الحمدللہ! اُس دن کے بعد مجھے واقعی پتہ چلتا ہے کہ میرے ساتھ کوئی ہے۔ اب میں پرسکون رہتی ہوں۔

## بے سکونی سکون میں بدل گئی

ہم پریشانیوں میں گھرے ہوئے تھے' گھر میں عجب بے سکونی تھی' ہر وقت لڑائی جھگڑے' گھر سے کئی دفعہ میں نے خود تعویذات اٹھائے۔ گھر میں جاؤں تو دل نہیں لگتا' دل کرتا ہے اس گھر سے کہیں دور بھاگ جاؤں جب گھر سے باہر کسی کے گھر مہمان جاؤں تو دل میں بہت خوشی سی محسوس ہوتی ہے مگر جیسے ہی اپنے گھر جائیں تو اُسی وقت لڑائی جھگڑا شروع ہو جائے گا۔ میری والدہ کو تو اب بات بات پر غصہ آتا۔ پھر مجھے کسی نے عبقری دیا' میں نے پڑھا مجھے امید کی کرن نظر آئی۔ اس میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں یاقہّارُ کا وظیفہ پڑھا تو میں نے یہ وظیفہ اپنی والدہ کو بتایا' میری والدہ نے یاقہّارُ کا وظیفہ پڑھنا شروع کیا۔ ابھی میں نے اور میری والدہ صرف دس دن ہی یاقہّارُ کا وظیفہ کیا تھا کہ ہمارے دلوں میں جو بے سکونی تھی وہ بالکل ختم ہو گئی اور گھر میں عجب سکون سا ہو گیا۔ میری والدہ اب جتنی دعائیں آپ کو اور علامہ صاحب کو دیتی ہیں یہ اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں یا میں۔۔۔! (ج۔ر)

## یاقہّارُ سے روزگار ملا

میرے شوہر نے مجھے کہیں سے عبقری رسالہ لا کر دیا' اللہ آپ کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے' ہم سب آپ کیلئے بہت دعا کرتے ہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میرے شوہر بے روزگار تھے جس کی وجہ سے ہم سب بہت پریشان تھے' آپ کے رسالہ میں علامہ لاہوتی صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں سے یاقہّارُ کا وظیفہ میں اور میرے شوہر نے کھلا پڑھا۔ اللہ نے ان کو بہترین روزگار عطا کیا ہے۔ (والدہ محمد زین)

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## یاقھّارُ کا فیض

محترم حضرت علامہ لاھوتی صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی زندگی میں برکتیں عطا فرمائے اور امت کو آپ جیسے محسن سے ہمیشہ مستفید فرمائے۔ آمین! میں آپ کا مضمون عبقری میں شروع سے پڑھ رہا ہوں۔ ہر دفعہ بے چینی لگتی رہتی ہے کہ کب اس ماہ کا مضمون آئے گا اور میں پڑھوں گا۔ بہت مزہ آتا ہے اور رہنمائی ملتی ہے اور زبردست قسم کے وظائف ملتے ہیں جو کہ اس آسانی کے ساتھ اس دور میں ملنے مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہیں۔ میں نے آپ کے مضمون میں سے دیکھ کر بہت سے اعمال کیے لیکن مجھے یاقھّارُ سے بہت فائدہ ہوا ہے۔ میں نے یہ وظیفہ صبح وشام گیارہ گیارہ سو مرتبہ اول وآخر گیارہ مرتبہ درود کے ساتھ پڑھا۔ میری معاشی حالت بہت خراب تھی جو کہ یاقھّارُ کے عمل کی وجہ سے دن بدن بہتر ہو رہی ہے۔ (پ۔ج)

## یاقھّارُ پڑھیں جلد شادی کروائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے کہ بفضل اللہ تعالیٰ بخیریت ہوں گے اللہ تعالیٰ آپ جیسے نیک بزرگوں کا سایہ ہمارے سروں پر ہمیشہ قائم ودائم رکھے۔ میں عبقری میگزین میں ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت ذوق وشوق سے پڑھتی ہوں۔ میگزین کا مجھے ہر مہینے بہت شدت سے انتظار رہتا ہے اور اس میں آپ کے بتائے وظائف بھی پڑھتی ہوں۔ ان سے مجھے بہت فائدہ ہوتا ہے بلکہ میری کزن کی شادی نہیں ہو رہی تھی اس نے یاقھّارُ کا وظیفہ پڑھا۔ اس نے یہ وظیفہ صبح وشام گیارہ گیارہ سو مرتبہ اول وآخر گیارہ مرتبہ درود کے ساتھ پڑھا۔ اس کی شادی بہت جلدی اور اچھی جگہ ہوگئی اور آج کل وہ دبئی میں اپنے شوہر کے ساتھ ہوتی ہے۔ (مسز غزالہ ریحان، لاہور)

## بیماری سے شفاء

چند ماہ سے عبقری پڑھنا شروع کیا ہے' بے حد مفید ہے' آپ نے جو سلسلہ شروع کیا ہے اس سے بہت سے لوگوں کو جسمانی اور روحانی فوائد مل رہے ہیں۔ اللہ آپ کو

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس کوشش کا اجر دونوں جہانوں میں عطا فرمائے۔ آمین! میرا مسئلہ یہ تھا کہ میری ناک سے ہر وقت خون بہتا رہتا تھا جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھا اور دن بدن کمزور ہوتا جا رہا تھا' بہت علاج کرائے مگر فرق نہیں پڑا۔ آپ کے رسالے میں موجود علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کا وظیفہ یَاقَهَّارُ میں نے پڑھنا شروع کیا صبح و شام گیارہ گیارہ تسبیح پڑھتا اور باقی سارا دن کھلا پڑھتا رہتا۔ الحمدللہ! جس دن سے یہ پڑھنا شروع کیا ہے میری ناک سے خون آنا بند ہو گیا ہے۔

(محمد جاوید اختر صاحب، راولپنڈی)

## کالے جادو سے نجات

تقریباً ایک سال سے میں باقاعدگی سے عبقری سے وابستہ ہوں۔ عبقری میں موجود علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' مجھے بہت پسند ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! ہم پر کسی نے جادو کیا ہوا ہے' ہمارے گھر ہر روز خون کے چھینٹے گرتے ہیں جس کی وجہ سے ہم بہت پریشان ہیں۔ میں نے ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں موجود یَاقَهَّارُ کا وظیفہ اس مقصد کیلئے کرنا شروع کیا۔ صبح و شام گیارہ سو مرتبہ 91 دن کیا جس سے خون کے چھینٹوں میں ستر فیصد کمی ہوگئی ہے۔ ابھی وظیفہ جاری ہے اور گھر میں بھی کافی سکون آ گیا ہے' مشکلات بھی دن بدن کم ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ حکیم صاحب! آپ جو کار خیر کر رہے ہیں اللہ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میرا نام شائع ہرگز نہ کیجئے گا۔

## مشکلات کا حل

میں رسالہ عبقری چند ماہ سے مسلسل پڑھ رہا ہوں اور اس سے بھرپور فیض اٹھا رہا ہوں۔ خاص کر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' تو ہم سب گھر والوں کو بہت پسند ہے۔ میں بہت سی مشکلات میں گھرا ہوا تھا اور ان مشکلات کے حل کیلئے میں نے یَاقَهَّارُ گیارہ سو مرتبہ صبح اور گیارہ سو مرتبہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



شام کو پڑھنا شروع کر دیا اور سارا دن کھلا پڑھتا اور اس وجہ سے ہمارے حالات دن بدن بہتر ہونے شروع ہو گئے ہیں۔ (محمد مصدق صاحب، اسلام آباد)

## یاقہّارُ سے سب ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ اور آپ کے سب اہل وعیال کی سلامتی اور خیر و برکت کیلئے دعا گو ہوں اللہ سے دعا ہے کہ اللہ رب العزت آپ کا سایہ تادیر اپنے خاندان اور تمام مسلمانوں پر سلامت رکھے۔ آمین! گزشتہ رمضان میں مجھے چند دن تسبیح خانہ میں گزارنے کا موقع ملا۔ اس سعادت کے دوران آپ کے رسالہ عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کا وظیفہ یاقہّارُ صبح و شام گیارہ گیارہ تسبیح پڑھتا رہا۔ پڑھنے کے دوران میری بیوی' والدہ کے کندھوں اور جسم پر کافی بوجھ رہتا تھا جو آہستہ آہستہ ٹھیک ہوتا گیا۔ اس کے علاوہ سر اور جسم کے بائیں طرف اور پھر دائیں طرف درد ہوتا رہتا تھا جو کہ الحمدللہ اب ٹھیک ہے۔ (شاہد فاروق صاحب، فیصل آباد)

## یاقہّارُ سے سکون

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے کہ آپ اللہ کی رحمت سے دنیا کے لیے رحمت ثابت ہو رہے ہیں۔ میں رسالہ عبقری بڑے شوق سے پڑھتی ہوں' پہلی مرتبہ میری ایک کزن نے مجھے رسالہ سے متعارف کروایا اس وقت سے اب تک ہر ماہ باقاعدگی سے پڑھتی ہوں۔ اس میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا کالم ''جنات کا پیدائشی دوست'' بڑے شوق سے پڑھتی ہوں اور دیئے گئے وظائف بھی کرتی ہوں جس سے مجھے بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ خاص کر یاقہّارُ کا عمل میں نے گھریلو پریشانیوں' مشکلات اور الجھنوں کیلئے کیا تھا جس سے مجھے بہت فائدہ ہو رہا ہے اور زندگی میں ایک سکون سا آ رہا ہے' الحمدللہ! وظیفہ ابھی جاری ہے۔ میں نے خوش ہو کر اس وظیفہ کا ذکر اپنی والدہ سے بھی کیا اور اب وہ بھی پڑھ رہی ہیں۔ محترم حضرت حکیم

www.iqbalkalmati.blogspot.com


صاحب! میرا نام شائع مت کیجئے گا۔ (ا۔ر)

## یاقہّارُ نے مشکلات سے نکالا

السلام علیکم! عبقری رسالہ کا مجھ پر بہت بڑا احسان ہے' اس رسالہ نے مجھے مشکلات سے نکالا' میری زندگی کو آسان کردیا ہے۔ میں ڈیپریشن کا شکار تھی' چھوٹی سی چھوٹی بات بھی دل کو بے چین رکھتی' دماغ ماؤف سن ہوجاتا' کرنا کچھ ہوتا اور کرتی کچھ۔۔۔ پھر مجھے میری ایک دوست نے یاقہّارُ والا وظیفہ بتایا اور ساتھ عبقری گفٹ کیا۔ میں نے پانی میں پاؤں رکھ کر صبح وشام گیارہ سو مرتبہ یاقہّارُ پڑھا۔ اس وظیفے سے مجھے بہت سکون ملا اور میں دن بدن بہتر سے بہتر ہورہی ہوں۔ (ص۔ب)

## سب ہی مسئلے حل ہوگئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں مختلف بیماریوں میں مبتلا تھا جن میں دل کی تکلیف' کمر درد' گردن کے مہروں کا مسئلہ' چیسٹ پرابلم' معدہ کا مسئلہ' ایک بیماری ٹھیک ہوتی تھی تو دوسری شروع ہوجاتی تھی۔ اسی طرح میں دل والے ڈاکٹر کے پاس گیا اور اس کو چیک اپ کرایا تو ڈاکٹر کہنے لگا کہ آپ کو دل کی تکلیف ہے۔ آپ یہ ادویات استعمال کریں' دوائی کو نہیں چھوڑنا' 28 دنوں کے بعد مجھے تکلیف زیادہ ہوگئی رات تین بجے کا وقت تھا۔ مجھے سانس کی شدید تکلیف ہوئی' گھر والے سب میرے پاس آگئے۔ کہنے لگے کیا ہوا میں نے کہا کہ بس سانس ابھی بند ہونے والا ہے۔ پھر میں صبح صبح ڈاکٹر کے پاس گیا' ڈاکٹر نے ٹیسٹ کیے اور کہا تمہیں دل کی تکلیف نہیں ہے' تمہیں چھاتی کا مسئلہ ہے۔ مجھے انہوں نے ایک ہفتہ کی دوائی دی مگر آرام نہ آیا میں پھر گیا تو کہنے لگے کہ تیرا معدہ کا مسئلہ بھی ہے۔ اس کے بعد مجھے کمر درد شروع ہوگیا اور میں نے بیٹھ کر نماز پڑھنی شروع کردی' پھر میں نے ایک عامل سے پوچھا تو اس نے کہا تمہیں بیماری نہیں ہے یہ سب جادو کا مسئلہ ہے۔ کچھ تعویذ وغیرہ دیئے جو کہ پانی میں ڈال کر پینے تھے پانی پینے سے بیماری میں کچھ کمی تو واقع ہوئی مگر مکمل آرام

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



نہیں آرہا تھا۔ ایک دن میں نے ایک بک سٹال پر عبقری رسالہ دیکھا' اس کے عنوان پڑھے تو میں نے کہا یہ جو بھی لوگ ہیں یہ صحیح ہیں کیونکہ اس میں مولانا کلیم صدیقی دامت برکاتہم العالیہ کا نام لکھا ہوا تھا کیونکہ ان کے ہاتھ پر لاکھوں لوگوں کو ایمان کی دولت نصیب ہوئی ہے۔ میں نے رسالہ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' سے یَاقَھَّارُ والا عمل پڑھا کہ یہ بکثرت پڑھنے سے جادو جنات کا مسئلہ ختم ہوجاتا ہے۔ یہ بات میں نے اپنے مولانا صاحب سے کی جو کہ تلہ گنگ کے رہنے والے ہیں تو وہ کہنے لگے کہ آپ ایسا کریں کہ یہ عمل اس طرح کریں جس طرح عبقری رسالہ میں چھپ چکا ہے۔ ایک ایسا برتن لیں جس میں پاؤں ڈوب جائیں' وضو کی حالت میں صبح وشام گیارہ سو مرتبہ یَاقَھَّارُ اول وآخر اکیس مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ میں نے یہ عمل گیارہ دن کیا' جگہ اور وقت کا خیال کرکے کیا تھا اور جو پانی تھا اس کو کسی نالی میں ڈالنا ہوتا ہے کیونکہ بیماری اس کے اندر چلی جاتی ہے۔ جب میں نے یہ عمل شروع کیا تو تیسرے دن خواب دیکھا کہ ایک کتا میرے پاس آیا میرے ہاتھ میں کوئی چیز ہے وہ مجھ سے چھیننا چاہتا تھا' اس کتے نے میرا بازو پکڑلیا مجھے ایسی خواب کبھی بھی نہیں آئی تھی اور اس کتے کی شکل بھی ایک بندے سے ملتی جلتی تھی۔ میں اُٹھ کر بیٹھ گیا اُس دن سے لے کر آج تک میرا وہ کمزور دل کا مسئلہ' چھاتی کا مسئلہ' معدہ کا مسئلہ' اس سے پہلے میرا گردن کے مہروں کا مسئلہ جس کا علاج میں بہت سے مشہور دواخانوں سے بھی کرواچکا تھا۔ سب کے سب مسئلے ختم ہوگئے۔ اس کے بعد پھر اللہ پاک کی ذات مجھے عبقری لے آئی اور ایک اللہ والے کی بات یاد آگئی کہ دور سے ہر آنے والی مصیبت جب نزدیک آتی ہے تو رحمت بن جاتی ہے۔

(عابد حسین صاحب، جہلم)

## یَاقَھَّارُ نے سب ٹھیک کردیا

مجھے اللہ پر یقین ہے کہ آپ اور آپ کے اہل خانہ بمعہ عبقری کے مخلص ساتھیوں کے ٹھیک ہوں گے اور اللہ آپ کو اور آپ کے ساتھیوں پر کرم فرمائے۔ میرا آپ سے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اور رسالہ عبقری سے تعارف ہوئے ایک سال ہو گیا ہے اور اس میں مجھ پر اللہ کا بہت کرم بھی ہوا ہے اور پچھلا رمضان جو کہ میں نے انٹرنیٹ پر آپ کے ساتھ گزارا' بہت اچھا گزارا' میں نے کبھی نماز تراویح نہیں پڑھی تھی مگر رمضان سے پہلے آپ نے سورۂ مائدہ والی آیت 11 مرتبہ اول و آخر درود شریف شعبان سے پڑھنا شروع کر دیا تھا جس کی برکت سے مجھے روحانی اور جسمانی دونوں رزق ملے ہیں ایک سال سے زائد نوکری کی تلاش میں تھا جو کہ آپ کی دعا اور توجہ اور اللہ کریم اور سورۂ مائدہ سے مجھے مل گئی۔

رمضان میں الحمدللہ پورا مہینہ مراقبہ بھی کیا ہے اور بہت فیض ملا ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میرے والد صاحب گاڑیوں کے رنگ کا کام کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ان کو دورے بھی پڑتے ہیں جو کہ اب عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کا وظیفہ یَاقَہَّارُ کا نقش انہیں پہننے اور یَاقَہَّارُ انہیں پڑھنے کو دیا ہے۔ جب سے انہوں نے یَاقَہَّارُ کا نقش پہنا ہے اور ذکر کر رہے ہیں سب کچھ ٹھیک ہے۔ یَاقَہَّارُ کا نقش درج ذیل ہے: جو شخص یَاقَہَّارُ کو جدا جدا حرف میں لکھے یعنی ''ی'' علیحدہ، ''ا'' علیحدہ، ''ق'' علیحدہ، ''ہ'' علیحدہ، پھر ''ا'' علیحدہ، اور ''ر'' علیحدہ اور پھر اسی طرح دوسری دفعہ یعنی کل اکتالیس دفعہ جدا جدا حروف میں لکھے اور کالی سیاہی گھلنے والی ہو جو پانی میں گھل جائے اس کو تعویذ بنا کر گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں' پی بھی سکتے ہیں اور اپنے تکیے کے اندر بھی رکھ سکتے ہیں۔

## یَاقَہَّارُ کے خاص الخاص عمل کا طریقہ

کچا برتن' پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔ چارپائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبو لیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبو لیں' پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یَاقَہَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے' جس گناہ سے' جس عیب سے' جس بدکاری سے' یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ پڑھنا شروع کر دیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو' قبلہ رخ بیٹھ کر' پانی روز بدلنا ہے' اس پانی کو گرا دیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے' گیارہ دن' اکیس دن' اکہتر دن' اکانوے دن۔ آپ پڑھیں۔ صبح وشام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہوگا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔

## بال بال جنات کے جادو سے اٹا ہوا

محترم حضرت علامہ لاہوتی صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ پر' صحابی بابا' حضرت حکیم صاحب اور آپ سے وابستہ تمام افراد اور آپ کی قیامت تک کی نسلوں پر اپنی رحمتوں کی موسلا دھار بارش برسائے۔ آمین! ہماری پریشانیوں کو دور اس وقت شروع ہوا جب ہم نے بچے کو حفظ قرآن کیلئے مدرسے بھیجا۔ سمجھ نہیں آرہی تھی کہ مسئلہ کیا ہے؟ ذہن روحانی علاج کی طرف گیا مگر یہاں ایسے ایسے مکروہ چہرے سامنے آئے کہ خدا کی پناہ۔۔۔! کسی عامل نے بچے کو مار کے اس میں سے جنات نکالنے کا دعویٰ کیا۔ کسی نے ہمارے گھر سے جنات بوتل میں بند کر کے بھاری رقم وصول کی' کوئی ہمارے گھر پر دم کر کے منہ مانگی رقم لے کے یہ کہہ گیا کہ اب میرے دم سے جنات تمہارے گھر کا راستہ بھول جائیں گے مگر یہ کیا۔۔۔؟؟؟ جنات تو ہمارے گھر کے راستوں سے اور زیادہ آشنا ہوگئے' کسی نے چند ہندسوں والے کاغذ پکڑا کر کہا کہ میری کوئی فیس نہیں بس میرے مؤکلات کے پیسے دے دیا کریں ان کی خوراک بکرے کا گوشت ہے' یوں من چاہی رقم وصول کی گئی ایک جنات نے پیسوں میں تباہی مچائی اوپر سے۔۔۔؟؟؟

اللہ کی ذات کو ہم پر ترس آیا اور عبقری سے تعارف ہوا اور اس میں آپ کا دیا ہوا عمل یاقھّارُ کا خاص الخاص پانی والا عمل ملا' (عمل آخر میں دیا گیا ہے) ہم نے عمل کیا تو یہ خوفناک حقیقت سامنے آئی کہ ہمارے تو گھر کے ہر فرد کا بال بال جنات کے جادو سے اٹا پڑا ہے اور ہمارے گھر کا کونہ کونہ خبیث جنات اور شریر جنات کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



خبیث ترین تعویذات سے بھرا پڑا ہے۔آپ کا طریقہ علاج اتنا موثر اور نورانی جس میں شرک و بدعت کا شائبہ تک نہیں' وظیفہ کرتے کرتے اللہ کی ذات سے تعلق مضبوط ہو جائے۔آپ اور حکیم صاحب آج کے دور کے روشنی کے بہت عظیم اور بلند و بالا مینار ہیں۔مخلوق خدا اپنی مضمحل اور تھکی اور تاریک زندگیوں کو آپ سے روشنیاں منور کر رہی ہے۔جنات نے میرے اور میرے بیٹے کا کیا حشر کر کے رکھا ہوا؟ پہلے جنات میرے بیٹے کے کمرے میں دندناتے پھرتے کہ ہم دہریے ہیں فلاں ہیں کہتے اس لڑکے کو الٹے کاموں پر لگانے میں ہمیں بہت مزہ آتا ہے مگر اب رو رہے ہوتے ہیں کہ ہم یہاں آنا نہیں چاہتے مگر ہمیں مار مار کر بھیجا جاتا ہے آگے یاقَہَّارُ کا نقش ہمیں تباہ کرتا ہے۔مجھ پر بہت جنات حاوی ہوتے اور میرے گھر والوں کو مارتے' میری زبان استعمال کرتے ہوئے انتہائی شرمناک اور توہین آمیز گفتگو کرتے تھے۔اتنے سنگین اور الجھے ہوئے مسئلے کو آپ کی جانب سے بہت احتیاط اور جانفشانی سے حل کیا جا رہا ہے کہ بے اختیار دل سے آپ کیلئے دعائیں نکلتی ہیں۔ جنات کی زد میں بچہ ایسا آیا کہ قرآن ہی بھول گیا' یہ ہماری زندگی کا انتہائی دردناک حادثہ ہے' ہم آپ کی دعاؤں کے بہت زیادہ محتاج ہیں' آپ کا بہت شکریہ کہ سالوں کی رکی ہوئی پروموشن اسی عمل کی برکت سے ہوگئی۔

**یاقَہَّارُ کے خاص الخاص عمل کا طریقہ:** کچا برتن' پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔چار پائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبو لیں۔اگر گرمی ہے تو پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبو لیں' پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یاقَہَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے' جس گناہ سے' جس عیب سے' جس بدکاری سے' یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔وہ پڑھنا شروع کر دیں۔روزانہ ایک وقت مقرر ہو'

www.iqbalkalmati.blogspot.com



قبلہ رخ بیٹھ کر' پانی روز بدلنا ہے' اس پانی کو گرا دیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے' گیارہ دن' اکیس دن' اکہتر دن' اکانوے دن۔ آپ پڑھیں۔ صبح و شام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہوگا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔

## جنّنی بولی یہ مجھے اچھا لگتا ہے

میں عبقری رسالہ کا بہت پرانا قاری ہوں' اس میں موجود تمام مضامین ہی لاجواب ہیں مگر ''جنات کا پیدائشی دوست'' کی تو کیا ہی بات ہے۔ اس مضمون نے ہماری بہت سی پریشانیاں دور کر دی ہیں۔ کچھ دنوں پہلے میرا بیٹا اپنی والدہ کے ساتھ ایک گاؤں فوتگی پر گیا' وہاں وہ بیمار ہوگیا' واپسی پر بیٹے کی آنکھیں سرخ اور چہرہ پیلا پڑا تھا۔ تھوڑی ہی دیر کے بعد اس کی حالت غیر ہوگئی جب اس سے بات چیت کرنے کی کوشش کی تو پتہ چلا کہ وہ عورت ہے اور کہتی ہے کہ یہ مجھے اچھا لگتا ہے۔ نام پوچھتا تو بتاتی نہیں تھی۔ ایک دن بوقت عصر اس کی طبیعت خراب ہوگئی تو میں نے پہلے آیۃ الکرسی اور سورۂ ناس پڑھی پھر علامہ لاہوتی پراسراری کا بتایا ہوا وظیفہ یَاقَہَّارُ کھلا پڑھنا شروع کر دیا' کافی دیر میں بیٹھا پڑھ پڑھ کر بیٹے پر پھونکیں مارتا رہا' وہ جنّنی چیخ کر بولی کہ میں جمعرات کو کھانا کھانے آؤں گی' پھر بچہ سیدھا ہو کر بیٹھ گیا۔ اس کے بعد وہ ابھی تک نہیں آئی۔ (مظہر عباس نقوی صاحب، اسلام آباد)

## یَاقَہَّارُ پڑھا اور کالا جادو اُلٹا پڑ گیا

میں نے ایک خواب دیکھا کیا دیکھتی ہوں کہ ایک آدمی میرے ساتھ لیٹا ہوا ہے میں نے خواب میں اس سے دور ہونے کی کوشش کی جیسے ہی میں اس سے دور ہوئی تو میرے سارے جسم میں آگ لگ جاتی ہے۔ میں خواب سے بیدار ہوئی تو میرا سارا جسم اتنا گرم کہ یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے حقیقت میں آگ لگی ہوئی ہو۔ میں نے بہت سے طبی علاج بھی کروائے لیکن طبیعت کی خرابی روز بہ روز بڑھتی جاتی تھی اس سے پہلے میں نے یَاقَہَّارُ کا سبق پانی میں تین چار مرتبہ پڑھا تھا۔ میری چھوٹی بیٹی کہنے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



لگی امی ہمارے سبق پڑھنے میں کوئی نہ کوئی ضرور فرق ہے۔ اسی بیٹی نے خواب دیکھا کہ میرے سارے جسم پر آگ لگی ہوئی ہے۔

اس نے یَاقَہَّارُ پڑھ کر میری طرف پھونکنا شروع کیا تو آگ بجھ گئی اس نے دیکھا یہ آگ جنات نے لگائی تھی اس نے خواب میں ہی جنات سے پوچھا کہ تم نے یہ آگ کیوں لگائی ہے آگے سے وہ کہتے کہ ہم تو انہیں ختم کرنے آئے ہیں تو صبح ہوئی تو میری چھوٹی بیٹی نے بڑی بیٹی کو خواب سنائی۔ میری بڑی بیٹی نے فوراً ایک مرغا زندہ منگوایا میں اسے ذبح کیا اور اس کی ہڈی اور گوشت کا قیمہ بنایا اور اسی آٹا میں مکس کر دیا اور اسی کی چھوٹی چھوٹی گولیاں بنائی اور ان گولیوں کو دریا میں پھینک دیا۔ اس طرح میری بڑی بیٹی نے میرا صدقہ دیا اور اسی دن ہم سب گھر والوں نے یَاقَہَّارُ ایک لاکھ مرتبہ روزانہ پڑھنا شروع کر دیا۔ پھر ہم نے کئی دن تک یَاقَہَّارُ پڑھا۔ اللہ کا شکر ہے کہ جس آدمی کو میں نے اپنے ساتھ لیٹے ہوئے خواب میں دیکھا تھا اس کے ساتھ یہی کیفیت جو آٹھ ماہ تک میرے ساتھ ہوتی تھی جس طرح میں نے آٹھ ماہ اذیت کاٹی اس کے ساتھ اب وہی کچھ ہونا شروع ہو گیا ہے۔

## جن نے یَاقَہَّارُ پڑھنے پر طلاق دیدی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو لمبی زندگی دے اور تسبیح خانہ کی رونقیں بحال رہیں، اس کا پیغام نہ صرف پوری دنیا میں پھیلے بلکہ اس کے پیغام پر عمل کرنے والے بھی بہت ہوں۔ آمین!

محترم حضرت حکیم صاحب! ہماری آپ سے ملاقات تو نہیں ہوئی مگر اشتیاق بہت ہے کہ آپ کے منہ سے جو وظیفہ خاص ہمارے لیے نکلے وہ کریں۔ مگر پھر سوچتے ہیں کہ اگر درس سن کر اور عبقری پڑھ کر ہمارے مسائل حل ہو رہے ہیں تو پھر آپ سے ملاقات وہ کرلیں جنہیں زیادہ ضرورت ہے صرف آپ ایک دفعہ ہمارے لیے دعا کر دیں۔ ہم آپ کے دفتر آئے تو اسسٹنٹ صاحب نے دو انمول خزانہ کا تحفہ دیا وہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پڑھ رہے ہیں الحمدللہ مسائل آہستہ آہستہ ٹھیک ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ آپ کے درس میں شرکت کرتے ہیں اللہ کا شکر ہے کہ موسیقی سننا بالکل چھوڑ دی ہے اور جو چھوٹے چھوٹے وظائف بتاتے ہیں وہ کرنے کی پوری کوشش کرتے ہیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب! میں آپ کے رسالے میں سے جنات کا پیدائشی دوست بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ میرے ساتھ ایک مسئلہ تھا کہ مجھے بہت عجیب وغریب خواب آتے جیسے میری کسی کے ساتھ شادی ہو رہی ہے' میں کسی کی بیوی ہوں۔ مجھے ان خوابوں کا کوئی مطلب سمجھ میں نہ آتا۔ گزشتہ سال میں نے ''جنات کا پیدائشی دوست'' کالم میں پڑھا کہ جن اور انسانوں کی شادیاں بھی ہو جاتی ہیں تو میرے دل میں بھی شدید خوف پیدا ہوا اور مجھے سارے خواب یاد آئے۔ میں نے اسی دن علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا بتایا ہوا وظیفہ یاقہارُ پڑھنا شروع کیا ابھی میں نے صبح وشام یاقہارُ گیارہ سو مرتبہ اول وآخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھا۔ پھر ایک دن مجھے نماز کے دوران آواز آئی کہ کوئی کہہ رہا تھا کہ ''میں تمہیں طلاق دیتا ہوں'' اس نے اس طرح تین مرتبہ کہا۔ اس دن کے بعد وہ عجیب وغریب خواب مجھے نہیں آئے۔ الحمدللہ! (ف۔س)

## یاقہارُ سے برسوں کا جادو ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ تین سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ اس رسالہ کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ خاص طور پر ''جنات کا پیدائشی دوست'' کا کالم میرا پسندیدہ ہے۔ اس میں موجود وظائف واقعی تیر بہدف ہوتے ہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! مجھے کافی عرصہ سے جادو کا مسئلہ رہا ہے' میں نے علامہ لاہوتی صاحب کے کالم سے یاقہارُ کا وظیفہ صبح وشام گیارہ گیارہ تسبیح اول وآخر سات مرتبہ درود شریف پڑھا اور ساتھ سارا دن کھلا یاقہارُ پڑھنا شروع کیا جس سے مجھے برسوں بعد آرام سے نیند آئی اور طبیعت میں بہت سکون محسوس ہوا۔ اب جب میں سارا دن گھر میں کھلا یاقہارُ پڑھتی رہتی ہوں تو مجھے کسی عورت کے چیخنے اور رونے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کی آوازیں گھر کے مختلف کونوں سے آتی ہیں لیکن میں نے پڑھنا نہیں چھوڑا اور دن بدن میری طبیعت میں بہتری آتی جارہی ہے۔ (س۔ا)

## بدترین جادو کا کامیاب توڑ

السلام علیکم! میں جنوری 2013ء سے مسلسل ماہنامہ عبقری پڑھ رہا ہوں' اس میں موجود وظائف خود بھی کرتا ہوں اور لوگوں کو بھی بتاتا ہوں۔ میں عرصہ بارہ سال سے مالی و معاشی پریشانی میں مبتلا ہوں۔ اس سے پہلے اللہ تعالیٰ کے کرم سے بہت اچھے دن گزار رہا تھا کبھی میرے اور کبھی میری بیوی کے کپڑوں پر خون کے چھینٹے گرتے اور کبھی ہمارے کپڑوں پر کٹ لگ جاتے۔ کچھ عرصہ پہلے علامہ لاہوتی پراسراری کے کالم "جنات کا پیدائشی دوست" میں یَاقَھَّارُ کا عمل چھپا جو میں نے اور میری بیوی نے صبح وشام گیارہ گیارہ تسبیح اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنا شروع کردیا۔ اس کے علاوہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور یَالَطِیْفُ یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ بھی پڑھتا رہتا۔ اس کے علاوہ سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھ پڑھ کر علامہ لاہوتی پراسراری اور صحابی بابا کو ہدیہ کرتا رہتا ہوں۔ ان سب اعمال کے جو مجھے فائدے ہوئے میں بتا نہیں سکتا۔ ہمارے گھر سے جادو کے اثرات دن بدن کم ہورہے ہیں' اب خون کے چھینٹے نہیں گرتے اور گھر میں سکون آتا جارہا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور علامہ لاہوتی پراسراری کو اور آپ کے ادارے کے تمام لوگوں کو اس نیک کام میں کامیابی وکامرانی نصیب فرمائے۔ (محمد انور صاحب)

## تعویذ نبوی ؐ سے بھانجی پر آیا جن جل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کی زندگی میں برکت دے' اللہ آپ کو تاقیامت سلامت رکھے' آپ کا سایہ امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اوپر رہے۔ کچھ عرصہ پہلے کسی حاسد نے میری بھانجی پر جادو کروایا جو کہ ابھی صرف پندرہ سال کی تھی؛ میں نے اس کیلئے ایک عامل کو بلایا مگر وہ کچھ نہ کرسکا' میں نے اس پر خود عمل کرکے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



جادو کے ذریعے مسلط جنات کو ہٹایا مگر اس کے بعد میرے اور اس کے اوپر جادو کروایا گیا چونکہ میں تو اپنے اعمال میں لگا رہتا تھا اس وجہ سے جادوگر سے میری روحانی لڑائی شروع ہوگئی میری چونکہ جنات کی لائن نہیں تھی لیکن میں اپنے اعمال کرتا تھا جس کی وجہ سے اس کے مؤکلات ختم ہوتے رہتے لیکن مجھے اتنی سخت تکلیف ہوتی تھی کہ میں نے بہت مشکل سے اس کو برداشت کرتا۔ پھر میں نے عبقری میں ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں موجود دیئے اعمال کرنا شروع کر دیئے جس سے کچھ سکون ہوا۔ اسی دوران میں نے رسالہ عبقری کے ایک خاص نمبر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا وہ خط دیکھا جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جنات کو لکھا تھا میں نے اس کا تعویذ بنا کر اپنی بھانجی کے گلے میں ڈال دیا' جادوگر کے مؤکلات سامنے آتے اور معافیاں مانگتے کہ اس تعویذ کو نکال دو لیکن میں نے اسے منع کیا کہ ہرگز ایسے نہیں کرنا یہ دھوکہ دینا چاہتے ہیں۔ اس کے بعد ان کے منہ سے آگ کے شعلے نکلتے نظر آتے وہ مجھے تو نظر نہیں آتے تھے مگر میری بھانجی کو سب کچھ نظر آتا تھا۔ اس کے بعد کام اور تیز ہوگیا میں مسلسل یاقہارُ پڑھتا رہا اور اس کے درختوں جتنے بڑے بڑے مؤکلات آتے اور جل جاتے۔ یہ خط (تہدیدی نامہ) اکتوبر 2014ء میں بھی چھپ چکا ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب میرا نام شائع مت کیجئے گا۔ (ب۔ا)

## مسلسل سردرد اور ڈراؤنے خوابوں سے نجات

محترم حضرت حکیم صاحب! آپ کا رسالہ عبقری پڑھتے ہوئے مجھے تین سال ہوگئے ہیں' اس دوران میں نے اس شاندار میگزین سے بہت زیادہ فیض پایا ہے' خاص کر اس کے خاص مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کی تو کیا ہی بات ہے' اس میں موجود وظائف نے تو میری مشکلات ایسے حل کی ہیں جیسے کبھی تھیں ہی نہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میں نے چار سال مدرسہ میں پڑھا ہے' اس دوران میرے سر میں شدید درد ہوتا تھا' جب گھر میں ہوتی تو درد کا بالکل احساس نہ ہوتا تھا مگر جب جامعہ جاتی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



توشدید درد ہوتا' اس درد کے ساتھ گردن بھاری ہوجاتی تھی اور ایسا محسوس ہوتا تھا کہ گردن میں کوئی بھاری چیز ڈالی ہو۔ اب علاج سے وہ کیفیت تو نہیں لیکن سر میں اب بھی بہت درد ہوتا ہے اور اس درد سے میرے بال بہت زیادہ گرنا شروع ہوگئے جس کی وجہ سے میں پریشان تھی۔ اسی کیفیت میں عجیب وغریب خواب بھی دیکھتی کہ کبھی بہت سارے بیل میرے پیچھے لگتے ہوئے ہیں' کبھی کتوں کو دیکھتی کہ وہ میرے پیچھے لگے ہوئے ہیں اور مجھے پکڑنے کی کوشش کر رہے ہیں پھر شدید خوف اور ڈر کی وجہ سے میری آنکھ کھل جاتی۔ محترم حضرت حکیم صاحب! ایک مرتبہ عبقری میں موجود اپنا پسندیدہ مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھ رہی تھی کہ اس میں موجود یاقھّارُ کا وظیفہ کے فوائد لکھے ہوئے تھے' میں نے اپنے ان درج بالا مسائل کے حل کیلئے اس وظیفے کو دن رات' اٹھتے بیٹھتے' چلتے پھرتے ہروقت پڑھنا شروع کردیا۔ الحمدللہ! اب بھی یہی وظیفہ جاری ہے' اس وظیفے کے کرنے کی وجہ سے اب مجھے خوفناک خواب نہیں آتے اور جو میرا سب سے بڑا مسئلہ تھا کہ سر کی پچھلی جانب شدید درد ہوتا تھا وہ اب نہیں ہوتا چاہے میں جامعہ میں ہوں یا گھر میں۔ (س،ج)

## یاقھّارُ کا ورد اور پوری دنیا کی سیر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے ہم نے یاقھّارُ کا ورد شروع کیا تو عجیب وغریب واقعات ہوئے' پہلی رات جب ہم سارے گھر والوں (میاں بیوی' دو بیٹے) نے یہ ورد کیا تو میں خود اس رات طنجہ (مراکش) کا شہر دیکھا' یہ وہ شہر ہے جہاں مشہور سیاح ابن بطوطہ پیدا ہوا تھا۔ اسی رات میں امریکہ کی ریاست الاسکا کی سیر کی اور نماز تہجد کے اٹھنے سے پہلے حج کیا' مکہ کی سیر کی' کچھ دن پڑھنے کے بعد میرا چھوٹا بیٹا حذیفہ ڈر گیا وہ جب بھی ڈرتا ہے تو یاقھّارُ کا ورد شروع کردیتا ہے۔ الحمدللہ! جب سے یاقھّارُ کا ورد شروع کیا ہے گھر میں سکون ہوگیا ہے' شیطانی چیزیں بھاگ گئی ہیں۔ جب شروع شروع میں یاقھّارُ پڑھنا شروع کیا تو ان چیزوں نے ہمیں بہت ستایا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



مگراب الحمدللہ! ان سے جان چھوٹ گئی ہے۔ (الف، ذ)

## تقریب ختم القرآن کا خاص تحفہ

اس دفعہ پورے ٹھٹھہ کی جیل کو حافظ عبداللہ نے تمام مسلمان جنات کو تراویح میں قرآن سنایا اور تمام جنات مستقل بیس تراویح ہی پڑھتے ہیں ختم القرآن کے موقع پر جب میں نے حافظ عبداللہ سے اس کی گرفتاری اور قید کے واقعات سنے تو دل میں اس کی ذات کیلئے ایک ہمدردی پیدا ہوئی اور ہمدردی بھی ایسی پیدا ہوئی کہ جی میں آیا کہ میں اسم یَاقَہَّارُ کے کمالات' برکات' ثمرات اور انوکھے کرشمات بیان کروں۔ کیونکہ اسم یَاقَہَّارُ ہی کی وجہ سے حافظ عبداللہ آج جیل کی سخت قید کاٹ رہا ہے اور اس کیلئے ترس اس لیے آیا کہ اے کاش یہ ایسا نہ کرتا تو آج یہ کہیں اور ہوتا۔ اتنی کڑی اور سخت جیل میں نہ ہوتا۔

## اسم یَاقَہَّارُ کے کمالات وکرشمات اور ہندو جن کی فریاد

میرے جی میں تھا کہ اسم یَاقَہَّارُ کے کمالات آج کے بیان میں جنات کے لاکھوں کے مجمع میں وضاحت سے بیان کروں لیکن اس سے پہلے ایک انوکھا واقعہ کچھ یوں ہوا کہ ایک بوڑھا قیدی جن جو کہ ہندو تھا وہ میرے قریب آیا ہاتھ ملایا' بوسہ دیا اور رونے بیٹھ گیا میں نے اس سے پوچھا کیا درد آپ کے اندر۔ مجھے کہنے لگا آپ اسم یَاقَہَّارُ کے کمالات انسانوں سے بیان نہ کریں۔ مجھے خبر ہے آپ عبقری رسالہ میں لکھتے ہیں اور جس سے لاکھوں لوگ فیض پاتے ہیں اگر اسم یَاقَہَّارُ کے کمالات کا انسانوں کو پتہ چل گیا تو انسان جنات کو بھون کر رکھ دیں گے پھر کہنے لگے میری عمر ساری کالی دیوی کے چرنوں میں گزری ہے ایک جرم کی پاداش میں۔ میں کلکتہ کے قریب رہنے والا ہوں وہاں سے لاکر یہاں ہمیں قید کردیا گیا ہے کیونکہ انسانوں کے درمیان ملکوں کی سرحدیں ہیں ہمارے ہاں ملکوں کی کوئی سرحدیں نہیں ہمارے لیے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پوری دنیا سارے ملک' سارے صوبے ایک ہی ملک کی مانند ہیں۔

## محمد شاہ رنگیلا کے دربار میں صاحب کمال کا مقام

ہمارے ایک بہت بڑے پنڈت تھے جو کہ انسان تھے اور یہ بات اس دور کی ہے جب محمد شاہ رنگیلے کا دور تھا وہ پنڈت اپنے علوم اور کمالات میں ایسا ماہر تھا کہ محمد شاہ رنگیلا بادشاہ بھی اس کی ایسی قدر کرتا تھا کہ شاید ماں کی بھی کم کرتا ہو۔ محمد شاہ رنگیلا جہاں اپنے رنگیلے کردار کی وجہ سے رنگیلا تھا لیکن اس میں ایک ایسی خوبی تھی جو کم بادشاہوں میں تھی کہ وہ صاحب کمال کوئی بھی شخص ہو اور کسی بھی فن کا ہو اس کا بہت قدردان تھا۔ تو ہمارے ہندو پنڈت جن کا نام پنڈت بھوگا رام تھا سے ایک دفعہ سوال کر بیٹھا کہ مہاراج کوئی ایسی چیز بتائیں کہ جو جنات اور جادو کا آخری ہتھیار ہو' ننگی تلوار ہو اور جب بھی اس کو پڑھا جائے تو جادو جنات ایسے ٹوٹے جیسے میرے ہاتھ سے جام پتھر کے فرش پر ٹوٹ کر چکنا چور ہو جاتا تھا۔ پنڈت بھوگا رام اپنی جاپ میں تھا۔ سر اٹھایا۔ ان کی سرخ آنکھوں سے شعلے نکل رہے تھے۔ پنڈت نے کہا آپ کو ایک چیز بتاتا ہوں کیونکہ آپ مسلمان ہیں۔

## ہندو پنڈت کا اسلامی ننگی تلوار کا تحفہ

تو آپ کو ایک ایسی اسلامی چیز دیتا ہوں جو یقیناً آپ کو زندگی کے وہ کمالات دے جو آپ کو اور آپ کی نسلوں کو سدا اور صدیوں یاد رہے محمد شاہ رنگیلا بادشاہ ایک دم چوکنا ہو کر بیٹھ گیا۔ اپنے تاج کو اتار کر ایک طرف رکھ دیا اور کانوں کو قریب لے گیا تو پنڈت بھوگا رام بولا شہنشاہ اعظم آپ کے قرآن میں ایک لفظ ہی قَہَّارُ یہ ایک ایسا لفظ ہے جس کو آپ یَاقَہَّارُ جب بھی پڑھیں گے یہ شریر جادوگر' بدکار' جنات اور جادوگروں پر ایک ننگی تلوار ثابت ہوگی۔ آپ کے اوپر جادو کسی نے کر دیا، آپ اس کو توڑنے پر تیار ہیں۔ کوئی جن آپ کا گھر' در اور دولت کا دشمن ہے اور آپ چاہتے ہیں اس جن سے چھٹکارا مل جائے تو ہرگز ہرگز پریشان نہ ہوں۔۔۔! آپ فوراً اس اسم یَاقَہَّارُ کو اپنی زندگی کا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ساتھی بنالیں، پاک ناپاک ہر وقت اس کو وجد کی حالت میں پڑھیں، یعنی ڈوب کر پڑھیں اور بے قراری، بے چینی سے پڑھیں۔ بس جب بھی پڑھیں گے۔ آپ کو اس کا کمال ملے گا۔ تھوڑے عرصے میں یا زیادہ عرصے میں، لیکن کمال ضرور ملے گا۔

## رنگیلا کے دور میں جنات پر ٹوٹا اسم یاقہار کا قہر

وہ ہندو بوڑھا جن کہنے لگا یہ گفتگو میں نے خود سنی اور اس کے بعد محمد شاہ رنگیلے نے اپنی بھری دربار میں یہ واقعہ سب کو سنا دیا۔ اس کے دربار میں ہندو بھی تھے، مسلمان بھی تھے اور سکھ بھی تھے بوڑھا ہندو جن رو کر کہنے لگا مجھے یاد ہے رنگیلے کے دور میں جنات پر اس اسم یاقہار کی وجہ سے جو قہر برسا وہ شاید پھر زندگی میں کبھی کسی پر نہ برسا اس لیے میری خواہش ہے کہ آپ جنات کے پیر و مرشد ہیں اور آپ کو علامہ لاہوتی پراسراری ایسے نہیں کہا جاتا، جنات کے قبائل در قبائل آپ کے مرید اور غلام ہیں لیکن براہ کرم اسم یاقہار کے کمالات انسانوں تک نہ پہنچنے دیجئے۔ اگر وہ انسانوں تک پہنچ گئے تو انسانوں نے جنات کی نسلوں کی نسلیں جلا کر رکھ دینی ہیں۔ کیونکہ شریف جنات کم اور شریر جنات بہت زیادہ ہیں۔

## اسم یاقہار کے کمالات پر سوا تین گھنٹے کا مفصل بیان

میں نے جب بوڑھے ہندو جن کی یہ بات سنی تو میں نے ان کا شکریہ ادا کیا کہ آپ نے مجھ ایک ایسا تاریخی واقعہ سنایا جس نے مجھے کافی تجربہ دیا لیکن میں یہ وعدہ نہیں کرتا کہ میں یہ واقعہ انسانوں تک نہ پہنچاؤں کیونکہ انسانوں کا درد میری طبیعت کے اندر کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے میں یہ وعدہ نہیں کر سکتا پھر اسم یاقہار کے واقعات میں نے جنات کو بتائے اور ختم القرآن میں میں نے حافظ عبداللہ کو کہا میرا جی کہتا ہے کہ حافظ صاحب آپ دعا کریں ان کا اصرار تھا کہ ہم نے تو دعا کیلئے آپ کو بلایا ہے ان سے عرض کیا میرا حکم ہے حکم کو مانتے ہوئے حافظ عبداللہ نے سوا گھنٹے کی دعا جس میں سسکیاں اب ختم ہو چکی تھیں اب تو آہ اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com


چیخ و پکار تھی اور ایک ہجوم انتیس رمضان کی رات کو اللہ کے سامنے اپنے جرائم کا اعتراف کرتے ہوئے رو رہا تھا۔ اس کی دلدوز دعا درد بھرے الفاظ اور غم میں ڈوبی ہوئی فریادیں عرش الٰہی کو ہلا رہی تھیں' وہاں ہر طرف جنات ہی جنات تھے سوائے مجھ ایک انسان کے...... اور ایک عجیب منظر تھا...... ایک عجیب سماں تھا...... اور ایک بالیقین کیفیت تھی کہ اللہ پاک جل شانہٗ نے سب دعائیں قبول فرمالیں اور ہر طرف رحمت اور مغفرت کا اعلان ہو گیا یقین بھی تھا' گمان بھی تھا اور دل کو اطمینان بھی تھا۔ میں نے ان جنات کے سامنے اسم یَاقَہَّارُ کے جو کمالات بیان کیے اور یہ گفتگو تقریباً سوا تین گھنٹے تک چلتی رہی' اس میں سے کچھ آپ حضرات کی خدمت میں پیش کیے ہیں۔

## اسم یَاقَہَّارُ خاص الخاص عمل

وہ خاص الخاص عمل جو یَاقَہَّارُ کے سلسلے میں میں نے جنات کے لاکھوں ہجوم میں بیان کیے ان میں ایک یہ ہے جو شخص یَاقَہَّار کو جدا جدا حرف میں لکھے یعنی ''ی'' علیحدہ، ''ا'' علیحدہ، ''ق'' علیحدہ، ''ہ'' علیحدہ، پھر ''ا'' علیحدہ، اور ''ر'' علیحدہ اور پھر اسی طرح دوسری دفعہ یعنی کل اکتالیس دفعہ جدا جدا حروف میں لکھے اور کالی سیاہی گھلنے والی ہو جو پانی میں گھل جائے اس کو تعویذ بنا کر گلے میں بھی ڈال سکتا ہے' پی بھی سکتا ہے اور اپنے تکیے کے اندر بھی رکھ سکتا ہے۔

جادو کا پرانا مارا ہوا' نظر بد کا ڈسا ہوا اور جنات کا بہت متاثر ہوا ایسے گھر جن میں جنات آگ لگا دیتے ہیں' کپڑے کاٹ دیتے ہیں' کپڑوں پر خون کے یا گندی چیزوں کے نشان پڑ جاتے ہیں یا گھروں میں جگہ جگہ پاخانہ اور پیشاب ملتا ہے یا آوازیں آتی ہیں یا گھر بھر کو سونے نہیں دیا جاتا۔ گھر میں بیماری' پریشانی ایک مشکل سے نکلنا دوسری میں اور دوسری سے نکلنا تیسری میں...... ایسے تمام معاملات میں یَاقَہَّارُ کا اکتالیس دفعہ کا لکھا ہوا نقش نہایت موثر اور آزمودہ ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com


## اسم یَاقَھَّارُ اور پڑھے لکھے عالم جن کے مشاہدات

آپ کیلئے ایک بات اور انوکھی ہوگی جنات بھی ایک دوسرے پر بہت جادو کرتے ہیں۔ مجھے ایک پڑھے لکھے عالم جن جو کہ سہارن پور کے ایک بڑے مدرسے میں اٹھارویں صدی میں پڑھے تھے انہوں نے بتایا کہ یَاقَھَّارُ کا یہ نقش جب تک ہم اپنے گھروں میں لگاتے ہیں کسی جن کا جادوئی وار ہمارے اوپر اثر نہیں کرتا اور اگر ہم اتار دیں تو اس کا وار اثر کر جاتا ہے۔ لہٰذا ہم بہت اہتمام سے یَاقَھَّارُ کا نقش گھروں میں ہر جگہ لگاتے بھی ہیں اپنے بچوں کے گلے میں ڈالتے بھی ہیں اور اس کو دھو کر اس کا پانی پیتے ہیں حتیٰ کہ اپنے کھانے پینے کی ہر چیز میں یہ پانی ڈالتے ہیں اور پانی بڑھاتے چلے جاتے ہیں مہینوں یہ نقش پیتے ہیں جب نقش بوسیدہ ہوجاتا ہے مزید لکھ کر اس میں ڈال دیتے ہیں اور پانی بڑھاتے جاتے ہیں اپنے گھروں میں چھینٹے بھی مارتے ہیں۔

## اسم یَاقَھَّارُ اور علامہ لاہوتی پراسراری کا ذاتی مشاہدہ

اس عالم جن کی بات سننے کے بعد میں نے اس کو ایک بات سنائی کہ میرے پاس ایک واقعہ ایسا ہوا کہ جنات گھر میں پتھر مارتے تھے' مٹی کے ڈھیلے مارتے' گائے بھینس کا گوبر حتیٰ کہ بلی اور کتے کا پاخانہ جگہ جگہ گھر میں بکھیر دیتے' جگہ جگہ پیشاب کر دیتے گھر بھر میں ایک عجیب وغریب عفونت تھی اور غلاظت تھی اس عفونت اور غلاظت کی وجہ سے گھر میں رہنا دوبھر ہوگیا تھا۔ دنیا کا ہر علم اور اس کی کوشش کر کے دیکھ لی تھی کوئی فائدہ نہیں ہوا بہت عامل آئے کچھ تو ایسے تھے اپنا بیگ بھی چھوڑ کر بھاگ گئے جنات نے انہیں رہنے نہیں دیا اور جنات خود ان کے پیچھے پڑ گئے۔

جب یہ ہر طرف سے مایوس ہوگئے تو میں نے انہیں یَاقَھَّارُ ہر نماز کے بعد ایک سو اکیس دفعہ اول وآخر تین دفعہ درود شریف اور اس کا نقش پینے پہننے اور گھروں میں لگانے کیلئے دیا اور مزید تاکید کی کہ اس پانی کے گھر میں چھینٹے ماریں' چھڑکیں اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com


کھانے پینے کی ہر چیز میں اس کو شامل ضرور کریں اور ایسا ہی ہوا۔ دن اور رات چلتے رہے' ان کے گھر سے یہ مصیبتیں اور جناتی دنیا ایسی گئی کہ کہنے لگے کہ ہم نے خواب میں اب دیکھنا شروع کر دیا ہے کہ وہ چیزیں آ آ کر ہماری منتیں کرتی ہیں کہ آپ یہ پڑھنا چھوڑ دیں اور یہ عمل کرنا چھوڑ دیں اور اپنے گھروں سے نقش ہٹا دیں اور اپنے گلے سے نقش اتار دیں اور اس نقش کو پینا چھوڑ دیں انہوں نے مجھ سے رابطہ کیا کہ جنات ایسے کہتے ہیں میں نے کہا ہرگز نہ کرنا ان کا مقصد ہے یہ ان اعمال سے خالی کر کے تمہارے اوپر کوئی بڑا حملہ کرنا چاہتے ہیں لہٰذا اپنے عمل میں لگے رہیں اور پہلے سے زیادہ کوشش محنت اور توجہ اور دھیان سے اس کو پڑھتے رہیں۔ انہوں نے ایسا ہی کیا اور اللہ کی رحمت سے ان کے مسائل حل ہو گئے۔ آج وہ گھرانہ اُس سوسائٹی میں سب سے زیادہ پرسکون گھرانہ ہے۔

## فیکٹری پر جنات کا قبضہ

ایک پلاسٹک فیکٹری کے مالک نے مجھ سے رابطہ کیا کہ میرا مال پڑا پڑا خراب ہو جاتا ہے اس میں آگ لگ جاتی ہے' مشینیں ٹوٹ جاتی ہیں' ہر وقت خراب رہتی ہیں' کام بنتے بنتے بگڑ جاتے ہیں ملازم بھاگ جاتے ہیں' فیکٹری میں ایک وحشت' خوف اور مستقل پریشانی رہتی ہے' آپس میں لڑائی جھگڑے اور یونین بن گئی ہے۔ رزق آتا ہے لیکن برکت نہیں ہے' رزق رکتا نہیں ہے۔ بعض اوقات فیکٹری میں رہنے والے ملازم طرح طرح کے انوکھے واقعے دیکھتے ہیں' کوئی بھیڑ ہے کوئی بکری ہے' کوئی کتے ہیں مستقل آپس میں کھیل رہے ہیں جب قریب جاتے ہیں تو وہ چیزیں غائب ہو جاتی ہیں۔

## پراسرار میت پر پراسرار لوگوں کا بین کرنا

مزید کچھ لوگوں نے تو یہاں تک دیکھا کہ کوئی میت ہے اس پر بہت سے لوگ رو رہے ہیں خواتین کھلے بالوں کے ساتھ بین کر رہی ہیں' ان کا رونا اس حد تک بڑھ جاتا ہے خود دیکھنے والے کو بھی رونا آ جاتا ہے وہ حقیقت کو بھول جاتا ہے یہ سب کچھ حقیقت

www.iqbalkalmati.blogspot.com


ہے یا سچ ہے جھوٹ ہے یا دھوکہ ہے وہ روتے روتے دیوانہ ہوجاتا ہے اور جب قریب جاتا ہے تو کچھ بھی نہیں ہوتا۔

## ہندو جنات تکالیف دیتے رہے

وہ حیران ہوتا ہے کہ دور سے قہقہوں کی آواز آتی ہے اور یہ آواز آتی ہے کہ اس جگہ کو چھوڑ جاؤ یہاں بہت پہلے ہمارا مندر ہوتا تھا پھر اس کو لوگوں نے مسمار کر دیا اب اس جگہ فیکٹری بن گئی لہٰذا اب تمہاری خیر اس میں ہے کہ اس جگہ کو چھوڑ کر یہاں سے چلے جاؤ۔ ملازم بیمار ہوجاتے ہیں ان کو تکلیفیں ایسی ہوتی ہیں جو کسی دوا سے ٹھیک ہی نہیں ہوتیں وہ تندرست نہیں ہوتے مستقل بے چین' بے قرار رہتے ہیں شفاء یابی کوئی امید نہیں آتی اب تو یہاں تک معاملہ ہوگیا ہے جو اس فیکٹری میں کام کرتے ہیں ان کے گھر بھر کے تمام افراد بیمار ہوتے ہیں' بچے بیمار' بیوی بیمار' گھر میں جھگڑے پریشانیاں شروع ہوگئی ہیں اور سب ملازموں کے دل میں یہ بات بٹھادی گئی ہے جو یہاں رہے گا برباد رہے گا یہاں سے چھوڑ جانے میں عافیت ہے لہٰذا سب ملازم اس بات کا عزم لیے ہوئے ہیں کہ ہمیں یہاں سے چھوڑ کر چلے جانا چاہیے اور بہت سے چھوڑ گئے اور بہت چھوڑنے کی تیاریوں میں ہیں۔

## اک دھماکہ ہوا، مٹی اڑی، اور چیخ وپکار شروع ہوگئی

یہ غمناک کیس جب میرے سامنے آیا تو میں نے یَاقَهَّارُ لاکھوں کی تعداد میں پڑھنے کا کہا اور پھر اس کے نقش لگانے' پینے اور پہننے کو کہے اور حتیٰ کہ ہر مشین کے اوپر اکتالیس دفعہ کا یہ نقش چپکائیں اور جو ملازم نمازی ہیں ان سے کہیں کہ وہ یَاقَهَّارُ مسلسل پڑھیں اور جو بے نمازی ہیں ان کو نماز کی ترغیب دیں اور ان سے بھی کہیں کہ یہ پڑھیں میں نے سارے جنات کو متوجہ کر کے دعوے سے بات کہی کہ یہ عمل جب انہیں بتایا تو صرف پانچ ہفتے محنت کرنے سے فیکٹری کے اندر ایک دھماکہ ہوا اور بہت ساری مٹی اڑی اور چیخ وپکار شروع ہوئی' انہوں نے حیران ہوکر دیکھا تو

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کچھ تھا نہیں اور مٹی کا ایک بہت بڑا غبار دھماکے کے بعد ساری فیکٹری پر چھا گیا وہ میرے پاس پہنچے میں نے جنات کو تحقیق کیلئے بھیجا تو پتا چلا کہ وہ سب جن جل گئے اور ان میں ایک بہت بڑا دیو تھا جو ان کا سربراہ تھا یہ اس کے جلنے اور مرنے کی نشانیاں ہیں اور یہ چیخ وپکار اسی کی تھی۔

## بری عادات، اور غلط عادات کے عادی متوجہ ہوں

واقعی اس کے کمالات اور برکات اتنی زیادہ ہیں کہ میں اپنی عمر کے جتنے سال میں گزار چکا ہوں اتنے سال اتنے مہینے اور اتنے دن جس میں ہر روز اس کی نئی کہانی اور نئی گفتگو شروع ہوتی ہے۔ جو شخص کسی بُری عادت سگریٹ' نشہ' چرس' افیون' ہیروئن یا زنا شراب' بدنظری' چھوٹا گناہ یا بڑا گناہ اس عادت سے چھٹکارا چاہتا ہو تو اسے چاہیے ہر نماز کے بعد اس کی ایک تسبیح پڑھے اور وہ نقش جو میں پہلے بتا چکا ہوں اس کو مستقل لکھ کر روزانہ ایک نقش پیئے چالیس دن' خود لکھے یا کوئی اسے لکھ کر دے وہ پیے اگر کوئی شخص خود پینے کو تیار نہیں تو اس کا کوئی مخلص اس کی نیت کر کے پیے تو اس کی نیت کر کے پڑھے تو بھی ضرور اثر ہوتا ہے۔ بعض اوقات چالیس سے زیادہ نقش پینے سے فائدہ ہوتا ہے یعنی جتنی دل کی سیاہی ہوگی اتنا اس پر محنت کرنے پڑے گی۔ اور جتنی محنت ہوگی اتنا صلہ ملے گا۔

## خوفناک چیخ سے پہاڑ اور پورا ویرانہ دہل اٹھا

میں جنات میں یہ گفتگو کر ہی رہا تھا ایک جن کی ایک زوردار چیخ نکلی وہ اتنی اونچی تھی کہ آسمان تک پہنچی اور اگر میں بھی حصار میں نہ ہوتا تو شاید زندہ نہ رہتا اور اس کی خوفناک چیخ سے پہاڑ اور پورا ویرانہ دہل اٹھا۔۔۔! میں خاموش ہو گیا۔

وہ چیخ مار کر بیہوش ہو گیا' خادم جنات اسے اٹھا کر میرے پاس لائے محسوس یہ ہوتا تھا کہ اس کی آخری سانسیں ہیں پھر میں نے اپنے ایک خاص عمل کو نہایت توجہ دیکر اس کیلئے پڑھا اور محنت کی تھوڑی ہی دیر میں اس نے آنکھ کھولی میں نے پوچھا کیا ہوا؟ کہنے لگے جتنی دیر آپ یاقہار کے کمالات بتاتے رہے اتنی دیر میں سانس روک کر اس کو مسلسل

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پوری طاقت اور یقین سے پڑھتا رہا۔ پڑھتے پڑھتے مجھے احساس ہوا کہ میرے جسم کے روئے روئے سے خون نکلنا شروع ہو گیا' میں نے محسوس کیا تو واقعی ایسا ہو چکا تھا' لیکن میں پھر بھی پڑھتا رہا' بس پھر مجھے خبر نہیں کیا ہوا؟ اور میں بے ہوش ہو گیا۔

## حرام مال، فتنوں کا باعث ہوتا ہے

میں نے دیکھا تو اس کا جسم جگہ جگہ سے پھٹ گیا تھا اور جسمانی حالات اس کے نا قابل بیان تھے۔ میں نے اس سے ایک سوال کیا سچ بتاؤ کیا تم نے کبھی کسی کے سود یا رشوت کے پیسے چرائے تھے۔ ٹھنڈی آہ بھر کے کہنے لگا ہاں میں نے ایک انسان کے پیسے مسلسل کئی سال چرائے ہیں۔ اس کا شبہ سود اور رشوت کا تھا میں نے کہا کلمہ پڑھو اس نے کلمہ پڑھا اور بہت اونچی آواز میں پڑھا اور زور زور سے پڑھا اور پھر بار بار کہنے لگا یااللہ مجھے معاف کردے۔ یااللہ مجھے معاف کردے یااللہ مجھے معاف کردے اور چوتھی بار یااللہ منہ سے نکلا آگے نہیں بولا اور اس کا دم ٹوٹ گیا۔ بہت افسوس زدہ خبر تھی ...... اس کی میت کو اٹھا کر خادم جنات نے ایک طرف رکھ دیا۔ میں نے اپنی گفتگو جاری رکھی اور وہی گفتگو میں آپ حضرات کو بتا رہا ہوں۔

## پرانے کھنڈرات میں شریر جنات کا وجود

ایک شخص میرے پاس بہت پرانی بات ہے اپنا ایک بیٹا لے کر آیا جس کی دونوں آنکھیں چندھیائی ہوئی تھیں عمر ستائیس اٹھائیس سال کے قریب تھی دن کی روشنی میں نہیں دیکھ سکتا تھا رات کے اندھیرے میں اسے کچھ نہ کچھ نظر آتا تھا۔ میں نے پوری روحانی تحقیق کے بعد اس کے کیس کو چیک کیا تو محسوس ہوا کہ دراصل وہ کسی سیر و تفریح کے سلسلے میں کالج کے دوستوں کے ساتھ پرانے کھنڈرات میں گیا ان پرانے کھنڈرات میں کچھ شریر جنات کا وجود تھا ان شریر جنات نے اس کی خوبصورتی کو دیکھتے ہوئے اس پر عاشقی اور دوستی کا اظہار کیا اور اسے کسی عیب میں مبتلا کر دیا تا کہ اس کی شادی نہ ہو سکے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## جوان لڑکے، لڑکیوں میں ظاہری عیوب کی اصل وجہ

اور یہ بات واضح بتاتا چلوں کہ بعض لڑکیوں اور لڑکوں کو چہرے یا جسم کے کسی ظاہری حصے پر اگر کوئی عیب شروع ہوجائے تو اس کے پیچھے اصل میں ان کا ہاتھ ہوتا ہے۔ ظاہر میں بیماری ہوتی ہے۔ اور یہ لوگ اس کی شادی نہیں ہونے دیتے یعنی اس کو کسی دوسرے کے پہلو میں دیکھتے ہوئے ان کو غصہ آجاتا ہے۔ اس لیے اگر ان کی شادی ہوبھی جائے تو مسلسل تلخیاں ان کی زندگی کا حصہ بن جاتی ہیں۔

## خوبصورت سی مخلوق میرے جسم، آنکھوں کو چومتی ہے

جب میں نے انہیں یہ تشخیص اور تحقیق بتائی تو اس جوان نے اعتراف کیا ہاں واقعی ایسا تھا۔ میں ایک ویرانے میں گیا تھا میں گانے بجانے میں بہت ماہر ہوں، میں نے وہاں ایک گلوکار کی غزل گائی تھی، گٹار میرے ساتھ تھا۔ اور اس کی دھن ایسی خوبصورت تھی نامعلوم کتنی اچھی تھی میں خود حیران ہوا۔ بس اسکے بعد میں نے محسوس کیا کہ میری آنکھیں آہستہ آہستہ کمزور ہورہی ہیں۔ اور ایک چیز جو انوکھی بتائی وہ یہ بتائی کہ خواب میں اکثر میں دیکھتا ہوں کہ کچھ خوبصورت سی مخلوق ہے جو میرے جسم اور میری آنکھوں کو چومتی ہے جتنا وہ چومتی ہے اتنی میری آنکھیں بند ہوتی جاتی ہیں جب میری آنکھیں ساری بند ہوگئیں انہوں نے چومنا بھی چھوڑ دیا۔ میں نے ان سے کہا گھبرائیں نہیں یاقھارُ ایک تسبیح ہر نماز کے بعد سارا دن کھلا ہزاروں کی تعداد میں اور اس کے نقش مسلسل نوے دن پئیں۔ انہوں نے ایسا کرنا شروع کردیا اور تقریباً چار پانچ مہینے کی محنت کے بعد وہ جوان بالکل تندرست ہوگیا آج اس کے پانچ بچے ہیں خود اس کا بیٹا جوان ہوگیا ہے اور وہ خوش وخرم ہے۔ قارئین! یہ بات بہت بڑی حقیقت ہے یاقھارُ جنات کا وظیفہ ہے اور جنات کا ورد ہے اور وہ جنات جو کسی عورت پر فریفتہ ہوجائے ان کو تو یہ وظیفہ بہت ہی زیادہ نفع دیتا ہے۔

## ہارون آباد کا زمیندار، جنات کا داماد

پچھلے دنوں میرے پاس ایک آدمی آیا جس کا تعلق پنجاب کے شہر ہارون آباد سے تھا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



وہ ایک ایسی مصیبت میں مبتلا تھا جو ظاہر بھی نہیں کر سکتا اور چھپا بھی نہیں سکتا تھا اس نے آتے ہی مجھے ایک دستی کاغذ خط کی شکل میں پکڑا دیا۔ اس میں لکھا تھا کہ: ”میرا نام فلاں ہے میں اپنے علاقے میں بڑا زمیندار ہوں بہت اچھی کپاس کی اور گندم کی کاشت ہوتی ہے۔ بیٹے ہیں' بیٹیاں ہیں گھر ہے' زمیندارا ہ ہے زندگی بہت سکھی گزر رہی ہے لیکن ایک روگ مجھے بہت کھائے جا رہا ہے جس کا میں نے کچھ لوگوں کے سامنے اظہار کیا لیکن اس کا حل نہیں ہو سکا پھر میں نے استخارے کیے مسنون دعا کسی کے کہنے پر مسلسل سارا دن پڑھنا شروع کر دی پہلے تو فوٹو کاپی کرا کر جیب میں رکھ لی پھر کچھ دنوں کے بعد وہ یاد بھی ہو گئی پھر اللہ سے کہنا شروع کر دیا یا اللہ! مجھے اس کا کوئی حل بتا...... تو خواب میں آپ کی شکل' آپ کا نام اور آپ کا مکمل پتہ بتایا گیا۔ اب میں بڑی مشکل سے آپ تک پہنچا ہوں بات دراصل یہ ہے کہ میں ابھی جوان تھا اور شادی کو تین سال ہوئے تھے میرے گھر میری بیٹی پیدا ہوئی میرے چونکہ پہلے دو بیٹے تھے بیٹی کی پیدائش پر میں بہت خوش ہوا اور میں نے بہت سی مٹھائی بانٹی۔ لوگ آ رہے تھے اور مٹھائی لے رہے تھے ایک خاتون ایک دفعہ لے گئی' دوسری دفعہ لے گئی جب تیسری دفعہ آئی تو میں نے دینے سے انکار کر دیا اس نے میرا ہاتھ تھاما کہنے لگی: میرا منہ میٹھا کر دے، تیسرا جسم میٹھا کر دوں گی۔ نامعلوم اس کے اس بول میں کیا تاثیر تھی حالانکہ وہ بالکل بوڑھی اور بہت بدشکل خاتون تھی میں نے اسے ڈھیر ساری مٹھائی دے دی۔“

## مالدار جنّنی کی زمیندار سے زبردستی شادی

ہارون آباد کا زمین دار آگے لکھتا ہے:

”رات کو سویا تو میں نے دیکھا کہ کچھ لوگ آئے انہوں نے مجھے اٹھایا اور کہنے لگے تیری شادی ہم ایک جن عورت سے کرنے لگے ہیں میں نے کہا میں تو پہلے سے شادی شدہ ہوں' کہا نہیں وہ عورت جو آج تیرے پاس مٹھائی لینے آئی تھی اس کا اصرار ہے کہ میری اس سے شادی کرواور ہمیں حکم ملا ہے۔ کیونکہ وہ عورت مالدار ہے اور ہم اس

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کے غلام ہیں اور اسے لے آؤ۔ مجھے اٹھا کر لے گئے' میں احتجاج کرتا رہا۔ لیکن میرے منہ سے آواز نہیں نکل رہی تھی ایسے محسوس ہورہا تھا کہ زبان تو ہل رہی ہے' لفظ نہیں نکل رہی وہ زندگی کا پہلا موقع تھا جب میں نے اپنے آپ کو بہت بے بس محسوس کیا۔ بہت دور لے جانے کے بعد سرسبز پہاڑیاں تھیں ایسے محسوس ہوتا تھا جیسے کشمیر کی پہاڑیاں ہیں' وہاں ہر طرف کھانے پک رہے تھے گہما گہمی تھی کچھ موسیقی اور شادیانے بھی بج رہے تھے ہر طرف خوشی کی آوازیں تھیں مجھے ایک بہت خوبصورت لباس پہنایا گیا اور میں اس خوبصورت لباس میں دولہے کی شکل بن گیا۔''

## کوہ قاف کی پری سے نئی شادی کی امنگ

''میں پچھلے سارے غم بھول گیا میرے اندر بھی نئی شادی کی امنگ پیدا ہوئی پھر باقاعدہ شرعی طور پر میرا نکاح ہوا، ایجاب وقبول ہوا اور پھر مجھے اٹھا کر دلہن کے کمرے میں پہنچایا گیا۔ میری بیوی واقعی جیسا میں نے کوہ قاف کی پری کا حسن وجمال سنا تھا اتنی ہی خوبصورت اس کا سراپا اس کا جسم' اس کی خوبصورت آنکھیں خوبصورت گردن' گلابی ہونٹ' مہکتے رخسار' نشیلی پلکیں' دلربا آواز' خوبصورت ہاتھ اور کلائیاں جسم سارا سونے اور ہیرے جواہرات سے لدا ہوا تھا میں نے رات اس کے ساتھ شب بسری کی۔ صبح خود ہی کہنے لگی اب میرے غلام آپ کو چھوڑ آئیں گے اپنی انسانی بیوی سے اس کا اظہار مت کرنا ورنہ وہ ناراض ہوگی۔''

## دولت، مال' چیزیں اور انعامات بارش کی طرح برسے

خط میں اس نے مزید لکھا کہ:

''علامہ صاحب اس کہانی کو سالہا سال ہو گئے میری جننی بیوی جس کا نام عنایتاں اور میں اسے دلربا کہتا ہوں بس میری دلربا کے ساتھ ایسی محبت بڑھی کہ اس میں سے میرے سات بچے ہیں جو کہ جن ہیں۔ ہماری کبھی لڑائی نہیں ہوئی' میں جب بہت غریب تھا جس وقت سے میری دلربا سے شادی ہوئی' دولت، مال' چیزیں اور انعامات خداوندی مجھ پر

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بارش کی طرح برسی۔ ہمارے دن رات سالہا سال سے گزر رہے تھے۔"

## اب جناتی اولاد کی فکر ہو رہی ہے۔۔۔۔۔۔!!!

ہارون آباد کا زمین دار آگے لکھتا ہے:

"اب مجھے جناتی اولاد کی شادیوں کی فکر ہے میں پریشان اس وجہ سے ہوں کہ جناتی اولاد کی شادیوں کا کیا کروں؟ کیسے کروں؟ جنات میرا رشتہ لینے کو تیار نہیں وہ کہتے ہیں کہ ان کا باپ انسان ہے۔ یہ جن تو ہیں لیکن خالص جن نہیں میں بہت پریشان ہوں' براہ کرم میری پریشانی کا ازالہ کریں مسلسل استخارے کے بعد آپ کا پتہ' آپ کا نام اور سو فیصد آپ کا حلیہ بتایا گیا۔" (خط ختم)

میں نے اس کی بات سنی تو مسکرا دیا میں نے کہا یہ کوئی مسئلہ نہیں۔ میں جنات سے عرض کروں گا وہ رشتوں کے معاملے میں آپ کا ساتھ دیں گے اور پھر کچھ عرصے کے بعد اللہ کے فضل سے اس کی اولاد کی شادیاں ہو گئیں ہاں میں نے اسے ایک چیز ضرور بتائی چونکہ جن جنات نے آپ کے رشتے ٹھکرائے تھے وہ کہیں آپ کی اولاد پر جادو نہ کر دیں تو یَاقَہَّارُ کا وظیفہ خود بھی انسانی بیوی بھی' جن بیوی اور اس کے بچے سب پڑھتے بھی رہیں اور پیتے بھی رہیں۔ آج وہ اتنا خوش ہے اس کی بیوی مجھ سے ملنے آئی یعنی جن بیوی...... اس نے شکریہ ادا کیا ڈھیروں ہدیے لائے' گفٹ لائے جو میں نے غریبوں میں تقسیم کر دیئے اور ضرورت مندوں کو دے دیئے۔

## جنات سے شادیوں کے کیس

شادیوں کے کیس تو ویسے بہت آتے ہیں میری ابتدائی زندگی میں جب میرا جنات سے تعارف ابھی ابتدائی تھا میں ان چیزوں کو حقیقت سے بہت دور سمجھتا تھا اور حیرت بھی ہوتی تھی بلکہ بعض اوقات تو میں خود کو جھٹلا دیتا تھا کہ یہ حقیقت نہیں ہے جنات سے شادی کیسے ہو سکتی ہے؟ لیکن پھر مسلسل جنات سے دوستی کے بعد میرے ساتھ یہ حقیقت کھلنا شروع ہوئی کہ جنات سے شادیاں ہو سکتی ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## مسلمان، جن بیوہ جننی کا خواہش نکاح

ابھی کچھ ہی عرصہ پہلے کی بات ہے کہ میرے پاس ایک صاحب آئے اور کہنے لگے کہ ہمیں تو ایک مسئلہ درپیش ہے میں نے پوچھا کیا تو کہنے لگے کہ:

''مسئلہ یہ ہے کہ میرے بیٹے پر پہلے ابتدائی طور پر دورے پڑنا شروع ہوئے اور دورے بڑھتے گئے بڑھتے گئے۔ اس کا مستقل علاج کرایا' ڈاکٹروں اور نفسیاتی ڈاکٹروں کو دکھایا پھر کچھ عاملوں کو دکھایا۔ کسی کی سمجھ میں کوئی کیس بالکل نہ آیا۔ آخر کار ایک بزرگ کے پاس لے گئے تو انہوں نے اس جن کی حاضری کرائی تو وہ جن نہیں تھا جننی تھی۔ کہنے لگی: میں مسلمان جننی ہوں' بیوہ ہوں' مجھے کسی ساتھی اور شوہر کی تلاش تھی آپ کا بیٹا نمازی ہے' ذاکر روزے دار ہے' مجھے یہ پسند آیا تو میں اس سے شادی کرنا چاہتی ہوں اور اس سے اپنے ازدواجی تعلقات قائم کرنا چاہتی ہوں لیکن چونکہ میں نے پانچ حج کیے اور مجھے پتہ ہے کہ ازدواجی زندگی کیلئے نکاح ضروری ہے اور اس لیے مجھے اجازت دیں میں آپ کے بیٹے سے نکاح کرنا چاہتی ہوں اس کے والدین کہنے لگے کہ ہم تو اجازت نہیں دیں گے اور نہ ہی ہماری برادری میں یہ نسلوں میں زندگی میں ایسی کوئی کہانی ہم نے سنی ہے۔''

## مسلمان، جن بیوہ جننی کا منتیں کرنا۔۔۔!

کہنی لگی کہ:

''میں آپ کی منت کرتی ہوں کہ آپ اجازت دیں۔ آپ کہیں تو میں آپ کی برادری کے بڑوں کے پاس جاؤں گی اور انہیں مناؤں اور ان کی منت کروں گی' میں جنات کی مخلوقات میں سے ہوں میرے پاس طاقت بھی ہے اور زور بھی ہے لیکن میں یہ طاقت اور زور استعمال نہیں کرنا چاہتی۔ آپ مہربانی کریں میرا ساتھ دیں۔ اور میں ہر حال میں اس نوجوان کو اپنا شوہر بنانا چاہتی ہوں ہم نے انکار کردیا وہ چلی گئی۔''

وہ صاحب کہتے ہیں: ''اب ہمارے بیٹے کے بقول کہ وہ کبھی کبھی آتی تھی پھر اس

www.iqbalkalmati.blogspot.com



نے ہماری برادری کے بڑوں کے خواب میں آنا شروع کیا پہلے تو خواب سمجھتے رہے پھر ان بڑوں نے ہم سے رجوع کیا کہ اصل بات کیا ہے؟ تو ہم نے ان سے کہا کہ اصل تو حقیقت یہی ہے کہ وہ عورت جننی شادی کرنا چاہتی ہے۔ اب ہم اس کی شادی کی اجازت کیسے دیں کہ ہم نے بیٹے کو اس کی پھوپھی کے گھر اس کی لڑکی کے ساتھ بات طے کر دی تھی برادری والے بھی حیران کہ یہ سلسلہ کیسے شروع ہوا' جادو کا زور کیا گیا لیکن وہ جن لڑکی کسی طرح بھی جانے کو تیار نہیں تھی۔"

## نہایت حسین وجمیل فقیرنی

لڑکے کی ماں کہنے لگی کہ:

ایک دن ہمارے گھر میں ایک فقیر عورت نے سوال کیا۔ وہ نقاب اور برقعے میں تھی اور گھر کے اندر آ گئی۔ ہم نے اس کا سوال پورا کیا۔ کہنے لگی: مجھے پانی پلائیں۔ جب ہم نے اسے پانی پلانے کیلئے گلاس میں پانی دیا اور اس نے جب اپنا نقاب ہٹایا تو وہ جوان اور نہایت خوبصورت ایک لڑکی تھی۔ جس کے روپ نکھار اور حسن و جمال کو دیکھ کر ہم خود حیران رہ گئے۔ اس نے پانی پیا پانی پینے کی دعا پڑھی اور ہمیں دعائیں دینے لگی اور ٹھنڈا سانس بھر کر کہنے لگی کہ: آپ مجھے اس گھر کی خدمت دیں گے؟ ہم کہنے لگے کہ نہیں ہمارے پاس پہلے کام کرنے والی ہے۔ وہ خوبرو لڑکی کہنے لگی: میں آپ کے گھر کی بہو بننا چاہتی ہوں۔ ہم حیران ہو گئے۔ ہم نے کہا: نہیں ہمارے لڑکے کی پہلے سے بات طے ہے۔"

## وہ فقیرنی نہیں، جننی تھی

"وہ فقیرنی کہنے لگی:

نہیں۔۔۔! اگر آپ مجھے اپنے گھر کی بہو بنالیں، تو میں آپ کی بہت خدمت کروں گی۔ آپ کیلئے سارے کام کروں گی۔ حتیٰ کہ آپ کی بخشش کیلئے اعمال کروں گی' کروڑوں کی تعداد میں کلمہ' قرآن پڑھوں گی' میں قرآن کی حافظہ اور قاریہ ہوں'

www.iqbalkalmati.blogspot.com



میں اکوڑہ خٹک کے مدرسے میں بہت عرصہ پڑھتی رہی ہوں۔ اور پھر کراچی کے ایک بڑے مدرسے میں پڑھتی رہی ہوں۔ پھر ایک معلمہ سے میں نے قرأت اور تجوید سیکھی ہے پھر ایک اور بڑا مدرسہ (جس کا میں نام نہیں لینا چاہتا) سے میں نے عالمہ کا کورس کیا ہے، آپ مجھے اپنی بہو بنالیں۔''

لڑکے کی ماں کہنے لگی کہ:

''ہم حیران ہوئے کہ تو کہاں کی رہنے والی ہے۔۔۔؟ کون ہے۔۔۔؟ تو فوراً کہنے لگی: میں وہی ہوں، جو آپ کی کئی عرصے سے منت کررہی تھی' ہم ایک دم ڈر گئے کہنی لگی آپ ڈریں نہیں۔۔۔! آپ ڈریں گے تو میں یہاں سے چلی جاؤں گی۔۔۔! ہم نے کہا: چلی جا' وہ رونے لگی۔۔۔! فریاد کرنے لگی کہ مجھے قبول کرلیں۔ آپ چاہے اپنے بیٹے کی شادی کہیں اور کرلیں، میں زبردستی بھی اس سے شادی کرسکتی ہوں' اس سے اپنے ازدواجی تعلقات قائم کرسکتی ہوں۔۔۔! لیکن میرا دین میری شریعت مجھے اس کی اجازت نہیں دیتا۔ آپ مجھے قبول کرلیں۔

لڑکی کی ماں کہنے لگی کہ:

''وہ اتنا روئی......!! اتنا روئی......!! کہ ہمارا دل بھر آیا......!!''

جننی کہنی لگی:

''میں لاوارث ہوں' میری ماں فوت ہوگئی۔ باپ نے آوارگی اختیار کی۔ میرے چار بھائی ہیں جو خود آزاد پرست زندگی گزار رہے ہیں۔ میری ماں کی خواہش تھی کہ میری بیٹی اور بیٹے نیکی کی طرف آئیں۔ گھر میں سے کوئی بھی نہ آسکا۔ بس میں آگئی۔ میں اب نیکی ہی میں آنا چاہتی ہوں، تاکہ میری ماں کی قبر ٹھنڈی رہے اور اس کو سکون ملتا رہے۔۔۔!!''

لڑکے کی ماں کہنے لگی کہ:

''وہ یہ کہہ کر چلی گئی کہ میں آئندہ بھی آپ کی منت کرتی رہوں گی۔''

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## اُس کی شادی ہوگئی

لڑکے کی ماں کہنے لگی کہ:

"آخر ہم سب گھر والے سر جوڑ کر بیٹھے اور فیصلہ یہ ہوا کہ اس کو اجازت دے دی جائے اور اب ہم نے اس کو اجازت دیدی ہے۔ گزشتہ ساڑھے چھ ماہ سے اس کی شادی ہوگئی ہے۔ شادی کی ترتیب کچھ یوں بنی کہ قوم جنات ہمارے بیٹے کو اٹھا کر لے گئے۔ تین دن وہ وہاں رہا لیکن تین دن مسلسل ہمارا اس سے رابطہ رہا۔ کسی نامعلوم کال سے جس میں موبائل میں نمبر نہیں آتا تھا فون کرتا کہ میں خیریت سے ہوں۔"

## شادی کی داستان، آپ بھی پڑھیں

بیٹے نے اپنی شادی کی جو داستان سنائی۔ تو کہنے لگا کہ:

"میں جب وہاں پہنچا۔ تو مجھے خوبصورت لباس پہنایا گیا۔ جو کسی دور میں ہم مغل بادشاہوں کا لباس سنتے تھے۔ جس میں خوبصورت تاج' شیروانی' شاہی جوتا' اور ہاتھوں میں ہیرے جواہرات اور سونے کے کنگن' گلے میں سونے کے ہار۔ وہ لڑکی بہت مالدار ماں باپ کی بیٹی تھی۔ باپ نے تو اپنا مال ضائع کیا لیکن ماں نے اس کا مال اپنا سارا ورثہ اسی کو دیا اور اس نے سنبھال کر رکھا ہوا تھا۔ اور کہا کہ بہت بڑے عالم جنات اس میں موجود تھے' بڑے بڑے ولی تھے۔ انہوں نے ہمارا نکاح پڑھایا۔ نکاح کے بعد ہم ایک بہت بڑے محل میں داخل ہوئے۔ جو میری عقل اور شناسائی سے بہت دور تھا۔ اس محل میں ہم جب پہنچے۔ تو وہاں جگہ جگہ کمرے تھے' تخت تھے' جنات عورتیں خادمائیں تھیں۔ تین دن میں وہاں رہا۔ تیسرے دن ہمارا ولیمہ ہوا اور ولیمے میں بہت بڑی تعداد سے دور دراز کے جنات موجود تھے۔ میں آخر وہ مجھے میرے گھر چھوڑ گئے۔ اب میری بیوی میرے پاس شب بسری کیلئے آتی ہے۔"

لڑکے کی ماں کہنی لگی کہ:

"میرے بیٹے کے بقول اس کی بیوی امید سے ہے۔ دعا کریں اللہ پاک بیٹا عطا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



فرمائیے۔''

اب یہ واقعات سن سن کر میرے لیے یہ داستانیں بہت پرانی ہوگئی ہیں۔ نئی نہیں ہیں۔

## بیس بائیس سال عمر والی عورتوں کا اغوا

لیکن ایک چیز جو سب سے بڑی اور سب سے زیادہ مجھے اکثر مشاہدے میں آتی ہے وہ یہ ہے کہ جنات کا عورتوں کو اٹھا کر لے جانے کے کیس بہت زیادہ ہیں اور اس میں ایسی عورتیں جو بیس بائیس سال کی عمر کے قریب ہوتی ہیں۔ بعض اوقات پچیس تیس سال کی عمر اور بعض اوقات اس سے زیادہ بھی لیکن اکثر بیس بائیس سال کی عمر کی خواتین کو جنات بہت زیادہ اٹھا کر لے جاتے ہیں۔

## افریقہ کے گھنے جنگلات کا لاہوتی سفر

میں ایک سفر میں تھا جنات کی گدھ نما سواری پر بیٹھا ہوا تھا تاریک آسمانوں کے سفر میں اور ایک فضائے بسیط تھی ہر طرف خاموشی تھی' سناٹا تھا اور سواری مسلسل اڑ رہی تھی یہ سفر کچھ لمبا ہو گیا میں سمجھ گیا کہ آج منزل کچھ زیادہ ہی دور ہے......!

اڑتے اڑتے ہم آخر کار افریقہ کے ایک ایسے جنگل میں پہنچے جہاں' مرد اور عورتیں برہنہ رہتے ہیں' وہاں بہت بڑے بڑے درخت اتنے بڑے درخت کہ ایک اگر پچاس انسان بھی درخت کو اپنے ہاتھ پکڑ کر گھیریں تو اس درخت کا تنا نہیں پکڑا جا سکتا۔ اتنے بڑے درختوں پر جنات کا بسیرا ہے۔ ان جنگلات میں جنات کا قیام ہے۔

## افریقہ کے ایک نہایت عبادت گزار جن سردار کی تعزیت

میرا جانا دراصل وہاں کچھ یوں ہوا کہ وہاں ایک فوتگی ہوگئی تھی۔ میرے کچھ دوست جنات تھے جن کے رشتے دار وہاں رہتے تھے اور وہ مسلمان جنات تھے۔ ان کا بہت عرصے سے اصرار تھا کہ ہمیں علامہ صاحب سے ملاقات ضرور کرائیں کئی بار مجھ سے وہاں سے ملنے بھی آئے لیکن سفر کی زیادتی کی وجہ سے میں نہ جا سکا۔ اب ان کے سردار

www.iqbalkalmati.blogspot.com



فوت ہوگئے اب ان دوستوں کا اصرار تھا جو یہاں کے دوست جنات تھے کہنے لگے آپ ضرور چلیں وہاں ان کی تعزیت بھی کریں اور دعا بھی کریں۔ یہ سفر کچھ ایسا تھا کہ جمعرات کی رات کا یہ سفر تھا کچھ یوں ہی تھا کہ میں ساری رات سفر میں ہی رہا۔

بہت دیر کے سفر کے بعد وہاں پہنچے بہت بڑے بڑے جنات انتظار میں تھے تکیے لگے ہوئے تھے قالین بچھے ہوئے تھے ہر طرف چہل پہل تھی لیکن افسردگی تھی وہ سردار جو فوت ہوئے تھے ان کے بقول ڈیڑھ سو سال تک دن میں روزہ رکھا اور کبھی بھی ان کا ایک روزہ نہیں چوکا۔ عمر تو ان کی بہت لمبی تھی لیکن ڈیڑھ سو سال صرف روزہ رکھا اور دن اور رات میں ایک قرآن پڑھ لیتے تھے اور لاکھوں قرآن انہوں نے اب تک پڑھے۔

## عبادت گزار جن سردار کی اپنے بیٹے کو نصیحت و وصیت

اور جب ان کی زندگی کا آخری وقت آیا تو ان کے بیٹے نے مجھے بتایا کہنے لگے کہ میرے والد نے مجھے قریب بلایا کہنے لگے بیٹا میں نے ساری زندگی بڑے بڑے علماء' محدثین کی خدمت کی ہے ان کی خدمت سے میں نے ایک راز اور موتی پایا اس راز کو سدا سنبھال کر رکھنا اور کبھی بھی اس راز کو ضائع نہ کرنا اور تجھے جب بھی کوئی مشکل اور پریشانی آئے اور جب کوئی حاجت ہو اس کا تعلق زمین والوں سے ہو یا آسمان والوں سے اس راز کو پڑھنا تجھے سو فیصد مطلوب ملے گا۔

بیٹا کہنے لگا میرے آنسو ٹپک رہے تھے اور میں والد کی کمزور آواز میں وہ راز اور نصیحت سن رہا تھا پھر میرے والد نے میرا ہاتھ پکڑا اور چوما اور کہنے لگے دیکھ بیٹا اگر تو ہر وقت باوضو رہے گا تجھے کبھی بھی مقدر کے دھکے نہیں لگیں گے رزق میں برکت' صحت میں برکت' عزت وجاہت شان وشوکت تجھے ڈھونڈے گی تو اس کو نہیں ڈھونڈھے گا تیری زندگی راحت و برکت کا ذریعہ رہے گی۔ ہمیشہ زندگی میں سلام کرتے رہنا' سلامتی تیرے چاروں طرف رہے گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## یاقہار کے وظیفے کا اذن عام

قارئین! آپ جانتے ہیں کہ جو کچھ میرا ہے وہ میں عبقری کے قارئین کو دے ہی دیا کرتا ہوں اور بہت قیمتی جواہرات لٹارہا ہوں اوراس کی مستقل اجازت عام ہے یہ عمل بھی اوراس سے پہلے جتنے بھی عمل آپ کو عبقری میں دیئے ان کی مستقل اجازت ہے آپ میں سے ہر شخص کر سکتا ہے حتیٰ کہ یَاقَہَّارُ کا عمل اوراس کا نقش اوراس کا وظیفہ آپ لکھ بھی سکتے ہیں' کسی سے لکھوا بھی سکتے ہیں اسے اپنے گلے میں لٹکا بھی سکتے ہیں' اسے دھو کر پی بھی سکتے ہیں۔ اسے گھر میں لگا بھی سکتے ہیں۔ میں نے اس جوان کا شکریہ ادا کیا کہ اس نے اپنے والد مرحوم کا یہ تحفہ دیا۔

## جنات کے سردار کی آمد

اس وقت قوم جنات میں سے کچھ بڑے میرے پاس آئے اور باادب کہنے لگے کہ یہاں بہت زیادہ جنات اکٹھے ہیں اور انکی چاہت اور خواہش ہے کہ آپ کچھ چیزیں ان کے سامنے بیان کر دیں...... آپ انہیں کچھ بتائیں' انہیں سمجھائیں...... ان کی خواہش کے پیش نظر میں نے ان کے سامنے کچھ چیزیں بیان کیں بہت لمبی دعا ہوئی۔ ہر طرف آہ و زاری اور استغفار و آمین کی آوازیں تھیں' شور تھا کئی لوگوں نے اپنی سابقہ زندگی سے توبہ کی۔

## کبوتر کے ذریعے جادو

چلتے ہوئے میں اپنی پچھلی گفتگو میں یَاقَہَّارُ کے کمالات عرض کر چکا ہوں وہیں بیٹھے ایک جن نے جو کہ میرے مکلی اور ٹھٹھہ کے قبرستان میں ختم القرآن کے موقع پر موجود تھا مجھ سے کہنے لگے ابھی تھوڑے عرصے پہلے کی بات ہے کہ میرے اوپر ایک طاقتور جن نے ایک جادو کر دیا اور جادو کیا تھا کہ ایک کبوتر بہت عرصہ اپنے پاس رکھا اس کے اوپر کچھ کالا منتر پڑھتا رہا' پڑھتا رہا اور کالے منتر اور گندے خون میں کچھ دانے بھگو کر وہ اس کو کھلاتا رہا اور باقاعدہ اس نے مجھے وہ منتر بتایا اور کہنے لگا کہ میں نے کسی اور عامل جن کے ذریعے اس منتر کا پتہ کرایا وہ دونوں ایک ہی استاد کے شاگرد ہیں جس نے مجھے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یہ منتر بتایا وہ اب توبہ کر چکا ہے اور اس نے مجھے بتایا کہ وہ کیوں منتر پڑھتا ہے...... بہت عرصہ منتر پڑھنے کے بعد اس کو کالی چیزیں اور کالا دانا کھلانے کے بعد اس نے کبوتر پر بہت طاقتور جادو کیا اور جادو کرنے کے بعد اس کبوتر کو میری طرف چھوڑ دیا...... میں نے دیکھا کہ ایک کبوتر ہے جس کے اوپر بہت طاقتور قسم کی عقاب نما چیزیں اڑ رہی ہیں لیکن وہ ان سے ڈر نہیں رہا لیکن وہ عقاب اور شاہین نما چیزیں اس کے تابع معلوم ہوتی ہیں جس طرف وہ جاتا ہے اس طرف جاتی ہیں اور ان عقاب نما چیزوں سے بجلیاں اور شرارے نکل رہے ہیں اور وہ ہمارے گھر کے اوپر منڈلا رہا ہے۔

وہ جن کہنے لگا (جو مجھے یہ واقعہ بیان کر رہا تھا) کہ میں نے اپنے بڑوں سے سنا ہے کہ جو جادو زدہ کبوتر اڑ رہا ہو اس کے ساتھ یہ نشانی ضرور ہوگی ورنہ ہر کبوتر جادو زدہ نہیں ہوتا۔ لہٰذا مجھے جب نظر آیا تو میں نے فوراً یاقہارُ پڑھنا شروع کر دیا اور میرے گھر والوں نے بھی پڑھ پڑھ کر اس کی طرف پھونکنا شروع کر دیا اور میں دیکھ رہا تھا کہ اس کو کوئی اثر نہیں ہو رہا میں حیران ہوا کہ یاقہارُ کے اندر تو بہت طاقت ہے۔ ایک دم میرے اندر آواز آئی کہ تیرے پڑھنے کی طاقت میں کمی ہے ورنہ یاقہارُ کا قہر جب جادوگر پر برسے گا تو اس کو برباد کر دے گا میں نے اس کو زیادہ پڑھنا شروع کیا' اور سانس روک روک کر پڑھنا شروع کیا۔

جب میں نے اس کو سانس روک روک کر پڑھنا شروع کیا تو اس کی تاثیر واضح سامنے آئی اور وہ عقاب آہستہ آہستہ ہٹنا شروع ہو گیا اور کبوتر غوطے لگانا شروع ہوا مجھے یقین ہو گیا کہ یاقہارُ کے اندر بہت طاقت ہے میں یاقہارُ کو سانس روک کر پڑھتا اور اس پر پھونک دیتا پھر سانس روک لیتا اور سانس روک کر لاتعداد مرتبہ اس کو پڑھتا پڑھتا پڑھتا اور جب سانس ٹوٹتا تو میں اس پر پھونک دیتا آہستہ آہستہ وہ بلائیں ہٹنا شروع ہوئیں جن کے اوپر آگ برس رہی تھی حتیٰ کہ اکیلا کبوتر رہ گیا اور کبوتر کی پریشانی شروع ہوئی محسوس ہوتا تھا کہ وہ بھاگنا چاہتا ہے لیکن کوئی طاقت ہے جس نے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس کو اپنے نرغے میں لے رکھا ہے اور بھاگنے نہیں دے رہی۔ کہنے لگے اب میری ہمت اور بڑھ گئی سارے گھر والے اپنا آپ بھول گئے اور اسی کو پڑھنا شروع کر دیا حتیٰ کہ وہ کبوتر ہمارے درمیان آ کر بیٹھ گیا اور اس کبوتر کے پروں سے خون نکل رہا تھا میرے بیٹے نے بڑھ کر اس کو پکڑنا چاہا تو میں نے چیخ کر کہا اس کو ہاتھ مت لگانا' جادو زدہ کبوتر ہے ہم پڑھتے رہے......! پڑھتے رہے......! پڑھتے رہے......! حتیٰ کہ وہ کبوتر مر گیا اور حیرت انگیز طور پر کبوتر کے مرتے ہی اس کو آگ لگی اور آگ اتنی تیز تھی کہ پل بھر کے اندر اس کبوتر کو اس نے راکھ بنایا اور راکھ ایک ہی پل کے اندر زمین کے اندر جذب ہو گئی اور اس کا نشان تک ختم ہو گیا۔

## یاقہارُ اور جادوگر جن کی چیخیں

لیکن انوکھی بات یہ ہے کہ اس کی راکھ سے آگ کا ایک شعلہ اٹھا اور وہ آسمان کی طرف گیا اور اسی طرف گیا جس طرف سے کبوتر آیا تھا کہنے لگے کہ ہم بھی اسی طرف اس کے پیچھے بھاگے بہت دور جا کے جس شخص نے اس کو بھیجا تھا وہ اسی پر برسا اور اسی کے جسم کو جلا دیا اور اس کی چیخیں ہم سنتے واپس آئے۔ وہ جن بتانے لگے کہ مجھے یقین ہو گیا کہ یاقہارُ کے اندر یہ طاقت ہے جہاں وہ جادو کو کاٹتا ہے وہاں جادو کرنے والے کو ختم بھی کرتا ہے حتیٰ کہ جادو کرنے والے کو یہ نصیحت ملتی ہے کہ کسی کو بے وجہ تنگ نہیں کرنا چاہیے مسلمان کو تکلیف دینا اللہ نے حرام قرار دیا ہے اور کسی مسلمان کو تکلیف نہیں دینی چاہیے اور مجھے یقین ہو گیا۔ میں اس کا واقعہ سن کر حیران ہوا میں نے کہا جتنے بھی جنات بیٹھے ہیں ان سب کو سناؤ۔ اس نے کھڑے ہو کر ان لاکھوں کروڑوں جنات کو جو افریقہ کے تاریخی جنگل میں بیٹھے ہوئے تھے ان کیلئے یاقہارُ کی طاقت اور تاثیر انوکھی چیز تھی۔ کچھ واقعات یاقہارُ کے میں نے بھی سنائے۔ وہ سارے خاموشی سے سنتے رہے اور سب نے پوچھا کیا ہمیں اس کی اجازت ہے۔ میں نے ان سب کو اجازت دی لیکن اس کو ناجائز استعمال کرنے والے کا چونکہ نقصان

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہوتا ہے۔ اس لیے میں نے ان کو بھی تاکید کی کہ اس کو ناجائز ہرگز استعمال نہ کرنا اور کسی پر ناجائز بالکل نہ پڑھنا۔ انہوں نے ہم سے وعدہ کیا کہ ہم بالکل اس کو ناجائز نہیں پڑھیں گے اسی دوران ایک اور مشاہدہ یاقہّارُ کے سلسلے میں مجھے ملا اور وہ بھی اچانک ملا۔ ایک صاحب مجھ سے کہنے لگے یعنی جن...... ہمارے ہاں ایک باباجی ہیں جو بہت بوڑھے ہوگئے ہیں آنکھوں سے معذور ہوگئے ہیں۔ وہ افریقہ کے بہت بڑے عامل اور جادوگر مانے جاتے ہیں جنات میں۔ میں ان کو بتاؤں گا، یقیناً ان کے تجربے میں یاقہّارُ کا کوئی عمل ضرور آیا ہوگا کیا اجازت ہے۔ میں نے کہا ٹھیک ہے ان کو بتادیں۔ ہماری روانگی ہوئی، حسب معمول ہم اسی گدھ نما سواری پر بیٹھے اور ہماری واپسی ہوئی۔ میں گھر واپس آ گیا۔

## افریقی ہیبت ناک جن کی آمد

چند دنوں کے بعد وہ افریقی جن اس بوڑھے بابے کو لیے ہوئے میرے پاس آ گیا۔ بابا کیا تھا کوئی ہیبت ناک پہاڑ تھا اور پراسرار قوتوں کا عظیم مالک اور انسان تھا۔ انسان سے مراد انسان نہیں...... وہ جن تھا جیسے محاورتاً کہتے ہیں۔ وہ واقعی پراسرار قوتوں کا مالک جن تھا۔ میں نے ان کی تواضع کی ان کی مخصوص خوراک دی۔ بابا بہت خوش ہوا کیونکہ میں نے بابے کو اس کی مخصوص خوراک گائے کا گوشت دیا۔ ساڑھے تین من گائے کا گوشت دیا۔ میرے دوست جنات اس خدمت پر معمور ہیں...... میں انہیں پیسے دیتا ہوں وہ قیمتاً گوشت لاکر دیتے ہیں یا وہ اپنی گائے خرید کر ذبح کرتے ہیں۔ بابے نے بڑی رغبت سے گوشت کھایا کہنے لگا اتنا اچھا گوشت افریقہ کی گائے کا نہیں ہوتا جو آپ کی گائے کا ہے اور بہت ہی زیادہ مسرور ہوا۔ اب ہم اپنے موضوع پر آئے اور وہ جن جو انہیں ساتھ لائے تھے وہ کہنے لگے جب آپ افریقہ آئے تھے اور آپ کے جانے کے بعد میں اس بابے کے پاس گیا اور آپ کا تذکرہ کیا کہ ایسے ایسے ایک درویش علامہ صاحب ہمارے پاس تشریف لائے تھے جن کے پاس بے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



شمار جنات یہاں سے بھی آتے جاتے ہیں انہوں نے یَاقَهَّارُ کے کچھ کمالات بتائے تھے تو ایک دم بابا چونک پڑا کہنے لگا اس بندے سے مجھے ملاؤ میرے پاس ایک عمل ہے جو راز کی شکل میں ہے میں اس بندے کو دینا چاہتا ہوں جس بندے نے سارے لاکھوں کروڑوں جنات کے مجمع کو یہ عمل بتایا ہے اور سب کا بھلا کیا ہے جو بھلا کرنا جانتا ہے اس کا بھلا میں کروں گا اور میں اسے خود بتاؤں گا، تمہیں نہیں بتاؤں گا۔ لہٰذا یہ جادوگر جن بابا آپ کی خدمت میں حاضر ہے آپ خود ان سے بات کرلیں۔ میں نے باباجی کا شکریہ ادا کیا اور ان سے عرض کیا وہ راز آپ مجھے ضرور بتائیں۔ جو یَاقَهَّارُ کے سلسلے میں آپ کی زندگی میں آیا ہے۔

## ہیبت ناک جن کے انسانی عورتوں سے عشق و معاشقے

باباجی کہنے لگے بات کچھ اس طرح کہ میں ایک انسان عورت پر عاشق تھا میں نے زندگی میں بہت گناہ کیے ہیں۔ میں ہر خوبصورت عورت کو دیکھ کر اس پر دیوانہ اور عاشق ہوجاتا تھا اور ہر وہ عورت جس کے بال اور جسم کھلا ہوتا تھا' جوان ہوتی تھی۔ اور پھر بابے نے جو باتوں باتوں میں بات کہی جو میرے دل کو لگی کہ ہر وہ عورت جو کھلا جسم' کھلے بال برہنہ بدن' برہنہ لباس' نماز تسبیح کی جس کو توفیق نہیں۔ میں اس پر ضرور عاشق ہوتا تھا اور ہم سب جن اس پر عاشق ہوتے ہیں پھر ہم اس سے اپنے ازدواجی تعلقات زبردستی قائم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ پھر اس کے گھر میں ہم جھگڑے کرواتے ہیں' میاں بیوی میں ناچاقیاں کرواتے ہیں' اولاد کی نافرمانیاں پیدا کرتے ہیں' بیماریاں پیدا کرتے ہیں' نقصان کرواتے ہیں' ہر چیز خراب کرتے ہیں۔ ان کو الجھاتے ہیں تاکہ ان کو سکون نہ ملے اگر سکون ملے گا تو ہمارے کام کے قابل نہیں رہے گی اور ایسی لڑکیاں اور عورتیں وہ ہمارا تر نوالہ ہوتی ہیں...... تو وہ جادوگر بابا کہنے لگا میں نے زندگی میں بہت گناہ کیے اور میرے پاس قرآن پاک کی ایک ایسی آیت ہے جس کو میں پڑھ کے جس پر پھونک مارتا تھا وہ عورت میری دیوانی ہوجاتی تھی اور اس نے وہ آیت قرآن پاک کی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



مجھے بتائی جو میں عام طور پر نہیں بتانا چاہتا کہ لوگ اس کو غلط استعمال کریں گے۔

## بزرگ کی نظر سے دنیا بدل گئی

ایک دن بزرگ عصر کی نماز کے بعد غار سے باہر نکلے اور مجھ پر نظر پڑی میں نے ان کی قدم بوسی کی۔ ہاتھ چومے پاؤں چومے۔ مجھ سے پوچھنے لگے کیسے آئے میں نے رو رو کر اپنی بات بیان کی۔ فرمانے لگے نماز کے بعد بات کریں گے۔ میں ایک طرف بیٹھ گیا میں نے نماز نہ پڑھی' حالانکہ میں آباؤ اجداد سے مسلمان ہوں لیکن غلط راہوں پر بہک گیا تھا۔ انہوں نے مجھے نماز کا بھی نہ کہا' نماز کے بعد وہ مجھے غار کے اندر لے گئے۔ ایک ٹوٹی چٹائی بچھی ہوئی تھی' ساتھ ایک پانی کا گھڑا پڑا ہوا تھا۔ اس پر مٹی کا پیالہ تھا اور ایک بہت بوسیدہ قرآن پاک ساتھ پڑا ہوا تھا اور دو کھانا کھانے کے لکڑی والے برتن تھے اور ایک سیاہ رنگ کی چادر تھی' بس اس کے علاوہ کچھ بھی نہیں تھا' اس غار میں اور میں نے دیکھا کہ غار میں ساتھ سانپ آرہے تھے اور جارہے تھے اور ان بزرگ سے ان کو کچھ خوف نہیں تھا' میں دیکھ رہا تھا کہ ان موٹے زہریلے سانپوں کا وہاں آنا جانا لگا ہوا تھا اور کچھ اور زہریلی چیزیں بھی تھیں' لیکن ان بزرگ کو ان سے کوئی خوف نہیں تھا۔ ان بزرگ نے ان سے کوئی اثر تک نہ لیا۔ میں ان کے سامنے رو کر اپنی گناہوں کی داستان بیان کرتا رہا کرتے کرتے آخر میں نے ان کے ہاتھ پر توبہ کی۔ ایمان کی تجدید کی ایمان کی تجدید کرنے کے بعد وہ مجھ سے فرمانے لگے دیکھ ایسا کر تو سارا دن **یَاقَھَّارُ** پڑھا کر۔ تیرے اوپر جادو ہے' اور تیرے اوپر شیطانی چیزوں کی سخت نظر بد ہے اور سخت اثرات ہیں۔ تو بس سارا دن **یَاقَھَّارُ** پڑھا کر میں نے ان سے عرض کیا حضرت آپ مجھے اَللّٰهُ الصَّمَدُ کی اجازت دیں۔ فرمایا نہیں۔ یہ اجازت ابھی میں نہیں دے سکتا تو یَاقَھَّارُ پڑھا کر۔ کہنے لگے میں نے یَاقَھَّارُ پڑھنا شروع کیا۔ اور یَاقَھَّارُ ایک دن کے اندر میں ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں پڑھ لیتا تھا۔ بس اس دن کے بعد میری زندگی کے دن رات بدلنا شروع ہوئے۔ پھر میرے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اوپر یاقَھّارُ کے کمالات کھلے کہ ساری کائنات کو جو بھی حفاظت کا سامان ملتا وہ یاقَھّارُ کی برکت سے ملتا ہے اور ساری کائنات پر جتنے بھی شرور' آفات' بلیات مختلف شکلوں میں ہٹتی ہیں وہ یاقَھّارُ کی وجہ سے ہٹتی ہیں۔ کہنے لگے یاقَھّارُ کے وہ کمالات آپ کو بتا سکتا ہوں آپ گمان نہیں کر سکتے۔

## بابا جن کا بتایا آزمودہ عمل

پھر اس جادوگر جن نے وہ عمل بتایا جس عمل کو بتانے کیلئے وہ میرے پاس آئے تھے۔ کہنے لگے اگر گرمی ہے تو کچا برتن پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر۔ چارپائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبو لیں۔ پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبو لیں پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یاقَھّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے' جس گناہ سے' جس عیب سے' جس بدکاری سے' یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ پڑھنا شروع کر دیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو' قبلہ رخ بیٹھ کر' پانی روز بدلنا ہے' اس پانی کو گرا دیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے' گیارہ دن' اکیس دن' اکہتر دن' اکانوے دن۔ آپ پڑھیں۔ صبح و شام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہوگا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔ آپ کا جادو' اثرات' بندش' کالی دنیا کالے اثرات' یہ سب کچھ ختم ہو جائے گا۔ کہنے لگے کہ میں جنات کو یہ چیزیں اکثر بتایا کرتا ہوں ایک جن میرے پاس آیا مجھ سے کہنے لگا کہ میرے اوپر کسی نے جادو کر کے میرے بدن کو سیاہ کر دیا ہے میں نے اسے یاقَھّارُ کا یہ پانی والا عمل بتایا اور سختی سے کہا کہ اس پانی کو استعمال نہیں کرنا اور نہ پانی کوئی گھر والا استعمال کرے۔ کیونکہ سارا جادو سر سے نکل کر پاؤں اور پاؤں سے نکل کر پانی میں چلا جاتا ہے اور اگر کوئی سخت بیمار ہے سخت مریض ہے کسی بھی مرض میں تو مبتلا ہے' وہ پانی میں پاؤں رکھ کر یاقَھّارُ کا عمل کرے اور ساری بیماری' سارے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



روگ ساری تکلیف جسم سے نکل کر پانی میں چلی جاتی ہے۔ جب وہ جسم سے نکل جاتی ہے تو اس پاؤں کو نالی میں یا کہیں پھینک دیں۔ ہر روز نیا پانی ہو۔ بعض لوگوں کے تو پانی کی رنگت تبدیلی ہوتی ہے اور یہ بھی واقعات بے شمار آئے ہیں۔ میں نے اس جادوگر جن کا شکریہ ادا کیا اس کی مزید خدمت کی‘ تحائف دیئے اس جادوگر نے بہت عجیب وغریب عمل دیئے ایک ایسا عمل بھی دیا کہ جس سے جوحجاب الابصار کا عمل دیا تھا بہت مختصر آسان سا عمل تھا۔ آپ سب کو دیکھ سکیں آپ کو کوئی نہ دیکھ سکے۔

کہنے لگے کہ اس عمل کو میں نے افریقہ کے بہت سے لوگوں کو دیا اور خود کرایا انہیں وہ اس عمل کی وجہ سے حج کر کے آ گئے۔ سواری میں خود جا کے بیٹھ گئے نہ ویزہ نہ ٹکٹ کچھ بھی نہیں۔ کوئی بحری جہاز کے ذریعے‘ کوئی ہوائی جہاز کے ذریعے‘ بہت سے غریب مفلس لوگ حج کر کے آئے۔ کہنے لگے کچھ لوگ تو ایسے ملے کہ کعبہ کا دروازہ کھلا اور وہ کعبے کے اندر چلے گئے اور ایک خوش قسمت نے مجھے بتایا کہ روضہ اطہر ﷺ پر جاروب کش ؒ ہیں جو کہ آقا ﷺ کے روضہ کے اندر سے جھاڑو دیتے ہیں وہ خواجہ سراء ہیں‘ ایک دن انہوں نے رات کی تنہائی میں کھولا میں مسجد نبوی ﷺ کے اندر رہ گیا میں اس کے اندر چلا گیا اور اس کے اندر کا اس نے نقشہ بتایا اور جو جلوے بتائے وہ بیان اور گمان سے بالاتر ہیں۔ میں نے ان جادوگر باباجی کا شکریہ ادا کیا۔

## لاہور کا شاہی قلعہ اور بونے جنات کی شادی

اس سے پہلے میں نے آپ کو یَاقَہَّارُ کا عمل بتایا تھا اس پر ایک واقعہ سناتا ہوں۔ میں ایک باکمال درویش کے ساتھ لاہور کے شاہی قلعے میں سب سے پہلے آج سے تقریباً بہت سال پہلے جس کو سالہا سال کہوں گا‘ گیا۔ لاہور کے شاہی قلعہ کے تہہ خانوں میں ایک مخلوق رہتی ہے جس کی کسی کو خبر نہیں...... اس مخلوق کی تعداد لاکھوں کروڑوں ہے...... ہزاروں نہیں‘ سینکڑوں نہیں۔ وہ صدیوں سے وہاں آباد ہے۔ وہ مخلوق وہاں کے بونے ہیں۔ وہ جنات ہیں جو کہ بونوں کی شکل میں وہاں رہتے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہیں۔سب سے پہلے تو میں اس باکمال درویش کے ساتھ گیا لیکن ایک واقعہ کچھ یوں ہوا کہ ایک رات میں لیٹا ہوا تھا تو اچانک مخصوص آواز جس سے مجھے اپنے دوست جنات کے آنے کا پتہ چلتا ہے وہ چیل کی آواز۔چیل کی آواز میرے کانوں میں آئی تو میں نے دیکھا صحابی بابا' حاجی صاحب ان کا بیٹا عبدالسلام اور ایک باورچی جن اور اس کے علاوہ بہت سے جنات مجھ سے کہنے لگے آپ کو لینے آئے ہیں۔میں نے پوچھا خیریت تو ہے؟ کہنے لگے اس سے پہلے اطلاع نہیں کر سکے۔شاہی قلعے کے تہہ خانوں کے جنات کی بہت بڑی شادی ہے اور ہمیں خاص طور پر مدعو کیا گیا ہے اور ان کا تقاضا ہے کہ وہ آپ کو ساتھ ضرور لائیں۔میں فوراً تیار ہو گیا گدھ نما سواری پر ہم سب بیٹھے چند لمحوں میں اس نے ہمیں لاہور کے شاہی قلعے کے دیوان عام پر جہاں بادشاہوں کا دیوان عام تھا۔وہاں سواری اتری ......ہم اترے۔میں حیران ہو گیا میری نظر آج تک ادھر گئی ہی نہیں' یہ تو مجھے خبر تھی کہ شاہی قلعے میں بہت زیادہ جنات رہتے ہیں ان سے ملاقاتیں بھی بہت زیادہ ہوتی تھیں۔

## شاہی قلعے کے تہہ خانے میں تین درویشوں کی تربت

میرا ان کے تہہ خانوں میں آنا جانا بہت پرانا ہے۔ضمناً بتاتا چلوں کہ لاہور کے شاہی قلعے کے تہہ خانے میں تین درویشوں کی تربت ہے ان میں ایک درویش تو بہت صاحب کمال ہیں۔جہاں میں اکثر مراقبہ کرتا ہوں اور بعض اوقات اگر میرے ساتھ کوئی ہوتا ہے تو ان کو باہر بھیج کر وہ صاحب کمال درویش میرے سامنے اصلی وجود میں آکر بیٹھتے ہیں۔معانقہ کرتے ہیں مصافحہ کرتے ہیں دل سے دل' سینے سے سینہ لگاتے ہیں۔بہت کچھ عطا کرتے ہیں یہ تکوینی دنیا کے راز ہیں' کائنات کے پوشیدہ راز ہیں جو شاید میں آپ تک نہ پہنچا سکوں۔

## بونے جنات کا شاہی قلعے میں ہمارا استقبال

میں جب دیوان پر اترا تو ہر طرف جنات ہی جنات تھے لیکن وہ جنات بونوں کی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



شکل میں تھے چھوٹے چھوٹے قد کے۔ تین فٹ سے اونچا کوئی نہیں تھا اندازے سے بیان کر رہا ہوں۔ لاکھوں کے قریب تھے سب نے بہت اچھا لباس پہنا ہوا تھا۔ سب استقبال کیلئے کھڑے تھے۔ ان میں اکثریت مجھے نہیں جانتی تھی، صحابی بابا اور حاجی صاحب کو بہت زیادہ جانتے تھے۔

## شاہی قلعے کے جنات کے داروغہ کی بیٹی کی شادی

لیکن ان کے سردار اور بڑے مجھے جانتے تھے۔ ان کی شادی کی تقریب تھی دراصل وہ شادی شاہی قلعے کے جنات کے جو داروغہ تھے ان کی بیٹی کی شادی تھی۔ میں شامل ہوا ان کا اصرار تھا کہ نکاح میں پڑھاؤں لیکن صحابی بابا کے ہوتے ہوئے مجھے ہوا کہ میں ایسا نہ کروں۔ میں نے صحابی بابا سے عرض کیا کہ آپ نکاح پڑھائیں۔ صحابی بابا نے نکاح پڑھایا۔ کیا خطبہ مسنونہ پڑھا کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا سچا دور یاد آ گیا۔ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے وہ صحابی جن ہیں جنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے خود قرآن سنا۔ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو خود دیکھا۔ خطبہ کے بعد ایجاب وقبول ہوا۔ صحابی بابا کا حکم ہوا میں نے دعا کروائی۔ دعا کروانے کے بعد ان کی طرف سے اصرار تھا کہ میں کچھ ان کو نصیحت کروں۔

میں نے ان سے عرض کیا کہ آج میں مصروف ہوں اچانک مجھے لائے ہیں...... پھر کبھی میں آؤں گا اور آپ سے کچھ باتیں کروں گا اس سے پہلے شاہی قلعے کے داروغہ جن، جن کی بیٹی کی شادی تھی۔ لاکھوں جنات میں انہوں نے میرا تفصیلی تعارف کروایا کہ کس طرح بڑے بڑے جنات کے ہاں میری محبت ہے...... عزت افزائی ہے اور کس طرح ان کے ہاں میرا جانا ہوتا ہے ان کے جنازے پڑھاتا ہوں۔ ان کے نکاح میں میں شامل ہوتا ہوں، ان کی خوشیوں، دکھوں میں میرا آنا جانا ہے اب ان سب کا اصرار تھا کہ میں ان سے کچھ وعظ و نصیحت کروں لیکن میرا ایک ہی تقاضا تھا کہ میں آپ سے بعد میں بات کروں گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## بونے جنات کا دسترخوان

دعا کے بعد کھانے کیلئے دسترخوان لگے۔ کھانے کیا تھے۔ بس جنت کے مناظر یاد آئے۔ ایسے ایسے پرندے بھون کر رکھے گئے تھے جن کے نام کبھی سنے نہیں تھے۔ لیکن صحابی بابا نے ان کی تصدیق کی کہ یہ حلال ہیں۔ بھوننے کا انداز عجیب تھا' سونے اور چاندی کی طشتریاں تھیں' مخمل کے دسترخوان بچھے ہوئے تھے جنات غلام کھلانے والے بھی بونے...... کھانے والے بھی بونے...... ان سب جنات میں صرف میں ہی واحد انسان تھا جو اس شادی کی تقریب میں شامل تھا۔ ہر طرف کھانے کی ریل پیل تھی میں نے کھانے کی ڈشیں گنیں تمیس ڈشیں تھیں۔

تمیس قسم کے کھانے تھے ہر کھانا مختلف اس کھانے میں کچا گوشت بہت زیادہ رکھا ہوا تھا۔ گائے کا بھی' بھینس کا بھی' اونٹ کا بھی' بکری کا بھی۔ اس کی مثال میں آپ کو ایسے دوں گا جیسے گوشت پکاتے ہیں لیکن ہر گوشت کی مختلف ڈشیں ہوتی ہیں ہر جن کی اپنی ایک طبیعت ہے وہ گائے کا گوشت کھائے کچا' خون بھر کے رکھا ہوا تھا مختلف طشتریوں میں ذبح کرتے ہوئے ان کا جو خون نکلتا ہے اس کے علاوہ وہ کھانے بھی تھے جو ہم انسان کھاتے ہیں لیکن ہر کھانا اپنی ایک انفرادی منفرد لذت کے ساتھ ...... کھانا کھایا۔ اس کے بعد زعفران کا قہوہ پلایا گیا جو صرف اور صرف کوہ قاف سے پتے لائے جاتے ہیں ان پتوں کو زعفران سے پکایا جاتا ہے سونے اور چاندی کے زنجان میں وہ قہوہ پلایا گیا۔ قہوہ کیا تھا کہ سب کھانے کو ایک منٹ میں ہضم کر دیا محسوس ہوا کہ ابھی اور بھوک لگ گئی ہے۔

## شاہی قلعے کے اندر طلسماتی محل کی سیر

چلتے ہوئے شاہی قلعے کے داروغہ جن نے مجھے ایک پتھر دیا جو میرے پاس ابھی تک موجود ہے اور آگے لے جا کر ایک دیوار کی طرف اشارہ کر کے بتانے لگے یہ پتھر دراصل اس دیوار کی چابی ہے اس دیوار کے پیچھے ایک اور شاہی محل ہے جو شاہی قلعے کا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اصل طلسماتی محل ہے اور وہ طلسماتی محل کیا ہے...... انہوں نے پتھر کو دیوار سے لگایا دیوار درمیان سے ہٹی اور ایسے ہٹی جیسے دروازہ ہٹتا ہے اور ہٹتے ہی وہاں ایک راستہ بنا...... شاہی قلعے کا داروغہ جن آگے بڑھا...... میں اپنے احباب حاجی صاحب اور صحابی بابا اور دوسروں کے ساتھ آگے بڑھا محسوس ایسے ہوتا تھا ہر چیز ابھی تازہ تازہ بنائی گئی ہے نہ بوسیدگی نہ ویرانی' وہاں کی دنیا اور تھی۔

آپ مجھے دیوانہ سمجھیں گے آپ میری باتوں کو داستانیں اور کہانیاں سمجھیں گے لیکن یادرکھیے گا! طلسمات کی دنیا اور ہوتی ہے جو ہر انسان کی سمجھ میں نہیں آتی۔

## وہ پتھر کوئی انوکھی سی چابی تھی

وہ پتھر کیا تھا؟ کوئی انوکھی سی چابی تھی' شاہی قلعے کے داروغہ جنات نے بس یوں پتھر لگایا اور یوں دیوار ایک طرف ہٹی اور ایک انوکھا سا خوبصورت دروازہ نکلا بہت خوبصورت شاہی دروازہ تھا' جس میں لعل جوہرات اور ہیرے جڑے ہوئے تھے اور دروازہ ایسا خوبصورت معلوم ہوتا تھا کہ اسے ابھی ابھی تازہ لگایا ہے حالانکہ وہ صدیوں پرانا تھا اندر ایک راستہ تھا جہاں چھوٹے چھوٹے بونے جنات مسلسل انتظام و اہتمام میں لگے ہوئے تھے اور ایسے محسوس ہوتا تھا جیسے انہیں پہلے سے اطلاع ہے کہ ہم نے اس کے وزٹ کیلئے آنا ہے۔ آگے داروغہ تھا اور اس کے پیچھے میں تھا اور پیچھے صحابی بابا اور دوسرے حضرات تھے جب ہم اندر گئے تو اندر ایک اور نیا محل نظر آیا جو شاید ہمارے گمان اور وجود سے بھی بالاتر تھا۔ میں بہت حیران ہوا۔

## طلسماتی محل کے اندر عجیب چہل پہل

ہر بونا اپنی انفرادی توجہ اور اہتمام میں لگا ہوا تھا...... انتظامات خوب تھے......! ایک سجا ہوا محل تھا' خوبصورت قالین' زرق برق لباس' زندگی کی ایک عجیب چہل پہل تھی' زندگی کی ایک عجیب گہما گہمی تھی' جگہ جگہ خوبصورت فوارے' خوبصورت دستر خوان

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بچھے ہوئے تھے۔ کمروں میں مخمل کے بستر لگے ہوئے تھے اور مخمل کے لباس لگے ہوئے تھے......! خوبصورت پردے تھے......!

میں اس محل کا نقشہ کیسے کھینچوں......؟ اس کی خوبصورتی کو کیسے بیان کروں......؟ وہ ایک محل نہیں تھا طلسماتی دنیا کا انوکھا راز تھا۔ مجھے شاہی قلعے کے داروغے نے ایک ایک جگہ دکھائی ایک جگہ ایسی دکھائی کہ وہاں قدم رکھتے ہی ایک اور دروازہ کھلا اور اس دروازے کے اندر ایک اور چھوٹا سا محل نظر آیا جسے دیکھ کر عقل انسانی اور حیران رہ گئی چونکہ سفید پتھر کا بنا ہوا تھا۔

## سفید پتھر کا سفید محل......!

جس میں ہر چیز سفید تھی' سفید پردے' سفید دیواریں' سفید بستر' سفید قالین' ایک عجیب چکا چوند اور چونکا دینے والا کائنات کا ایک عجیب عجوبہ تھا میں حیران اور محو حیرت تھا' دراوغہ مجھے مسلسل ایک ایک چیز دکھا رہا تھا' ایک جگہ سفید شیلف پر سفید چاندی کی بنی ہوئی کچھ کتابیں تھیں جن کے اوپر سفید انداز میں کائنات کی کچھ عجیب تعریف لکھی ہوئی تھی میں بہت حیران ہوا یہ کیا کائنات ہے میں نے ان سے بہت سوالات کیے۔ ایک جگہ پتھر کی تختیوں پر مجھے کتابیں دکھائیں اور کتابوں پر تحریر لکھی تھی۔

## سفید پتھر کی تختیاں اور تحریریں

اسی دوران انہوں نے مجھے کچھ سفید پتھر کی ایسی تختیاں دکھائیں جس پر کچھ تحریریں لکھی ہوئی تھیں۔ شاہی قلعہ کے داروغہ نے وہ تحریریں اٹھا کر میرے سامنے کیں' مجھے اس زبان کی سمجھ نہ آئی' میں ان تختیوں کو دیکھتا گیا۔

چند تختیوں کے بعد ایک تختی کے اوپر کچھ تحریریں لکھی ہوئی تھیں جس کا ترجمہ تھا:

"یہ محل جنات نے ہی بنایا تھا اور جنات ہی اس میں رہیں گے اور جنات ہی اس میں رہتے ہیں......یہاں کوئی انسان داخل نہیں ہو سکے گا......ہاں صرف وہی انسان

www.iqbalkalmati.blogspot.com



داخل ہوگا جسے جنات ازلی دوست اور ازلی بزرگ مانتے ہوں گے۔ لیکن ہم اس انسان کو ایک نصیحت کریں گے کہ ہمارے یہاں کے نظام میں دخل نہ دے اور اگر وہ دخل دینا بھی چاہتا ہے تو اگلی تختی پر ہدایات پڑھے۔''

داروغہ جنات نے اگلی تختی اٹھائی جس پر لکھا ہوا تھا کہ:

''اے وہ انسان! جو نہایت خوش بخت اور خوش قسمت ہے۔ جو اس طلسماتی محل میں آیا ہے ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں آپ واحد آدم زاد ہیں جو اس طلسماتی مکان میں آئے ہیں' ہمیں علم ہے آپ ان مقدس اور عظیم جنات کے دوست ہی ہو سکتے ہیں جو صدیوں سے آپ کا انتظار ہو رہا تھا ہم آپ کو ایک بار پھر خوش آمدید کہتے ہیں آپ کا آنا مبارک ہو آپ کے آنے سے ہمیں بہت خوشی ہوئی آپ کیلئے ایک ہدایت ہے جس کیلئے آپ کو اگلی تختی اٹھانی ہوگی۔''

داروغہ شاہی قلعہ نے تیسری تختی اٹھائی جس پر لکھا ہوا تھا کہ:

''پانچ نصیحتیں ہم آپ کو کرتے ہیں...... ان پانچ نصیحتوں کو آپ مان جائیں تو آپ کی نسلیں اور آپ خوشگوار ہواؤں کو لیں گے بہترین خوشبو سدا ارد گرد رہے گی' رزق آپ پر چھاؤں کرے گا' برکتیں نچھاور رہیں گی' خوشیاں موجزن رہیں گی' سبز لباس سدا آپ کے تن پر رہے گا' سنہری تاج آپ کے سر کو ہمیشہ چھوتا رہے گا' آپ کے سر پر ہمیشہ بادل رہیں گے جو ہلکی پھوار میں آپ پر نورانیت اور روحانیت برساتے رہیں گے آیئے! ہم آپ کو وہ پانچ چیزیں دیتے ہیں اس کیلئے آپ کو اگلی تختی دیکھنی ہوگی۔''

داروغہ جنات نے اگلی تختی اٹھائی اس پر لکھا تھا کہ:

''کیسا خوش قسمت انسان ہے جس کا صدیوں سے انتظار تھا اور صدیوں سے یہ پانچ چیزیں ہم اس کیلئے تیار کر کے بیٹھے ہوئے ہیں...... آپ اس کے اہل تھے تو ہم نے آپ کو یہ پانچ چیزیں دینے کا فیصلہ کیا ہے آپ اپنی پیشانی پر ایک نور کی تجلی دیکھ رہے ہیں جو شاید آپ کو نظر نہ آئے لیکن جس نے دل کی آنکھیں روشن کر لی ہیں وہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com


آپ کے ماتھے پر نور کی تجلی ضرور دیکھے گا اور جس نے دل کی آنکھیں روشن کر لی ہیں وہ آپ کی تاریکی کو ہمیشہ روشن دیکھے گا وہ اس طرح کہ جہاں آپ لیٹے ہوں گے وہاں بظاہر اندھیرا لیکن دل کی روشنی والا وہاں نور ہی نور دیکھے گا اے وہ خوش بخت انسان! جس کے ہاتھ میں یہ مرمریں تختی ہے۔"

## یاقہارُ سے شریر دنیا بہت زیادہ پریشان

جب سے میں نے اپنے مشاہدات عبقری میں دینا شروع کیے ہیں جہاں صالح اور سخی جنات میں خوشی ہوئی کہ ہمارے ذریعے سے انسانی دنیا کو خیر برکت راحت اور مشکلات کا حل مل رہا ہے وہاں شریر جنات کو بہت تکلیف پہنچی خاص طور پر یاقہارُ کے تجربات نے اور یاقہارُ کے نقش نے شریر دنیا کو بہت زیادہ پریشان کیا۔ لاکھوں کے زیادہ متجاوز لوگوں نے عبقری کے اس عمل کو آزمایا بھی اور کیا بھی اور واقعی عجیب و غریب کمالات ملے اور عجیب وغریب اس کے مسائل حل ہوئے کتنے بے گھروں کو گھر ملا' کتنے جادو اور جادو سے ڈسے ہوؤں کو زندگی کا چین اور سکون ملا کتنے ایسے تھے جن کے ساتھ جنات بدکاری پر تلے ہوئے تھے اور سال ہا سال سے یہ سلسلہ جاری تھا جنات کا اس گھر اور جسم میں داخلہ بند ہو گیا۔ ایسے لوگ جن کا رزق بندھا ہوا تھا جن کے روزگار میں قیدیں لگائی ہوئیں تھیں اللہ نے ان کا رزق کھولا یہ مشاہدات تو ان لوگوں سے پوچھیں جو یاقہارُ کے تجربات کر چکے ہیں اور یاقہارُ کے کمالات سے استفادہ کر چکے ہیں میں آپ کو کتنا بتا سکتا ہوں۔

## میرے قریب آ کر وہ شعلہ پھٹا

لیکن جو سب سے زیادہ پریشان کرنے کی ترتیب بنائی وہ شریر جنات نے بنائی کہ میں بیٹھا ہوا تھا ایک آگ کا بہت بڑا شعلہ میری طرف آیا چونکہ میں ہر وقت اعمال کے حصار میں رہتا ہوں میں نے وہ حصار پڑھنا شروع کر دیا جو قرآنی الفاظ سے مزین ہے۔ پڑھتا رہا' لیکن وہ بہت بڑا شعلہ میری طرف مسلسل آ رہا تھا میں مطمئن

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بیٹھا ہوا تھا قریب ہی آ کر وہ شعلہ پھٹا اور اس میں اٹھارہ جنات خطرناک حالت میں ظاہر ہوئے جن کے جسم سے شعلے نکل رہے تھے بدبو کے بھبکے نکل رہے تھے، اور جب وہ بولتے تو ان کے منہ سے دھواں نکلتا، ہیبت ناک جسم جس میں ایک ایک بازو کئی گز لمبا تھا اور جسم آسمان کو چھو رہا تھا کوئی ان سے چھوٹے کوئی ان سے بڑے...... سب کہنے لگے ہم آپ کے پاس آئے ہیں افسوس ہم آپ کا کچھ کر نہیں سکتے۔۔۔!!!

## شریر جنات کی فریاد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔!

لیکن آخر کیوں؟ آپ قوم جنات کو مروانے اور برباد کرنے کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں ہم نے آخر آپ کا کیا بگاڑا ہے آپ عبقری رسالے کے ذریعے لوگوں کو عمل بتاتے ہیں لوگ والہانہ اور عاشقانہ انداز میں یقین سے کرتے ہیں ہمارا گھر' ہماری محفلیں' ہماری زندگی برباد ہو چکی ہے۔ ہمارے بچے ختم ہو گئے ہیں' ہمارے گھر جل گئے ہیں' ہمارے کھانے ختم ہو گئے ہیں ہمارا پینا ختم ہو گیا ہے' جن گھروں سے ہم صدیوں سے رہ رہے تھے، نسل در نسل آباد تھے ان گھروں سے ہمارے ٹھکانے ختم ہو گئے ہیں ہم اب کسی گھر میں کھا نہیں سکتے' پی نہیں سکتے' ہم لوگوں سے کھیلتے تھے (یعنی انہیں تکلیف دیتے پریشان کرتے) ہمارا کھیلنا بند ہو گیا ہے' ہم آزادانہ پھرتے تھے' آزادانہ پھرنا بند ہو گیا یاقَہَّارُ کو طاقت ایسی ہے کہ ہم اس سے لڑ نہیں سکتے۔ آپ سے لڑنے آئے ہیں ہم آپ کو نہیں چھوڑیں گے، آپ کے گرد بہت طاقتور حصار ہے، اگر ہم اس حصار کے اندر آتے ہیں، تو جل جاتے ہیں۔

## عبقری کے اس سلسلے کو بند کیوں نہیں کرتے۔۔۔؟

اب دو ہی راستے ہیں یا تو ہم آپ سے لڑیں یا پھر ہم آپ کی منت کریں۔ آپ ہمارا پیچھا کیوں نہیں چھوڑتے۔۔۔؟ عبقری کے اس سلسلے کو بند کیوں نہیں کرتے۔۔۔؟ آپ نے ساری زندگی جنات کے ساتھ وقت گزارا ہے اور جنات نے آپ کی خدمت کی ہے کیا اس خدمت کا یہی صلہ ہے کہ آپ جنات کی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



آبادیوں کی آبادیاں برباد کردیں۔۔۔! کیا اس خدمت کا یہی صلہ ہے کہ آپ جنات کے گھروں اور محلوں کو ویران کردیں۔ دھماکہ دار اور شعلہ دار گفتگو جو عام آدمی اگر تھوڑی سی بھی سن لے تو اس کے دل و دماغ پھٹ جائیں، منہ اور ناک سے خون بہنے لگے اور زندگی کی بازی ہار جائے۔

میں مسلسل سن رہا تھا اور وہ چیخ چیخ کر کہہ رہے تھے کہنے لگے ہم تمام جنات کی طرف سے آپ کے پاس قاصد بن کر آئے ہیں آج کچھ حل کر کے جائیں گے۔ ورنہ ہمارا کچھ نہیں بچتا۔ میں تحمل اور بردباری سے ان کی باتیں سنتا رہا۔

## بائبل کی امن، رواداری، درگزر کی تعلیمات

جب ان کی بات ختم ہوئی تو میں نے ان سے عرض کیا آپ مسلمان ہیں؟ کہنے لگے نہیں۔ ہم عیسائی ہیں۔ میں نے کہا کہ عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات میں امن ہے، عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات میں تو یہ ہے کہ کوئی ایک تھپڑ مارے تو اس کیلئے دوسرے رخسار کو پیش کردو، نہ لڑو، نہ مقابلہ کرو، بلکہ درگزر کرو، معاف کرو، بائبل کی ساری تعلیمات امن کی تعلیمات ہیں، رواداری کی تعلیمات ہیں، درگزر کی تعلیمات ہیں، اس موضوع پر میں نے ان سے تقریباً آدھا گھنٹہ بات کی میں بات کر رہا تھا، ان کے جسم اور چہرے کی کیفیات بدل رہی تھیں۔ ان کے شعلے کم ہو رہے تھے ان کا دھواں کم ہو رہا تھا ان کی سختی نرمی میں بدل رہی تھی ان کے جسم کی جنبش، دھماکے، تھرتھراہٹ میں کمی ہو رہی تھی۔ دل کی دنیا بدل رہی تھی، اب میری بات کو سنتے بھی، پہلے میرے کہنے پر نہیں بیٹھ رہے تھے، پھر ان میں سے ایک بیٹھ گیا، پھر دوسرا بیٹھ گیا، پھر تمام بیٹھ گئے میں نے اپنی گفتگو جاری رکھی، پھر میں نے ان کیلئے کھانے پینے کی چیزیں منگوائیں، پھر میں نے ان سے کہا آپ جانتے ہو کہ حکیم صاحب کا تسبیح خانہ چرچ کے بالکل قریب ہے اور دیوار کے ساتھ دیوار ہے۔ میں نے حکیم صاحب کو دیکھا ہے کہ وہ غیر مسلموں کیلئے بلکہ دنیا کے ہر مذہب کیلئے خیر خواہی کا جذبہ رکھتے ہیں۔

آخر آپ کے اندر خیر خواہی کا جذبہ کیوں نہیں ہے۔۔۔؟

www.iqbalkalmati.blogspot.com


آپ کیوں لوگوں کے دلوں میں اپنی ذات کیلئے نفرتیں ڈالتے ہیں۔۔۔؟

لوگوں کو کیوں تنگ کرتے ہو۔۔۔؟

کیا یسوع مسیح کا یہی مذہب تھا۔۔۔؟

ہرگز نہیں پھر قیامت کے دن کیا جواب دو گے۔۔۔!؟

ٹھیک ہے۔۔۔! تمہاری عمر صدیوں لمبی ہوتی ہے، لیکن موت تو ہے نا۔۔۔!!

موت کو منہ سے لگانا تو پڑے گا۔

## خیر اسی میں ہے کہ تم مسلمان ہو جاؤ

میری باتیں سنتے ہوئے اک بندہ ان میں سے بیہوش ہو کر گر پڑا۔ دوسرے پریشان ہو کر اس کو اٹھانے لگے، میں نے انگلی سے اشارہ کیا کہ اسے پڑا رہنے دو۔۔! باقی تمام زاروقطار رو رہے تھے۔ آخر میں نے کہا اب تمہاری خیر اسی میں ہے کہ تم توبہ کرو۔ سوچو۔۔۔! جب تم توبہ کرلو گے اور تم انسان کو تکلیف نہیں دو گے' ان کی عزتوں اور جان مال کے لٹیرے نہیں بنے ہو گئے' چوری اور ڈاکہ زنی چھوڑ دو گے' تو کیا پھر تمہیں یہ لفظ یاقہّارُ تکلیف دے گا۔۔۔؟ وہ کہنے لگے: ''نہیں''

پھر میں نے ان سے کہا آپ کی خیر اسی میں ہے کہ آپ مسلمان ہو جائیں اور ایمان لے آئیں۔ اتنی ہی دیر میں وہ بیہوش جن بھی ہوش میں آ گیا۔ وہ سب جنات چیخ چیخ کر رونے لگے، اپنا جسم اور بال نوچنے لگے کہ ہمیں اب تک بتانے والا تھا ہی نہیں، ہم نے تو سب کچھ اسی کو سمجھا ہوا تھا، ہم نے یہی چاہا کہ اسی میں سب کچھ ہے۔ ہم برباد ہو گئے۔ وہ سینہ کوبی کر رہے تھے' وہ چیخ و پکار کر رہے تھے' وہ رو رہے تھے۔ ان کی زندگی کی مجھے شام نظر آ رہی تھی کہ وہ مر جائیں گے اور ابھی ختم ہو جائیں گے...... میں سوچتا رہا' کہ اب ان کا کیا کیا جائے؟ اور انہیں مسلسل اسلام کی خوبیاں بتانا شروع کیں۔ آخر وہ سب مسلمان ہو گئے۔ میرے ساتھ کچھ اولیاء جنات بیٹھے ہوئے تھے کہ ان کے ذمے لگایا کہ ان کو اپنے رابطے میں رکھو اور ان کو دین سکھانا شروع کرو۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ان میں سے ایک کہنے لگا: کیا میرا خاندان اگر مسلمان ہونا چاہے تو آپ کر لیں گے، میں نے ان سے کہا: ہاں۔۔۔! مگر زبردستی نہ کرنا، اگر وہ اپنی رضا سے ہونا چاہیں تو میں ضرور کرلوں گا۔ تو وہ جن کہنے لگا: ٹھیک ہے۔ دوسرے دن تمام جنات اپنے ساتھ چوالیس سوتیئس جنات مزید لے آئے، مسلمان کرنے کیلئے۔

## جنات کا پیدائشی دوست

جی چاہتا ہے کچھ باتیں حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ملاقات کی کرلوں' زندگی کی خبر نہیں جو ملا ہے لوٹانا چاہتا ہوں اپنے ساتھ کچھ لے کر جانا نہیں چاہتا' ویسے بھی مومن کے پاس جو کچھ ہوتا ہے وہ ادھار ہوتا ہے ادھار کو لوٹانا مومن کے مزاج کا حصہ ہے۔

ایک پرانی اور کالی رات میرے سامنے ہے جب میں اپنے مکان کی چھت پر بیٹھا اسم ذات کا ذکر کر رہا تھا سردی کے دن تھے اور سخت سردی پڑ رہی تھی' میں نے ایک کمبل اوڑھا ہوا تھا لیکن میں پسینہ پسینہ تھا اچانک مجھے احساس ہوا کہ میرے قریب کسی نے آکر اپنا گھٹنا لگا دیا اور سلام کیا۔ ہلکا سا خوف ہوا لیکن پھر ایک اطمینان ہو گیا۔۔۔ دیکھا تو ایک خضر صورت درویش بیٹھے ہیں مصافحہ ہوا میں نے پوچھا آپ؟ فرمانے لگے لوگ مجھے خضر (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کہتے ہیں یہ ان سے میری سب سے پہلی ملاقات تھی۔ میں سمجھتا ہوں یہ لفظ اسم ذات یعنی اللہ جو میں نے لاکھوں کروڑوں مرتبہ کیا' یہ اس کی برکات ہیں۔ اس کی برکات تو مجھے بہت ملیں وہ پھر کبھی عرض کروں گا لیکن اس کی ایک برکت یہ ہے کہ حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ملاقات کا سلسلہ شروع ہو گیا۔

حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام سے میں نے بہت پایا بہت حاصل کیا ہے ایک چیز جو کہ گزشتہ صفحات میں آپ مسلسل پڑھ رہے ہیں وہ یاقہّارُ ہے۔ آج میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یَاقَھَّارُ کے روحانی و نورانی فوائد حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زبانی بتانا چاہتا ہوں ایک بار فرمانے لگے:۔

''جو شخص اس کو بکثرت پڑھے گا جتنا بڑے سے بڑا گناہ ہو اور وہ اس گناہ سے چھٹکارا پانا چاہتا ہو' جتنی بڑی سے بڑی برائی ہو' نشہ ہو' کوئی عادت بد ہو' کوئی عیب اور وہ اس عیب سے چھٹکارا پانا چاہتا ہوں وہ بلا تعداد اس کو مستقل پڑھے۔ جتنا زیادہ تعداد میں پڑھے گا اتنا فائدہ ہوگا۔ لاکھوں سے زیادہ پڑھے' بس ہر وقت پڑھتے ہوئے یہ تصور یعنی جس چیز سے چھٹکارا پانا چاہتا ہے اس کا تصور......وہ نہیں پڑھ رہا تو اس کی طرف سے کوئی اور پڑھے لیکن بات ہے پڑھنے کی...... چند بار پڑھ کر چھوڑ دینا۔ ایسا نہ ہو یہ بات مسلسل تجربات میں آئی ہے کہ اس کو مسلسل پڑھنے سے گوہر مقصود ضرور ملا ہے۔ میں نے اپنی آنکھوں سے ہیروئن چھوٹتے دیکھی' بدکاری سے نفرت دیکھی' جھوٹ گناہوں سے نفرت دیکھی' ایک نہیں بے شمار' بے شمار نہیں اور بے شمار لوگوں کو اسم یَاقَھَّارُ سے متقی ولی' اور اللہ کا دوست بنتے دیکھا۔ اللہ کی دوستی اور اللہ تعالیٰ کا قرب اور اللہ کی محبت یَاقَھَّارُ کے سامنے ایک انوکھا راز ہے۔ میں نے ایک صاحب کو یہ پڑھنے کیلئے بتایا کہنے لگے میں نے دن دیکھا نہ رات' صبح دیکھی نہ شام' نیند دیکھی نہ جاگنا ہر صورت یَاقَھَّارُ پڑھتا چلا گیا' لاکھوں کی تعداد میں یَاقَھَّارُ پڑھا۔ میں وہ تھا جو کماتا تھا جوئے پر لگا دیتا تھا پھر جو بچتا تھا شراب میں لگا دیتا تھا اور بدکاری پر لگاتا تھا۔ میں نے اپنی زندگی میں اس سے بڑا لفظ کہیں پایا ہی نہیں...... کہیں دیکھا ہی نہیں۔ اب رات کو سوتا ہوں تو تہجد کے وقت مخصوص مہک اور خوشبو ہوتی ہے جو میرے بدن کو لپیٹ لیتی ہے اور مسرور ہوں کہ ایک خوشبو مجھے تہجد کیلئے اٹھا دیتی ہے پھر تہجد کے بعد سوتا ہوں تو وہی خوشبو مجھے نماز فجر کیلئے اٹھا دیتی ہے اسی طرح میرے دن رات گزر رہے ہیں۔

مجھے وہ وقت بھی یاد تھا جب میں عید کی نماز تک نہیں پڑھا کرتا تھا' جمعہ تو دور کی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بات ہے۔ جب مجھے اللہ کے نام سے شناسائی نہیں تھی۔ میں بھٹکا ہوا تھا الجھا ہوا تھا' ڈوبا تھا' گمراہ تھا۔ اسم یاقہار نے مجھے اللہ تک پہنچانے میں بہت مدد کی۔ قارئین! ویران گھروں اور اجڑی زندگیوں کیلئے اسم یاقہار کے اندر بہت تاثیر اور طاقت ہے' اس کے اندر تقویٰ ہے' عظمت ہے' اخلاص ہے' للٰہیت ہے' تہجد ہے' نماز کا خشوع ہے' قرآن سے محبت ہے' عشق مصطفی ہے' عشق صحابہ اہل بیت ہے' عشق اولیاء ہے' صالحین سے محبت ہے' یہ کوئی شے نہیں عجیب شے ہے۔ اپنی نسلوں کیلئے پڑھ سکتے ہیں' ایک چھوٹی سی بات کہتا چلا جاتا ہوں اس کی وضاحت نہیں کروں گا۔ بس آگے آپ خود سمجھ لیں کہ جب بھی میاں بیوی ملاقات کا ارادہ کریں دونوں ملاقات سے پہلے بکثرت اسم یاقہار پڑھیں۔ اولاد صالح ہوگی' بے عیب ہوگی' اندھی کانی لولی لنگڑی' اپاہج' ناکارہ' بیوقوف' پاگل' دیوانی' بدشکل نہیں ہوگی۔

جہاں حسن ظاہر ہوگا' وہاں حسن باطن بھی ہوگا' خوبصورتی جہاں اندر کی ہوگی وہاں باہر کی بھی ہوگی' بچے میں تقویٰ اخلاص' خلوص نیکی' امانت' خیر خواہی' دریا دلی' سخاوت اور محبت کے آثار نمایاں ہوں گے۔ ویسے بھی میاں بیوی جب ملیں ان الفاظ کو تھوڑا یا زیادہ اس سے پہلے پڑھ لیا کریں۔

شیطانی عمل دخل نہیں ہوتا۔ بیماریاں نہیں ہوتیں' حتیٰ کہ آپس میں نفرت نہیں ہوتی۔ میں نے گھریلو جھگڑوں کے کئی لوگوں کو یہ بتایا کہ میاں بیوی جب بھی ملیں تھوڑا یا زیادہ اسم یاقہار ضرور پڑھ لیا کریں۔ اس وقت وضو ہے یا نہیں اس کی کوئی شرط نہیں۔ پھر اس کی برکات کو اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کریں بہت کمال کی چیز ہے۔ یہ ایک راز تھا جو دل کی دنیا میں بسا ہوا تھا جو مجھے ملا تھا سو آپ تک لوٹا دیا۔

## اسم یاقہار۔۔۔اور خبیث جنات کا شکوہ

میں نے ایک بونے جن سے پوچھا یاقہار کے کوئی تجربات آپ کے مشاہدے

www.iqbalkalmati.blogspot.com


میں آئے ہوں۔ کہنے لگے جب سے آپ نے یَاقَہَّارُ کا بتایا ہے اور وہ لوگ جو عبقری پڑھتے ہیں وہ یاقہار پڑھتے ہوئے جب بھی شاہی قلعے میں آتے ہیں تو اس شاہی قلعے کے شاہی محلے یعنی ہیرامنڈی کے جس کونے کا میں نے پہلے تذکرہ کیا اس کونے کے وہ بنات جو بیت الخلا کی طرف رہتے ہیں وہ بہت پریشان ہیں اور ان کے کئی جنات مر گئے ہیں ان کے گھروں کو آگ لگ گئی ہے وہ ہمارے پاس آئے اور کہا کہ آپ علامہ صاحب کو روکیں کہ علامہ صاحب لوگوں کو یَاقَہَّارُ نہ پڑھنے دیں ہم علامہ صاحب کو نقصان نہیں پہنچا سکتے کیونکہ ان کے گرد مضبوط روحانی قلعہ ہے ان کی نسلوں کی بھی حفاظت رہے گی انشاء اللہ تعالیٰ کیونکہ ان کی نسلوں کے گرد بھی روحانی قلعہ ہے لیکن ہمارے تو گھر اجڑ گئے برباد ہو گئے تو وہ بونا جن مجھ سے کہنے لگا کہ میں نے ان سے کہا کہ تم لوگوں کو تنگ کرنا چھوڑ دو کہنے لگا کہ شرارت تو ہمارے خمیر میں ہے ہم کیسے تنگ کرنا چھوڑ دیں؟

## یَاقَہَّارُ پڑھا اور جننی چیختی ہوئی بھاگ گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری میگزین بڑے شوق سے پڑھتی ہوں اور خاص کر اس میں موجود علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' تو بہت ہی زبردست ہے۔ اس میں موجود جنات کے حوالے سے معلومات اور وظیفے باکمال ہوتے ہیں۔ ان وظیفہ جات سے میری بہت سی پریشانیاں حل ہوئی ہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! مجھ میں بہت برائیاں آئی ہوئی تھیں کرنے اچھا جاتی تھی لیکن بری بن جاتی ہر کوئی اپنے مطلب کیلئے استعمال کرتا اور میرے کندھے پر بندوق رکھ کر مجھے استعمال کرتا اور ساری برائی مجھ پر آجاتی۔ میں بہت پریشان تھی ہر کوئی مجھ سے نفرت کرتا کوئی بھی بات ہو مجھ پر آجاتی اور میں قصوروار نہ ہوتے ہوئے بھی قصوروار ٹھہرائی جاتی سمجھ میں نہ آتا میرے ساتھ کیا چکر تھا۔ مگر جب سے میں نے یَاقَہَّارُ کھلا پڑھنا شروع کیا ہے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پہلے دماغ ہر پر ہروقت بوجھ سا رہتا تھا مگر اب الحمدللہ جسم بالکل ہلکا پھلکا سا ہو گیا ہے۔ الحمدللہ! اب سب گھر میں سب میری عزت کرنا شروع ہو گئے ہیں۔ (ا-س)

## یاقہّارُ کا دیوانہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہم پر ہمیشہ قائم رکھے۔ آمین! محترم حضرت حکیم صاحب! میں آپ کا رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ خاص کر اس میں موجود علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا کالم ''جنات کا پیدائشی دوست'' کی تو کیا ہی بات ہے۔ اس میں موجود یاقہّارُ کا عمل پڑھا' میں نے کچھ عرصہ پڑھا تو بہت زیادہ روحانی ودنیاوی سکون حاصل ہوا۔ اب تو میں یاقہّارُ کا دیوانہ ہو گیا ہوں۔ مجھے اپنی زندگی کے تمام مسائل کا حل صرف اسی میں نظر آتا ہے یہاں تک کہ سوتے ہوئے بھی اگر کوئی دباؤ وغیرہ ہو تو یہی اسم مبارک زبان پر جاری ہو جاتا ہے اس چھوٹے سے وظیفے نے تو میری زندگی کو بدل کر رکھ دیا ہے۔

(فرحان احمد سہیل، راولپنڈی)

## یاقہّارُ نے خبیث جنات سے نجات دلادی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کی ذات آپ کو سدا سلامت اور آباد رکھیں۔ آمین! میں نے عبقری رسالہ میں ''جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھا تو علامہ لاہوتی پراسراری صاحب سے بہت متاثر ہوئے' میرے ساتھ جادو جنات کا مسئلہ بچپن سے تھا' مختلف عاملوں وغیرہ سے دم کروائے' تعویذ لیے' وقتی طور پر ٹھیک ہو جاتی تھی مگر پھر وہی حالت۔۔۔۔ ایک دن میں صبح کو واش روم گئی' میرے جسم پر کسی نے دائرے کی صورت میں حرکت کی' اس دن کے بعد میری بائیں ٹانگ پر چبھن محسوس ہوئی' مجھے لگتا تھا کہ کوئی چیز میرے جسم میں گھس گئی ہے اور جب وہ حرکت کرتی ہے تو میرے پورے جسم میں شدید قسم کی درد ہوتی' میں اس سے بہت زیادہ پریشان تھی۔

اسی پریشانی میں تھی کہ ''جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھتے ہوئے جب میں نے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یاقَھَّارُ کا وظیفہ پڑھا تو میرے دل میں امید کی کرن جاگی اور مجھے لگا یہی وہ وظیفہ ہے جو مجھے ان گندی شیطانی چیزوں سے نجات دلا سکتی ہیں۔ میں نے اُس دن سے صبح وشام گیارہ گیارہ سو مرتبہ اول وآخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنا شروع کردیا اور اس مصیبت سے جلد نجات کیلئے موتی مسجد بھی گئی اور وہاں جاکر نوافل ادا کیے۔ پہلے کچھ عرصہ تو مجھے ان خبیث چیزوں سے چھٹکارا نہ ملا۔۔۔ مگر اب الحمدللہ میری ٹانگ میں جو چبھن اور درد ہوتی تھی بالکل بھی نہیں ہے' کبھی کبھی ہلکی سی محسوس ہوتی ہے مگر پہلے سے اسی فیصد فرق ہے۔ کبھی کبھی لگتا ہے کہ وہ چیز میرے اندر سے نکل گئی ہے' رات کو جب گیارہ سو یاقَھَّارُ پڑھ رہی ہوتی ہوں تو اکثر کسی چیز کی چیخنے کی آواز آتی ہے مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کوئی چیز مجھے روک رہی ہے۔ (ق ر)

## یاقَھَّارُ کا فیض۔۔۔!!!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں دسمبر 2011ء سے رسالہ عبقری سے منسلک ہوا ہوں' اسلامی کتابوں کا شوق ہے' ایک دن ایک ایجنسی پر اخبار کیلئے گیا اچانک ماہنامہ عبقری پر نظر پڑی' اسی دن کے بعد سے عبقری کا شدت سے انتظار رہتا ہے اور سب سے پہلے "جناب علامہ لاہوتی پراسراری" صاحب کا کالم "جنات کا پیدائشی دوست" پڑھتا ہوں۔ ماہنامہ عبقری کے متعلق جتنا بھی لکھا جائے کم ہے۔

محترم حضرت حکیم صاحب! مجھ پر کسی نے سخت جادو کروادیا تھا جس کی وجہ سے میری معاشی حالات' گھریلو حالات دن بدن ابتر ہوتے گئے' مختلف عاملوں سے علاج وغیرہ کروائے مگر کوئی فرق نہ پڑا۔ پھر میں نے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے کالم سے یاقَھَّارُ کا ورد کرنا شروع کردیا' اٹھتے بیٹھتے' چلتے پھرتے ہر وقت یہی ذکر کرتا رہتا۔ کچھ عرصے کے بعد میرے گھر کے ایک سوراخ سے سفید لٹھے کا کپڑا' میرے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی' موٹے موٹے لوہے کے کیل' میرے دھاگوں میں لپٹے ہوئے بال' میری والدہ کے بال' میری نظر کمزور ہے' میری ٹوٹی ہوئی عینک کا شیشہ' میرے بٹن' ٹوٹی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



گھڑی' گندبلا' گندے کاغذ وہاں سے میں نے یاقہارُ کے صدقے نکالے۔ جس کی وجہ سے میرے حاسدوں کے ہاتھ کے طوطے اڑ گئے۔ اس ورد کے ذکر سے اب میرے حالات دن بدن بہتر ہو رہے ہیں اور ابھی یہ ذکر جاری ہے۔ (ش۔ل)

## یاقہارُ سے گھریلو الجھنیں مسائل ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے درس میرے لیے سکون آور گولی کی طرح ہیں' جب تک درس نہ سن لوں دل کو چین نہیں ملتا۔ جون 2013ء میں یاقہارُ کا وظیفہ شائع ہوا تھا' میں نے رات سونے سے پہلے گیارہ سو مرتبہ پڑھا' ان دنوں ہمارے گھریلو حالات بہت خراب تھے' امی ابو کے جھگڑے چل رہے تھے' میں ابو کو دیکھتی تو مجھے غصہ آجاتا' ابو مجھے دیکھتے تو ان کو مجھ پر غصہ آجاتا تھا' بہت حالات خراب تھے' میں نے یہ وظیفہ چند دن ہی کیا تو ہمارے حالات ایسے ٹھیک ہوئے جیسے آگ پر پانی۔۔۔! (م۔ا،سرگودھا)

## یاقہارُ نے جادو ختم کر دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے سارے گھر والے تقریباً پانچ سال سے عبقری کے قاری ہیں۔ ہم 4 بہنیں اور 3 بھائی ہیں۔ میری بہن پر کچھ اثرات تھے' اس نے ماہنامہ عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا وظیفہ دیا گیا وظیفہ یاقہارُ صبح و شام گیارہ گیارہ سو مرتبہ پڑھنا شروع کر دیا۔ جس کی برکت سے وہ اکثر خواب میں سانپ دیکھتی یا تو وہ سانپ کو مار دیتی اور یا پھر بغیر نقصان دیئے سانپ بھاگ جاتا ہے اور پھر ایک مرتبہ خواب دیکھا کہ وہ تندور پر روٹیاں پکا رہی ہے تو تندور میں ایک سانپ ہے' وہ سانپ تندور کے سوراخ میں سے تھوڑا سا نکل آتا ہے تو وہ اسے سر پر مارتی ہے تو سانپ کا سر الگ ہو جاتا ہے اور اس کا کٹا ہوا سر بہت تیزی سے بھاگ جاتا ہے۔ اس وظیفے کی برکت سے اس کی طبیعت اب کافی بہتر ہے۔ وظیفہ ابھی جاری ہے۔ (غ۔ق)

www.iqbalkalmati.blogspot.com


## تنگدستی و مشکلات ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو لمبی عمر اور صحت عطا فرمائے اور علامہ لاہوتی پر اسراری صاحب کو بہت بہت خوشیاں نصیب ہوں۔ علامہ صاحب! میرے پاس الفاظ نہیں ہیں کہ میں آپ جیسی ہستی کی تعریف بیان کرسکوں' آپ میری ہر نماز کی دعا میں شامل ہیں۔ ''جنات کا پیدائشی دوست'' خاص نمبر پڑھ کر بے حد خوشی ہوئی۔ بہت انمول دعائیں ہیں' میرے تین بیٹے ہیں' بیٹی نہیں ہے' میں اپنے بچوں کو ''جنات کا پیدائشی دوست'' ضرور پڑھ کر سناتی ہوں اور کہتی ہوں بیٹا! زندگی میں کوئی مسئلہ ہوتو ان دعاؤں سے اللہ پاک کی مدد مانگنا' پیدائشی دوست کو کتابی شکل میں دیکھ کر اور بھی خوشی ہوئی کہ تمام دعائیں اکٹھی مل جاتی ہیں۔

یَاقَھَّارُ صبح و شام گیارہ گیارہ تسبیح اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ ضرور پڑھتی ہوں اس سے ہمارے رزق میں بہت برکت آرہی ہے۔ پریشانیاں ختم ہو رہی ہیں۔ ان درج بالا اعمال نے میرے گھر کو جنت بنا دیا ہے' ہر طرف سکون ہی سکون ہے' گھریلو جھگڑے' تنگدستی' مشکلات ایسے ختم ہوئیں کہ گماں نہ تھا۔ (ر'ش)

## شیطانی' جناتی' طاغوتی' کالی دنیا کو توڑنے کی تلوار

یَاقَھَّارُ کے فائدے میں نے ابتدائی قسطوں میں تفصیل سے عرض کیے لیکن پھر بھی وہ تفصیل نہیں تھی کیونکہ اس کے فائدے جو مجھ تک پہنچے یا مجھے جنات نے بتائے اور اس کے کمالات جتنے بھی میری زندگی میں کھلے' وہ شاید بہت کم لوگوں تک کھلے ہوں گے۔ یاقہار دراصل شیطانی' جناتی' طاغوتی' سفلی اور کالی دنیا کو توڑنے کیلئے ایک تلوار ہے اور حقیقت تک پہنچنے کیلئے ایک راستہ ہے۔

## ملک شام میں ختم القرآن کی تقریب

ابھی اسی رمضان میں حسب معمول جنات کے ہاں میرا آنا جانا ' زیادہ ہی ہوجاتا ہے کیونکہ ان کے ختم القرآن ہوتے ہیں اور ان کا تقاضا ہوتا ہے کہ میں ان کے ہاں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



حاضری دوں۔ سب کے ہاں تو نہیں جا سکتا لیکن قریب دور آنا جانا میرا لگا ہی رہتا ہے۔ ایک ختم القرآن کی تقریب میں مجھے ملک شام جانا ہوا اور شام بھی اس جگہ جہاں قافلہ اہل بیت ٹھہرا تھا' جنات نے مجھے وہ واضح نشانیاں اور وہ بابرکت چیزیں دکھائیں کہ عقل دنگ رہ گئی۔

## یاقہّارُ کا اجتماعی ذکر

لاکھوں جنات تھے ختم القرآن کا تھوڑا سا تذکرہ اور اس کے بعد پھر میں نے جنات میں اجتماعی طور پر یاقہّارُ کا ذکر کرایا' لاکھوں جنات ہوں اور یاقہّارُ کا ذکر ہو' کیا منظر ہوگا؟ کیا عالم ہوگا؟ کیا تاثیر ہوگی؟ کیا طاقت ہوگی؟ جنات سانس روک کر صرف ناک سے یاقہّارُ کا ذکر کر رہے تھے' ہر طرف آگ کے شعلے تھے جو آسمانوں کو چھو رہے تھے اور اس کی طاقت و تاثیر کا اس وقت پتہ چلا جب لاکھوں جنات نے اس کو اجتماعی طور پر پورا سترمنٹ سانس روک کر صرف ناک سے کیا۔

## یاقہّارُ کی تاثیر نے پہاڑ ہلا دیئے

اس کے بعد پھر اس ذکر کو زبان سے کرایا' پہاڑ ہل گئے' اتنی گونج اتنی آواز اور اتنی تاثیر۔۔۔ چالیس منٹ زبان سے ذکر کے بعد پھر اجتماعی دعا ہوئی۔ وہ گریہ' وہ زاری' وہ طاقت' وہ تاثیر کہ گمان سے باہر۔۔۔ ان حضرات نے کھانے کا انتظام کیا ہوا تھا کھانا کیا تھا سادہ پانی' کھجوریں' جَو کی روٹی۔ واقعتاً اس کھانے نے تو کمال ہی کر دیا' جَو کی روٹی میں کھجور کا ٹکڑا ڈال کر منہ میں ڈالیں اور اوپر سے پانی کا گھونٹ پی لیں۔ اس طرح کھانا کھایا۔

## عرب عالم انسان سے جنات میں ملاقات

کھانے کے بعد وہاں ایک ملک شام اور عرب کے بہت بڑے عالم انسان بھی شامل تھے۔ میرے جی میں آیا کہ ان سے ملوں' میں خود ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور جب ان کی خدمت میں گیا اور ایک دوسرے کے ساتھ تعارف ہوا وہ اس سے پہلے مجھے نہیں جانتے تھے پھر جنات نے میرا تفصیلی تعارف کرایا تو وہ مجھے نام

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سے جانتے تھے۔ فرمانے لگے: میں نے جنات سے آپ کا تذکرہ تو سنا تھا لیکن دیکھا نہیں تھا اور خود مجھ سے ملنے کا اشتیاق تھا۔ مجھے فرمانے لگے کہ آج یاقہّارُ کے ذکر سے مجھے خود بہت بڑا فائدہ ہوا۔ میرے دل میں ایک گناہ کی چاہت تھی جو سالہا سال سے میں لیے پھر رہا تھا' زبان پر بھی نہیں لاسکتا تھا لیکن اندر وہ چیز موجود تھی۔ آج وہ چیز ایسے نکلی جیسے میرے دل سے ایک کالا کتا نکل گیا اور میں نے اس کو جاتے اور بھاگتے دیکھا' ان کی ٹھنڈی سانس کے ساتھ آنسو بہہ نکلے۔ وہ بوڑھے تھے چہرے پر نورانیت تھی' سانسوں میں خوشبو تھی۔

## یاقہّارُ کا اجتماعی ذکر ہرگز نہ کریں

پھر خود ہی فرمانے لگے کہ کیا یہ انسانوں میں اجتماعی ہوسکتا ہے تو میں نے کہا ہرگز نہیں اور نہ ہی کوشش کیجئے گا کیونکہ انسانوں میں یہ ذکر اجتماعی اگر ہوا تو اس کے فائدے نہیں ہوں گے' انسان اس کا جلال اور طاقت برداشت نہیں کرسکتے۔ ہاں انفرادی طور پر چاہے جتنا لاکھوں' کروڑوں پڑھیں' اس کی تاثیر روز بروز بڑھتی چلی جائے گی۔

## پچپن سال سے یاقہّارُ کا ذکر

میں نے پوچھا: آپ نے یہ سوال کیوں کیا تو فرمانے لگے کہ بات دراصل یہ ہے کہ میں یاقہّارُ خود گزشتہ پچپن سال سے پڑھ رہا ہوں' یہ چیز مجھے ایک تفسیر میں ملی تھی اور اس تفسیر میں میں نے اس کے فائدے پڑھے تھے۔ (انہوں نے کسی عربی تفسیر کا نام لیا) اس دن کے بعد میں نے اس کو پڑھنا شروع کردیا' میں ہزاروں کی تعداد میں تو نہیں پڑھتا تھا لیکن روزانہ سینکڑوں کی تعداد میں پڑھ لیتا تھا لیکن اس سینکڑوں کے پڑھنے نے میری زندگی میں جو فائدے' کمال' روحانیت اور نورانیت ڈالی اور ایسے فائدے ایسے باکمال اور پرتاثیر ہیں کہ میں گمان کیا خیال نہیں کرسکتا۔

## یاقہّارُ کے فائدے شامی عالم کی زبانی

اور پھر یاقہّارُ کے انہوں نے فائدے بتانا شروع کیے۔ مجھے جب بھی شیطانی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



وسوسہ آیا اور شیطان نے مجھے کسی گناہ پر آمادہ کیا یہ اس دور کی بات ہے کہ آپ خود سوچیں کہ آج سے پچپن سال پہلے میں میرا شباب عروج پر تھا اور جوانی اور جوانی کی چاہتیں' امنگیں' آرزوئیں۔۔۔ میں نے جب بھی اس کو دل کا تصور کر کے پڑھنا شروع کیا۔ میرے اندر سے وہ جذبہ نکل گیا' گناہوں کی وہ چاہت نکل گئی اور بلکہ ایک احساس ہوا کہ میں روز بروز نیک بن رہا ہوں اور تقویٰ نیکی نور میرے دل کے اندر آ رہا ہے اور میری طبیعت میں نرمی' شفقت' محبت' پیار آہستہ آہستہ بڑھ رہا ہے اور طبیعت خیر اور عافیت کی طرف مائل ہو رہی ہے۔

## گناہ کی راہوں سے نجات

میں نے تو اس کے فائدے میں یہ بھی دیکھا ہے کہ آپ کسی ایسی جگہ چلے جائیں جہاں ہر طرف گناہ ہو' بدکاری ہو اور شراب اور شباب کا دور دورا ہو۔ آپ عاجز ہیں کہ یا اللہ! میں کیا کروں؟ ہرگز عاجز نہ ہوں بلکہ آپ بس یَاقَهَّارُ دل کا تصور کر کے اور سانسیں روک کر پڑھنا شروع کر دیں جب سانس ٹوٹے تصور ہی تصور میں اپنے دل پر دم کریں' پھر اگلا سانس روک کر پڑھنا شروع کر دیں اور پھر تصور ہی تصور میں اپنے دل پر دم کریں۔ جتنی دیر آپ وہاں رہیں آپ بس یہی عمل کرتے جائیں۔ آپ دیکھیں گے کہ اس کا انوکھا کمال آپ کو کیا ملتا ہے۔ وہاں سے نجات کی راہیں خود کھلیں گی' گناہ کی راہیں خود کٹیں گی' ان راستوں سے خود ہٹیں گے' تصور ختم ہوگا یعنی تصور گناہ' وہ گمان ختم ہوگا' وہ خیال ختم ہوگا' وہ منزل ختم ہوگی' وہ راستے ختم ہونگے اور اس طرف رجحان ہی ختم ہو جائے گا۔

## شراب و شباب کی محفلوں سے چھٹکارا

پھر ایک واقعہ سنایا کہنے لگے یہاں ہمارے رشتے داروں میں ایک شادی کی تقریب تھی اور ایک موسیقار کو بلایا ہوا تھا' میرا وہاں جانا ہوا' میں جوان تھا اور پھر وہاں شراب اور شباب کا بھرپور انتظام تھا' مجھے خوشی ہوئی بڑے عرصے کے بعد یہ حسرت

www.iqbalkalmati.blogspot.com


برآئی اور میری طبیعت میں بہت زیادہ میلان ہوا۔ آخرکار میں نے اس تقریب میں شرکت کی۔ پتہ نہیں کیا ہوا اللہ کی طرف سے میرے دل میں ایک اداسی سی پیدا ہوئی لفظ یَاقَہَّارُ سے واقف تھا اور یہ ترتیب میں نے اسی تفسیر میں پڑھی تھی لیکن آج تک آزمائی نہیں تھی' بس کیا تھا میں نے اس ترتیب سے پڑھنا شروع کر دیا اور خوب پڑھا اور اسی طرح سانس روک کر پڑھا۔ پڑھتے پڑھتے میں آخرکار وہاں سے اٹھا' مجھے کس طاقت نے اٹھایا مجھے خبر نہیں' میرا دل وہاں سے اچاٹ ہوا' میری طبیعت متنفر ہوئی' یہاں تک کہ میں وہاں سے اٹھ کر اتنا دور گیا کہ آج تک اس تقریب جس کو پچپن سال پہلے کی بات کہوں گا اور میرے من میں وہ چاہت اور جوانی کی وہ امنگ لیکن یَاقَہَّارُ نے میرا ساتھ دیا اور یَاقَہَّارُ نے مجھے اس گناہ کی زندگی سے بچایا۔

## گناہوں سے بچنا ہے تو یَاقَہَّارُ پڑھو

میں اس شامی عرب عالم کی بات حیرت اور غور سے سن رہا تھا' وہ عرب شامی عالم کہنے لگے کہ بس اس دن کے بعد میرے پاس جو جوان آتا ہے یا بڑا بوڑھا آتا ہے یا مرد یا عورت۔ میں سب کو کہتا ہوں گناہوں سے بچنا ہے' نیکی کی طرف آنا ہے' بس میں نہیں' چاہت میں ہے کہ میں نیک بن جاؤں لیکن آپ بے بس ہیں تو پریشان نہ ہوں آپ کو ایسا لفظ بتاتا ہوں کہ یہ لفظ طاقت اور قوت کے ساتھ آپ کا ساتھ دے گا اور آپ کو نیکی کی ایسی شاہراہ کی طرف لے کر جائے گا کہ خود آپ کے گمان میں نہیں' آپ کے تصور میں بھی نہیں کہ آپ کہاں سے کہاں چلے جائیں گے۔

## نسلوں کو سنوارنے کا عمل

خود میرا بیٹا جب پیدا ہوا تو میں اپنے بیٹے کے دل پر ہاتھ رکھ کر روزانہ ایک تسبیح یَاقَہَّارُ کی ہر نماز کے بعد پڑھ لیتا تھا آج میرا بیٹا اکتیس سال کا ہے میں اس کے چہرے پر نورانیت اس کے دل میں روحانیت اور اس کا کردار شفاف دیکھتا ہوں۔ اس کے اندر ہمدردی' خیرخواہی' سچائی اور خلوص دیکھتا ہوں تو مجھے یاد آتا ہے کہ یَاقَہَّارُ اپنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اثر دکھاتا ہے اور یَاقَھَّارُ اپنی تاثیر دکھاتا ہے۔

## بدمعاش اور شریر جن کی توبہ کی المناک کہانی

ہماری باتیں ہو رہی تھیں کہ ایک جن درمیان میں بول پڑا' وہیں شام اور میدان کربلا کے قریب ان کی رہائش تھی۔ کہنے لگے اگر اجازت ہو تو ایک فائدہ میں بتاؤں۔ اس کا درمیان میں بولنا مجھے ناگوار گزرا لیکن بعد میں احساس بھی ہوا کہ وہ بات بڑی قیمتی کہہ گیا۔ میں نے کہا جی آپ بولیں۔ کہنے لگا: میں پہلے بہت شریر جن تھا' بدمعاشیاں کرتا تھا' جن عورتوں اور انسانی عورتوں کا شکار میری من چاہی زندگی تھی۔

## جنات کی من پسند عورتیں

میں انسانی عورتوں کو ورغلاتا اور جناتی عورتوں کو ورغلاتا اور یوں میرے دن رات ایسے گزر رہے تھے۔ ایک دفعہ ایسا ہوا میں ایک جن عورت کو اٹھا کر لے آیا۔ بہت خوبصورت تھی اور ہم ہر اس جن عورت کو یا انسانی عورت کو پسند کرتے ہیں جس کا گوشت ننگا ہو' بازو کھلے ہوئے' لباس پہنا ہو لیکن سینہ واضح نظر آئے' چہرہ واضح کھلا ہوا' سر کھلا ہوا' لباس پہنا لیکن تنگ اور چست اور گوشت جسم کا واضح نظر آئے۔ بہر حال ہم عورت کے ننگے گوشت کے عاشق ہیں۔

## گناہ کرنے کیلئے قریب جاتا تو اندھا ہو جاتا

تو میں ایک جن عورت کو اٹھا کر لے آیا۔ میں نے اس سے گناہ کرنا چاہا لیکن حیرت انگیز بات کہ جب بھی میں اس سے گناہ کے ارادہ سے قریب جاتا' میں اندھا ہو جاتا' ہاتھ پاؤں سن' جسم میں جان ختم ہو جاتی اور میں گھبراہٹ اور پریشانی کا شکار ہو جاتا۔ میں اپنا ارادہ ترک کرتا' کچھ دور ہوتا پھر مجھے وہ عورت اپنے حسن و شباب سے نظر آنا شروع ہو جاتی اور میرے ہاتھ پاؤں ٹھیک ہو جاتے اور میرے جسم کا سن ہونا درست ہو جاتا۔ عاشقی کا غلبہ ہوتا' میں پھر اس کے قریب جاتا تو پھر میرے ساتھ یہی ہوتا کہ ہاتھ پاؤں بے جان' آنکھیں اندھی اور طبیعت میں گھبراہٹ۔۔۔ کئی بار میں

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com


نے یہی کام کیا۔ ہر بار مجھے ناکامی ہوئی آخر کار میں اس سے دور ہو کر ہٹ گیا۔ میں نے اس سے معافی مانگی۔

## سچ بتا تیرے پاس کونسا طلسم ہے

اس عورت سے ایک بات کہی کہ تو سچ بتا تیرے پاس کیا ہے؟ کوئی جادو ہے' کوئی طلسم ہے' کوئی اسم ہے' آخر ہے کیا؟ وہ خاموش رہی وہ مسلسل رو رہی تھی لیکن اس کے ہونٹ ہل رہے تھے اور وہ زار وقطار رو رہی تھی' وہ خوبصورت تھی' اس کے بال' اس کی آنکھیں' اس کے ہونٹ' اس کا چہرہ' اس کا جسم اپنے حسن میں بے مثال تھا لیکن۔۔۔!!! یقین جانیے! وہ جن جس وقت یہ بات سنا رہا تھا' رو رہا تھا۔ میں اور وہ شامی عالم اس کو حیرت سے دیکھ رہے تھے۔ اس کی ہچکی بندھ گئی۔ کہنے لگا یقین جانیے: اس کا حسن اور احساس بالکل ختم ہو گیا' میں بے حس ہو گیا' میرے دل میں خود روحانیت' نورانیت اور ندامت نے جگہ لے لی اور میرے بھی آنسو بہنے شروع ہو گئے۔ میں نے اس کی منت کی اور اس سے کہا کہ مجھے بتاؤ کہ تمہارے پاس کیا ہے؟ آخر کار وہ عورت بولی: مجھے میرے والد نے نصیحت کی جب بھی ایسی کوئی صورتحال ہو سانس روک کر یاقہارُ پڑھنا شروع کر دو' جس وقت تو اٹھا کر لایا میں بے بس تھی بس میں نے یاقہارُ پڑھنا شروع کر دیا اور اب تک نامعلوم کتنے سو دفعہ میں یاقہارُ پڑھ چکی ہوں اور میں مسلسل یاقہارُ پڑھتی چلی جا رہی ہوں۔ یاقہارُ نے مجھے ہمیشہ حفاظت دی' میری چچازاد بہن کے ساتھ بھی یہی معاملہ ہوا تھا اس کو بھی یاقہارُ نے بچایا' بڑھتے ہاتھ رک گئے' چلتے قدم ٹوٹ گئے اور اٹھتی انگلیاں کٹ گئیں۔ یاقہارُ نے ہمیشہ اپنا کرشمہ کمال اور تاثیر دکھائی۔

## بس میرے دل کی کایا پلٹی اور۔۔۔!

وہ جن کہنے لگا: بس اس کے بعد میرے دل کی کایا پلٹی' اس کو احترام سے جہاں سے اٹھایا تھا پہنچا دیا۔ اس کے بعد میں نے یاقہارُ پڑھنا شروع کر دیا جس دن سے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یاقہّارُ پڑھنا شروع کیا۔ میرے اندر کی شیطانیت روحانیت میں بدل گئی' ظلمت نور میں بدل گئی' میرے اندر یاقہّارُ کا ایسا عکس آیا' میں گناہوں کی زندگی سے دور ہو گیا۔ بربادی کی زندگی سے دور ہو گیا۔ میرا دل ہر وقت درود پاک ذکر' نماز' قرآن' تسبیح' مخلوق کی خدمت' احترام اور درگزر پر آ گیا اور پھر وہ خود جن کہنے لگا جس کو غصہ بہت زیادہ آتا ہو جس کے مزاج میں بدخلقی' چڑچڑاپن اور تنگ مزاجی ہو تو اسے چاہیے کہ وہ یاقہّارُ کا ورد کرے اور یاقہّارُ کا ایسا ورد کرے کہ دن رات یاقہّارُ ہی پڑھے۔ ورنہ کم از کم ہر نماز کے بعد ایک تسبیح یاقہّارُ پڑھے' ہاں پڑھتے ہوئے تصور ضرور کرے کہ اس کا تعلق اللہ سے جڑ رہا اور اس یاقہّارُ کے کمالات اتنے زیادہ کہ اس کا غصہ' چڑچڑاپن' تنگ مزاجی' بدمزاجی اور بدخلقی ختم ہو رہی۔ اگر اتنا بھی نہیں کر سکتا کہ جس وقت غصے کی کیفیت ہو اس وقت یاقہّارُ سانس روک کر پڑھنا شروع کر دے بس یاقہّارُ سے اس کو وہ کمال ملے گا کہ شاید کبھی سوچا ہی نہ ہو۔

## اگر اپنی نئی نسل کو بچانا ہے تو۔۔۔

یاقہّارُ زندگی ہے' موت سے نکالنے' بربادی سے نکالنے' پریشانیوں سے نکالنے کیلئے ایک ذکر ہے' وہ جن رو رہا تھا اور مسلسل یہ باتیں کہے جا رہا تھا۔ کہنے لگا: اگر اپنی نئی نسل کو بچانا ہے جنات یا انسان کی ان نسلوں کو یاقہّارُ کا ورد ضرور بتائیں۔ اگر اپنے چھوٹے سے بچوں پر یاقہّارُ کی تسبیح پڑھ کر دم کر دیں' بہت فائدہ ہوگا' نسلیں باغی نہیں ہوں گی اگر باغی ہیں تو ان کی اصلاح ہو جائے اور نسلوں کے اندر خلوص محبت پیار سچائی ادب اور خیر خواہی بڑھتی چلی جائے گی اور نسلیں ایک دوسرے کے بارے میں سچی محبت پر آ جائیں گی۔ وہ جن اپنی بات کہہ کر اجازت لے کر بھیگی آنکھوں کے ساتھ چلا گیا۔ میں اس کی بات سن کر حیران تھا بلکہ اس حیرت کا اظہار اس عرب شامی عالم نے بھی کیا۔

## یاقہّارُ کی انوکھی تاثیر اور سچائی

کہنے لگے: اس نے کمال کا واقعہ اور تاثیر بتائی' وہ عرب شامی عالم پھر اپنی بات پر

www.iqbalkalmati.blogspot.com



آ گئے۔ کہنے لگے: میں نے واقعی یاقہارُ ایک انوکھی تاثیر اور سچائی پر پایا۔ میں نے یاقہارُ کو تقویٰ کیلئے گناہوں سے چھٹکارا کیلئے حتیٰ کہ جھوٹ دھوکہ اور کسی کے مزاج میں مسلسل بددیانتی بڑھتی ہوئی ہو اور ایک دن اسے احساس ہو کہ مجھے اب جھوٹ' دھوکہ' بددیانتی اور خیانت کو چھوڑنا ہے۔ وہ یاقہارُ کا سہارا لے۔ شامی عالم بتانے لگے جب سے میں نے یاقہارُ پڑھنا شروع کیا' اس کو مسلسل پڑھا اس کی تاثیر ایک تو انوکھی یہ کھلی کہ مجھ پر وہ نورانیت کے راز کھلے جو شاید میں اپنی زبان سے نہ بتاسکوں اور وہ روحانیت کی برکت والی چیزیں کھلیں جو مجھے خود سمجھ نہیں آئیں۔ میں کیسے بتاؤں یاقہارُ کو پڑھنے سے میری کالی دنیا' نورانیت اور سفیدی میں بدلی۔ پھر ایک چیز فرمانے لگے: دن کے کسی حصے میں جب آپ کچھ لمحے کیلئے فارغ ہوں' اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر صرف ایک تسبیح ٹھہر ٹھہر کر نہایت دھیان سے اور نہایت توجہ سے اور نہایت خشوع سے یاقہارُ کی پڑھیں۔ بس آپ یاقہارُ پڑھتے جائیں گے دل کے اندر روحانیت نورانیت بڑھتی چلی جائے' ذلت' ظلمت اور گناہوں کی سیاہی کٹتی چلی جائے گی اور گھٹتی چلی جائے گی اور ڈھلتی چلی جائے گی۔

## نوجوان کی کہانی

فرمانے لگے: ایک جوان میرے پاس آیا اس کے تین بچے تھے' نیک بیوی تھی۔ وہ کہنے لگا میرا جی چاہتا ہے کہ میں اپنی بیوی کے قریب نہ جاؤں' غلط عورتوں اور غلط نوجوانوں کے قریب جاؤں بلکہ کہنے لگا کہ سچ پوچھیں کہ میرا عورت کے قریب جانے کو دل ہی نہیں چاہتا' قوم لوط کے عمل کی طرف میری رغبت ہے اور میرا نوجوانوں کی طرف جانے کو دل چاہتا ہے۔ میں بے بس ہوں اور وہ دھاڑیں مار مار کر رونے لگا۔ شامی عالم فرمانے لگے: میں نے اس کو تسلی دی کہ انشاءاللہ تو خود دیکھے گا کہ تجھے اس چیز سے نجات ملے گی اور تیری طبیعت اس سے بیزاری ہو اور تو خود دیکھے گا کہ تیری حفاظت بھی ہوگی اور سابقہ گناہوں کا کفارہ بھی ہوگا اور تیری طبیعت میں سکون اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بالکل طبیعت نیک ہو جائے گی۔

پھر میں نے اسے سانس روک کر یاقہّارُ کے عمل کی ترتیب بتائی جب بھی طبیعت اس گناہ کی طرف مائل ہو بس تو سانس روک کر یاقہّارُ پڑھ' جب مجبوراً تجھے سانس توڑنا پڑے تصور میں اپنے دل پر پھونک مار اور دل کی طرف توجہ کر کے ایسی پھونک مار اور خیال کر کہ میرا دل اس ذلت سے نکل جائے۔ میں نے اسے تسلی دی اور اسے یاقہّارُ پڑھ کر دم بھی کیا اور کہا جا اور یہ کر اور چند ہفتوں کے بعد ضرور آنا اور ضرور بتانا کہ تجھے اس کا کیا فائدہ ہوا۔

## توبہ وندامت کے آثار

وہ چلا گیا بس چند ہفتوں کے بعد آیا تو میں نے اس کے چہرے کو دیکھتے ہوئے محسوس کیا کہ اس کے چہرے پر آثار توبہ ہے اور ندامت کے آثار ہیں' گناہوں سے نکلنے کی کیفیت ہے' دین پر آنے کا مزاج اور طبیعت یوں اس کا چہرہ نورانی محسوس ہوا اور اس کی طبیعت میں نرمی محسوس ہوئی۔

میں نے آتے ہی اس سے پوچھا کیا ہوا؟ اس نے میرا ہاتھ تھاما میری پیشانی پر بوسہ دیا اور کہنے لگا کہ بس وہی ہوا جو آپ نے فرمایا تھا۔

## کوئی طاقت تھی جو گناہ سے روکتی تھی

میرا ایک دوست تھا میں مسلسل سالہا سال سے گناہوں میں مبتلا تھا' میں اس کے پاس گیا اور میرا پورا ارادہ گناہ کا تھا اچانک آپ کی بات یاد آئی' میں نے صرف آزمانے کی غرض سے اس کو پڑھا' سانس روک کر جبر کر کے پڑھا' کوئی طاقت تھی جو مجھے نہیں پڑھنے دے رہی تھی' جبر کیا سانس روکا اور پھر کیا تھا اور اس کے پڑھتے ہی میرے اندر ایک انقلاب پیدا ہوا بس مجھے احساس ہوا کہ کچھ فائدہ ہو رہا' میں نے اس کو پھر پڑھا اور پھر پڑھا۔۔۔ اور پڑھا۔۔۔ اور ہر بار سانس روک کر پڑھا۔۔۔ سانس روک کر پڑھنے سے میرے اندر ایک کیفیت اور احساس پیدا ہوا اور میں گناہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سے نکلنے لگا مجھے محسوس ہوا کوئی جادو ہے جو ٹوٹ رہا' میرے قدم ہیں جو ہٹ رہے ہیں اور میری طبیعت میں نورانیت بڑھ رہی ہے' میں مطمئن ہوا میں وہاں سے ہٹتے ہوئے مجھے احساس کے آنسو چھور ہے تھے اور میں وہاں سے نکلا۔ بس یہ پہلا واقعہ تھا' اس کے بعد مجھے جب گمان خیال اور گناہوں کے تصور نے گھیرا تو میں اسی کو پڑھنے لگ گیا اور اسی کو پڑھتا جاتا تھا اور میں اس سے نکلتا جاتا تھا اور میری طبیعت اس سے نکلتے نکلتے آخر کار نکل آئی' اب بھی کبھی وہ خیال انگڑائی لیتا ہے۔ وہ سوچیں گھیرتی ہیں لیکن میں مسلسل یاقہارُ پڑھتا چلا رہا ہوں اور اس ورد کی طرف بڑھتا جار ہا ہوں' اب عالم یہ ہے کہ گناہ سے بڑھ کر اور قوم لوط سے بڑھ کر قابل نفرت کوئی عمل اس وقت میرے پاس نہیں۔ میرا جی چاہتا ہے کہ میں سجدے میں رہوں' نیکی کروں' جی چاہتا ہے کہ جی بھر روؤں کہ میں نے گزشتہ زندگی کیسے گزاری؟

## امام محمد باقر رحمۃ اللہ علیہ کا ملفوظ

شامی عالم کہنے لگے آج وہ جوان نیک ہے' صالح ہے' خلوص نیکی اور تقویٰ اسکی پیشانی سے مسلسل ٹپکتا ہے۔ وہ کہنے لگے میری زندگی میں سینکڑوں بلکہ ہزاروں لوگ ایسے آئے جن کو میں نے لفظ یاقہارُ سے نیکی تقویٰ اور طہارت کی طرف جاتے دیکھا پھر ٹھنڈی سانس بھر کر کہنے لگے میری نظر سے ایک کتاب گزری وہاں میں نے امام محمد باقر رحمۃ اللہ علیہ کا ایک ملفوظ پڑھا وہ یہ تھا کہ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ گناہوں کے پہاڑ اس کے کیلئے رائی کے برابر ہو جائیں یعنی ذرے کے برابر ہو جائیں کہ گناہوں کا سمندر ایک نورانی کشتی سے وہ پار کر جائے اور گناہوں کے سمندر کا ایک سیاہ قطرہ بھی اس کے جسم کو نہ چھوئے اور جو شخص یہ چاہتا ہے کہ گناہوں کے بادل برسے بغیر اس سے ہٹ جائیں اور بادل کا ایک سیاہ قطرہ بھی اس کے جسم اور لباس کو داغ دار نہ کرے اور جو شخص یہ چاہتا ہے کہ گناہوں کی منہ زور آندھی اپنا رخ بدل لے اور اسے ایک جھونکا بھی نہ لگے اور جو شخص یہ چاہتا ہے کہ گناہوں کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



آسمان اس کی طرف منہ ہی نہ کریں اور جو شخص یہ چاہتا ہے کہ گناہوں کے جنگل میں چلتے ہوئے بھی گناہ کا ایک کانٹا بھی اسے نہ چبھے اور ایک درندہ اسے نہ سونگھے اور اس کی طبیعت میں پاکیزگی رہے تو اسے چاہیے کہ وہ لفظ یاقھّارُ سے دوستی لگائے۔

## نیکی کی طرف لانے کا وظیفہ

وہ شامی عالم کہنے لگے جب سے میں نے امام اہل بیت رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول پڑھا ہے اس دن سے میں نے اپنی زندگی کو یاقھّارُ کے ساتھ منسلک کر لیا ہے میں یاقھّارُ کو ضرور پڑھتا ہوں میں یاقھّارُ کے ساتھ دوستی ضرور لگاتا ہوں اور ہر اس شخص کو جو زندگی میں پڑھنے والا ہے اس کی تاثیر اس سے پوچھتا بھی ہوں تاکہ میرا ایمان بڑھتا چلا جائے اور جو نیکی کی طرف آنا چاہتا ہے اس کو میں نیکی کی طرف لانے کیلئے یاقھّارُ کا وظیفہ دیتا ہوں۔ میرے پاس ایک نہیں بے شمار واقعات ہیں میں کتنے واقعات بتاؤں۔

قارئین! رات گزر گئی، ہم باتیں کیے جا رہے تھے حتیٰ کہ شام اور میدان کربلا کی ہوائیں جن میں غنودگی تھی انہوں نے مجھے چھونا شروع کیا، میں نے سحری کرنی تھی مجھے گھر واپس آنا تھا میں ان کی ادھوری گفتگو چھوڑ کر گھر کی طرف لوٹا اور پھر اگلی ملاقات کیلئے ان سے وقت کی ترتیب بنائی اور انہوں نے پھر یاقھّارُ کے مزید انوکھے فائدے بتائے جو قارئین کو ضرور بتاؤں۔ ابھی تو میں نے پہلا فائدہ بتایا ہے اور پہلا فائدہ ہی اتنا کمال ہے کہ اس کا کمال اور برکت سمیٹ نہ سکا اور اس کی خیر کیسے سمیٹ سکتا ہوں۔ اللہ کا نام ہے، اللہ بے مثل و باکمال ہے اور اللہ کے نام کی شان میں کیسے سمیٹ سکتا ہوں بس باقی آئندہ ضرور اور ہاں ایک ادھار ہے کہ بغدادی جن کا ایک حل خزانہ نکالنے کیلئے وہ میں آپ کو ضرور بتاؤں وہ قارئین کی امانت ہے اور میرا وعدہ ہے کہ شاید میری اس بات سے کوئی بے بس، کوئی مفلس، کوئی فقیر اور غریب کوئی نادار غنی بن جائے، مالدار بن جائے اور وہ اپنے مال کو بے کسوں غریبوں مفلسوں اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com


ناداروں میں لوٹائے اور اللہ کی رضا کیلئے سخاوت کا مزاج پالے۔ انشاء اللہ ضرور بتاؤں گا۔ (جاری ہے)

OOOOO

## تھال میں پاؤں رکھ کر یاقہارُ کے خاص الخاص عمل کا طریقہ

کچا برتن' پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔ چار پائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبولیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبولیں' پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یاقہارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے' جس گناہ سے' جس عیب سے' جس بدکاری سے' یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ پڑھنا شروع کر دیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو' قبلہ رخ بیٹھ کر' پانی روز بدلنا ہے' اس پانی کو گرا دیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے' گیارہ دن' اکیس دن' اکہتر دن' اکانوے دن۔ آپ پڑھیں۔ صبح و شام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہوگا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔

### یاقہارُ کے نقش کا عمل درج ذیل ہے

جو شخص یاقہارُ کو جدا جدا حرف میں لکھے یعنی ''ی'' علیحدہ، ''ا'' علیحدہ، ''ق'' علیحدہ، ''ہ'' علیحدہ، پھر ''ا'' علیحدہ، اور ''ر'' علیحدہ اور پھر اسی طرح دوسری دفعہ یعنی کل اکتالیس دفعہ جدا جدا حروف میں لکھے اور کالی سیاہی گھلنے والی ہو جو پانی میں گھل جائے اس کو تعویذ بنا کر گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں' پی بھی سکتے ہیں اور اپنے تکیے کے اندر بھی رکھ سکتے ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

OOOOO